SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور وہ خود سوہا کے تمام ترسیا ہ وسفید کا مالک بن بیٹھا ہوں اور سوہا اس کی مکمل ذمہ داری ٹھہرا دی گئ ہو ۔۔

سوہا کا ہاتھ ڈریسر پہ رکھے ہیئر برش کی طرف اٹھا تھا جو مصطفی نے اس کے اٹھانے سے پہلے ہی اپنی تحویل میں لےلیا ۔۔

تمہارے بال بہت الجھے ہوئے ہیں تم سارے بالوں کو سلجھانے کے چکر میں ستیا ناس ماردوگی۔ ۔۔

!!!لاؤں میں سلجھا دو۔ ۔

!!میں آپ کی جاگیر نہیں ہوں۔۔۔۔

" آپ کا کام ہے جہاز اڑانا نہ کہ میری زلفیں سنوارنا اس لئے جو کام آپ جانتے ہیں وہی کام کریں تو زیادہ بہتر ہے "۔

" مجھے میرے حال پہ چھوڑ دیں یہ آپ کا مجھ پہ بہت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بڑا احسان ہوگا "....

وہ شدید خفا خفا سے لہجے میں بولی تھی ..

اسکو مصطفی کا حددرجہ خیال کرتا انداز ذرا جو ایک آنکھ بہا رہا تھا ۔

یہ میری ذات ہے اور میں اپنے کام خود کر سکتی ہو ' برائے مہربانی مسٹر کھڑوس پائلیٹ آپ اپنی لمٹس میں رہیے"..

!!!یہ میرے اور آپ ...ہم دونوں کے لئے بہتر ہے .....

وہ خود سری اور انتہائی جھنجلا ہٹ سے پر لہجے میں بولی ...

چھوٹی سی ستواں ناک ٹھنڈاور غصے کی وجہ سے مزید سرخ ہو چکی تھی ..

یہ تو میرے لئے ممکن نہیں ہے اور فی الحال اس " وقت تو تم میرے ہی ریسٹ ہاؤس میں !!میرے پاس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہو!! اس لئے تم میری ذمہ داری ہو اور میری لمیٹیشن کا تعین تم نا ہی کرو تو بہتر ہے "-----

" تمہاری نہ ہی عمر ہے اتنی بڑی بڑی باتیں کرنے کی اور نہ ہی تمہارا دماغ کہ تم بہت گہری باتیں سوچو اور کہو۔"

میری خودساختہ حدود بندی کرنے کی مت کوشش کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ تم میری حدود بناتے بباتے ابھی سے مسز سوہا مصطفی کہلوانے نہ لگو" ----

" چلو اب شاباش سونے کی سوچو اور میرے خوبصورت خیالوں میں نیند کو گلے لگا کرسوجا ئو تاکہ خواب بھی میرے ہی سجے تمہاری پلکوں پہ ---"

آپ نے اس نازک سے وجود کو آرام دو تاکہ تمہارا چھوٹا سا دماغ بھی پر سکون ہو اور جلد ٹھکانے پر آئے ---

وہ اسکے ریشمی بالوں کو سلجھا کر پشت پہ کھلا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چھوڑ چکا تھا اور برہم لہجے میں اس کو بہت کچھ باور کرا چکا تھا ---

آخر میں اس گال تھپتھپا کر بیڈ پہ جالیٹا --

اینی ویز ہیپی 17برتھڈے ٹو یو مائی اسنوکوئین --"-"

او ہاں اگر بیٹھے بیٹھے تھک جاؤ تو آکر لیٹ جانا --

میں کوئی شیر نہیں ہو جو تمہیں کچا نکل جاؤں گا ----"

!!!!!ابھی بہت وقت ہے تمہارے پاس ---

میں تمہیں خود ابھی کافی وقت دو نگا تمہارے بڑا "ہونے کے لیے ----"

وہ معنی خیز لہجے میں مسکرا کر بولا جبکہ سوہا اس کو پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی --

پہلا جھٹکا تو اس کو یہ لگا تھا کہ آج اس کی برتھ دے ہے یہ خود بھی بھول بیٹھی تھی۔ --

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جبکہ دوسرا جھٹکا اسکو مصطفی کی معنی خیز بات تو سے لگا تھا ---

ویسے میں جانتا ہوں کہ تم بڑی نہیں بلکہ بہت بڑی " ہو چکی ہو"---

مگر کیا ہے نہ میں امانت میں خیانت کرنے کا قائل نہیں ہوں اور پھر امانت بھی وہ جو میری ہے --"

لوہ دیتی نظروں سے وہ سوہا کو دیکھتااپنی نظروں میں بسا گیا اور اپنی بات کہہ کے کروٹ بدل کر سونے کے لیے لیٹ چکا تھا۔ ---

□□□

کون ہو تم؟؟؟

کیا چاہتے ہو ؟؟؟

مجھے یہاں کیوں لائے ہو؟؟؟؟

لائبہ ڈرتے ہوئے کانپتے لہجے میں کہہ رہی تھی آنکھوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں وحشت ناچ رہی تھی چہرہ پہ خوف و ہراد کے سائے کالے بادلوں کی طرح منڈلا رہے تھے ۔۔

اپنی عزت مٹی میں ملتی ہوئی نظر آ رہی تھی ۔۔

دامن پر سیاہ داغ لگا بہت بد نمادکھ رہا تھا ۔۔

وہ دل میں صرف خدا سے اس وقت اپنے لئے موت مانگ رہی تھی۔۔۔

میں کون ہوں؟؟؟؟

ھاھاھا بے ہنگم قہقہ فضا میں بلند ہوا ۔

"میں تم جیسی تتلیوں کا شکار کرنے والا گد ھ ہوں ۔۔"

اور دیکھو میری قسمت کہ آج بھی اتنی خوبصورت "تتلی میرے شکنجے میں آئی ہے ۔۔"

میں تو آج پھر سے اپنی شام رنگین کرنے ہیرا منڈی کا " رخ کرنے جا رہا تھا مگر راستے میں تو ٹکرا گئی۔۔۔۔۔

ھاھاھا۔۔۔!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ خباثت سے کہتا ہنستے ہوئےشرٹ کے بٹن کھول رہا تھا ..

لائبہ نے عالم وہشت میں اس آوارہ اور بے کردار شخص کو دیکھا جو دیکھنے میں کسی اچھے ہائی کلاس گھرانے کا مہذب شہری لگ رہا تھا ..

عمر میں وہ 40 سے45کے قریب تھا ..

مگر لائبہ کو حیرت اس بات کی تھی کہ وہ ان دونوں لڑکوں میں سے ایک بھی نہیں تھا جو اس کو اغواہ کرکے لے کر آئے تھے یا پھر شاید اس کی ہائی روف میں بیٹھے مزید کسی اور فرد پہ نظر ہی نہیں پڑھ سکی تھی یا پھر اس کو مہلت ہی اتنی ہی دی گئی تھی !! ..

مجھے جانے دو ....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے تمہارا کیا بگاڑا ہے؟؟

تم مجھے یہاں سے جانے دو میں وعدہ کرتی ہوں میں کسی کو بھی تمہارے بارے میں نہیں بتاؤ گی ...!!

تمہارے بتانے یا نہ بتانے سے بھی مجھے کوئی فرق " نہیں پڑنے والا کیونکہ میرا اس شہر کی پولیس تو کیا بڑے سے بڑا آدمی بھی بال تک باکا نہیں کرسکتا۔ "۔

دیکھ لڑکی تیری بہتری اسی میں ہے کے بغیر شورشرابہ اور فساد کیے میرے وقت کو رنگین کر اور تو بھی جا اپنے گھر میں بھی جاؤں موج کرکے خوش کر دے چل شاباش مجھے ..."

اگر سیدھے طریقے سی نہیں مانتی تو میرے پاس اور بھی بہت سے ہتھیار ہے تجھے زیر کرنے کے اور ویسے بھی ہم تجھے جس سڑک سے اٹھا کر لائے ہیں میرا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وعدہ ہے کہ اگر تو میری بات خاموشی اور بہ چوشی مانتی ہے تو !!میں تجھے خود اس جگہ چھوڑ کر آؤں نگا جہاں سے اٹھا کر میرے بندے تجھے لے کر آئے ہیں ..."

صرف چند گھنٹوں کا کھیل ہے تو میرے یہ چند گھنٹے " عیاشی سے گزار دے پھر نہ میں تجھے جانتا ہوں نہ تم مجھے جانتی ہے ۔"

وہ مکرمہ قہقہ لگا کے ہنسنے لگا۔ ..

لائبہ کو اپنی ان آبرو کی بربادی بہت قریب محسوس ہو رہی تھی ..

واقعی لڑکیوں کو حد درجہ خود سر اور بولڈنہیں ہونا چاہیے ..

امی آپ ٹھیک کہتی تھیں کہ کبھی بھی لڑکیوں کو یوں اس طرح کسی کو بھی بتائے بغیر سر جھاڑ منہ پھاڑ گھر سے باہر نکلنا ہی نہیں چاہیے"...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باہر گھات لگائے درندے ان کی تاک لگائے بیٹھے ہوتے ہیں شکار کیلئے ۔۔

یہی میرے ساتھ ہوا ہے" ۔۔"

آپکی نافرمانی کی ازیت ناک سزا میرے نصیب میں لکھی جاچکی ہے۔ ۔۔!!!

وہ سوچ کر رہ گئی وہ خود قصوروار تھی اپنے انجام کی ---

مجھ پر رحم کرو مجھے جانے دو۔۔!!

تمہارے گھر میں بھی تو تمہاری بہن ہو گی۔۔۔۔۔

زبان کو لگام دے۔۔!!

میری بہن تیری طرح منہ اندھیرے اپنے یاروں سے " ملنے کے لئے سڑک پر نہیں گھوما کرتی ہے" ۔۔

وہ غرایا۔ ۔۔

لائبہ کا دل اس کی کرختگی پہ چڑیا کی طرح سکڑا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ شخص اب دو قدم فاصلہ ٹاپ کر استک پہنچ چکا تھا ۔۔

نن۔ ۔۔۔نہیں رحم کرو مجھے جانے دو مجھے ہاتھ مت لگانا ۔۔۔۔!!

!!!!تمہیں خدا کا واسطہ میرے قریب مت آنا ۔۔

وہ رو رہی تھی اپنے لیے رحم طلب کر رہی تھی مگر وہاں کون رحمدل تھا جو اس پر ترس کھاتا سامنے موجود شخص تو تھا ہی اس گندگی کے ڈھیر کا پرانہ کھلاڑی ۔۔۔

!!!شششش۔ ۔۔

اس شخص نے انگشت شہادت اس کے لبوں پے رکھ کر اپنی لال بے رحم آنکھوں سے اس کو چپ رہنے کا اشارہ کیا تھا ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جبکہ لائبہ پیچھے کو کھسک رہی تھی پورا وجود اس کا خوف و ہراس سےسرد پڑھ رہا تھا ....

!!!بے بسی سی بے بسی تھی...

مزید اب پیچھے کھسکنے کی بھی جگہ باقی نہ رہی تھی ...

لائبہ کے پاس کوئی جائےفرار تک نہ بچی تھی وہاں اس کی سسکیاں سننے والا کوئی بھی نہ تھا ....

!!!!کوئی بھی تو نہیں تھا ...

اس شخص نے ایک جھٹکے سے لائبہ کےگلے کا دوپٹہ اتار کر دور اچھالا تھا وہ بہت کھولتی ہوئی خواہشات کے تلاطم سے سرشار اس کی جانب بڑھا تھا ...

دیکھو مجھے تم سنگسار مت کرو میرا آبرو کو یوں "اس طرح پامال مت کرو ..."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھ سے سر اٹھا کر جینے کا حق مت چھینو خدا کے " لئے مجھ پر رحم کر دو" ...

میں تمہیں جتنے پیسے تم کہو گے مصطفی بھائی " سے دلوں اوگی"-----

وہ گڑگڑا رہی تھی فریاد کر رہی تھی مگر اس کی ہر فریاد رائیگاں گئی وہ اس بے رحم گدھ کے پروں میں بری طرح سے پھنس چکی تھی ...

اس کے مضبوط پر اس کا پورا بدن اپنے اندر چھپا گئے تھے اس کے آنسو سمندر میں شبنم کی مانند گھل چکے تھے..

سسکیاں فضا میں گونج کر بے صدا ہو گئی تھیں ..

لائبہ کیسی سہمی ہوئی چڑیا کی مانند ذلت و رسوائی کے اٹھا سمندر میں غوطے لگاتے ہوئے ہوش و خرد سے بیگانہ ہو گئی تھی...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ شخص اس پر درندوں کی طرح جھکا رہا اور اپنی ہوس پوری کرتا رہا ----

□□□

عمر پاگلوں کی طرح ادھر سے ادھر لائبہ کو تلاش کر رہا تھا پچھلے ڈیڑھ گھنٹے سے -----

سی سی ٹی وی ویڈیو سے اس کو اتنا تو علم ہو ہی گیا تھا کہ ایک ہائی روف لائبہ کو اغوا کرکے لے گئی ہے مگر نمبر پلیٹ پہ کپڑا چڑھا ہونے کی وجہ سے وہ استک پہنچنے سے قاصرتھا اسی لئے اسنے پھر اپنے دوست کی مدر لینے کی سوچی تھی۔ --

یار میری تو کچھ سمجھ نہیں آرہا کس طرح لائبہ کو ڈھونڈوں؟؟؟؟

وہ فون پر اپنے دوست اور ایس پی سے مخاطب تھا۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم پریشان نہ ہو سی سی ٹی وی ویڈیو میں دیکھ چکا ہوں ڈھونڈ لیں گے جلدہی ۔۔

اس کا فون کس کے پاس ہے؟؟؟؟

مطلب کے گھر میں ہے یا اسی کے پاس ہے ؟؟؟

ایس پی احمر کو سوچتے ہوئے پوچھ رہا تھا ۔۔۔۔

سوہا کا فون ۔۔۔۔۔

!!!اس کے پاس ہی ہوگا ۔۔۔

یکدم اس کے ذہن میں ایک چھناکاسہ ہوا تھا احمر میں تم سے کچھ ہی دیر میں دوبارہ کال پہ بات کرتا ہوں ۔۔!!!

عمر نے دوسری طرف کی بات سنے بغیر جلدی سے فون ڈسکنکٹ کیا تھا اب وہ اپنے فون میں گوگل میپ کھول کر کچھ تلاش کر رہا تھا جلد ہی وہ اپنی مطلوبہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جگہ تلاش کر چکا تھا عمر کے چہرے پر ایک دفعہ پھر زندگی کی رمق ابھری تھی ---

جس رات الائبہ کو لے کر اسلام آباد سے کراچی آ رہے تھے گاڑی خراب ہونے کے بعد جب ان دونوں نے ایک ہوٹل میں پناہ لی تھی تب عمر کے چھوٹے سے مذاق کے بعد لائبہ بری طرح بھڑک اٹھی تھی اور اکیلے کراچی جانے کی ضد کر رہی تھی----

تب اس نے نہ جانے کس خیال کے تحت لائبہ کے سونے کے بعد اس کے موبائل میں لوکیشن ٹریکر سیٹ کردیا تھا ---!!!!

□□□□

□□□

حماد ولا" کہنے کو تو حویلی تھی مگر کسی محل "
سے کم نہ تھا --

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فجر وائٹ اور بیچ رنگ کے کرتی اور ٹرا وزر کے ساتھ بڑا سا شال نما دوپٹہ سر پہ اچھی طرح جمائے نک سک سے تیار ہوئی بہت پیاری لگ رہی تھی ۔۔

دادو اور غزل نے ان دونوں کا استقبال بڑی دھوم دھام سے کیا تھا ۔۔۔

دادی نے غزل کو اعتماد میں لے کر سب کچھ بتا دیا تھا ۔وہ ایک سلجھی ہوئی اور اپنے بچوں کی خوشی میں خوش ہونے والی ماؤں میں سے تھی اور اس وقت بھی وہ پورے تپاک سے فجر سے مل رہی تھی فجر کا رویہ دادی اور ساس کے ساتھ بہت اچھا تھا ۔۔

حویلی کے تمام ملازموں نے اس نئے نویلی جوڑے کا بھرپور انداز میں استقبال کیا تھا سبھی نے فجر کے اوپر پھول نچھاور کیے تھے۔ غزل نے اپنی بہو کی نظر اتاری اور صدقہ خیرات وافر مقدار میں کر ڈالا تھا ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فجر کی آنکھوں میں اسقدر پیزیرائی پاکر نم ہو گئی تھیں۔

کتنی پیاری خوشبو تھی غزل کی فجر کو لگا تھا جیسے وہ اپنی اماں کی آغوش میں آ گئی ہوغزل کے گلے لگانے سے ۔۔

ان دونوں کو گاؤں پہنچتے پہنچتے رات کے نو بجے کے قریب کا وقت ہوچکا تھا ۔۔

دادی بابا کہاں ہے ؟؟

ارمغان نے ماں کے گلے سے لگتے ہوئے سرگوشی کی تھی ----

بیٹا وہ تو عشاء کی نماز ادا کر کے سونے کے لئے اپنے " کمرے میں چلے گئے ہیں اب تم ان سے صبح ہی ملنا ---"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

غزل نےاس وقت جیسے ان دونوں کو حماد صاحب سے ملنے سے روکا تھا۔ وہ بہت غصہ میں تھے ارمغان کی شادی کی خبر اپنی ماں سے سن کر یہی وجہ تھی کہ وہ اس وقت باہر بھی نہیں آئےتھے اپنی خوابگاہ سے ...

تم دونوں فریش ہو کر آ جاؤ میں کھانا لگواتی ہوں"..."

غزل نے محبت پاش نظروں سے بہو اور بیٹے کو دیکھ کر کہا تھا ...

نہیں امی کھانا ہم نہیں کھائیں گے راستے میں کھانا " کھا لیا ہے بس ابھی آرام کریں گے بہت دیر تھکن سی ہوگئی ہے اتنی دیر ڈرائیو کر کے "....

وہ پانچ گھنٹے کی ڈرائیونگ کر کے پہنچے تھے۔۔

چلو ٹھیک ہے بیٹا جس طرح تم دونوں مناسب " سمجھو "...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

غزل کے بجائے دادی نے کہا تھا اور ساتھ ہی ان دونوں کو ان کے کمرے میں جانے کا اشارہ کیا ۔۔

وہ دونوں دسدی اور غزل کی دعائیں لے کر اپنے بیڈ روم کی طرف بڑھ گئے ۔۔۔۔

رک جاؤ کس سے پوچھ کر تم اس کو حویلی میں لائے " ہو"۔۔۔

ابھی وہ دونوں سیڑھیوں کی طرف بڑھ ہی رہے تھے جب گرجدار آواز پورے ہال میں گونجی تھی فجر اور ارمغان کے قدم جکڑ گئی تھی ۔دونوں نے یکایک موڑ کر پیچھے دیکھا تھا جہاں حماد صاحب کلف لگے کرتا شلوار زیب تن کیے تمام تر غرور اور طنطنہ لیے بھرپور اشتعال میں ہاتھ میں سیگار سلگائے چہرے پہ شدید حقارت اور برہمی لیے کھڑے تھے ۔۔

فجر نے ارمغان کا ہاتھ مضبوطی سے تھاما تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جیسے خوفزدہ ہو کہ۔ ۔۔

کہیں اس کو حویلی سے حماد صاحب نکال ہی باہر " "نہ کرے ۔۔

ارمغان نے مضبوطی سے اس کے ہاتھ کو اپنی گرفت میں قید کیا تھا گویا دلاسہ دیا ہو کہ۔۔۔

میں تمہارے ساتھ ہوں گھبراؤ نہیں"۔۔۔ "

غزل اور دادی کا تو مانو خون ہی خشک ہو گیا تھا حماد کے خطرناک حد تک جارحانہ تیور دیکھ کر ۔۔

بابا سائیں فجر میری جائز اور شرعی بیوی ہے نکاح " کیا ہے میں نے اس سے یہ میرے ساتھ ہی رہے گی اب اس حویلی میں" ۔۔

ارمغان کا لہجہ مضبوط ضرور تھا مگرگستاخانہ ہر گز بھی نہ تھا۔ وہ اس وقت بھی باپ کے سامنے نظریں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جھکائے بہت طریقے سے تمام تر صورتحال کو سنبھالنے کی کوشش میں تھا ۔۔

دوسری طرف فجر کو لگ رہا تھا جیسے کچھ بہت ہی انہونا ہونے والا ہو۔

"میرے سامنے تو تم نے اس کو اپنی زوجیت میں نہیں لیا نا ۔۔۔؟"

" میں کیسے مان لو پھر اور دوسری بات کہ نہ ہی اس لڑکی کی ذات پات کا ہمیں کوئی علم ہے"

" نہ جانے کہا کی رہنے والی ہے ؟؟ "

کس کی اولاد ہے ؟؟؟

حماد صاحب بغیر لگی لپٹی رکھے بولتے چلے گئے ان کو اس بات کا بھی خیال نہ رہا کہ سامنے کھڑی لڑکی کے دل پر کیا گزری ہوگی ان کے اس تیر برساتے جملوں کی بدولت ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فجر کے پاس ان کے تمام سوالوں کے جواب تھے مگر وہ فی الحال مصلحتاً خاموش تھی۔ اس پل وہ کچھ بھی بول کر اپنا سکہ کھوٹا نہیں کرنا چاہتی تھی ۔فی الحال تو اس کو ارمغان کے سامنے بہت ہی سیدھا سادہ اور کم گو نظر آنے کی کوشش کرنا تھی ۔۔

"بابا میرے پاس نکاح نامہ ہے ۔۔"

تمام گواہوں اور وکیل کے سامنے میں نے نکاح پڑھایا " ہے فجر سے ۔۔"

اٹھا کر نہیں لایا ہوں میں اس کو اپنی زوجیت میں لے " کر ہی اس حویلی کی زینت بنایا ہے ۔۔"

جہاں تک رہی بات زات بات کی تو آپ کو اپنے بیٹے پر" اتنا اعتماد تو ہونا ہی چاہیے کہ وہ کوئی بھی غلط فیصلہ کبھی بھی نہیں کرے گا ۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ فجر پہ ایک پراعتماد اور تحفظ فراہم کرنے والی نظر ڈال کے تمام تر گفتگو باپ سے کرچکا تھا۔

ہمیں تم پہ اعتماد ہے مگر اس لڑکی پہ نہیں"۔۔"

آخر کو ہماری آنے والی نسلوں کا سوال ہے"۔۔۔۔ "

وہ فجر پہ ایک نظر حقارت کی ڈال کے بولے ۔

جس کے جواب میں فجر نے ارمغان کی اوٹ میں چھپ کر حماد صاحب کو دکھ سے دیکھا تھا ۔۔

گر جو وہ پہچان جاتے کہ وہ کون ہے تو کیا تب بھی ان کا سلوک اس کے ساتھ ایسا ہی ہوتا ؟؟؟

!!!ہرگز نہیں ۔۔

وہ سوچ کر رہ گئی مگر ایک خوف بھی زبان پر نہ لا سکی ۔۔۔

وہ چاہ کر بھی ابھی کسی کے سامنے اپنی شناخت آشکار کرنے سے قاصر تھی ۔ابھی وہ اپنے مقصد کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں پہنچی تھی ۔منزل ابھی دور تھی ۔یہ محبتیں تو اس کی قسمت میں تھیں جبھی تو اس کو مل چکی تھیں مگر ابھی ایک بہت بڑا امتحان باقی تھا ۔۔۔

!!!!بہت بڑا ۔۔۔

" بابا فجر میری پسند ہے اور اب اس حویلی کی عزت ۔۔"

وہ سپاٹ لہجے میں بولتا بہت کچھ جگا گیا تھا ۔۔

پسند ہے ٹھیک ہے "۔۔"

" جتنے دن دل بہلانا ہے بہلاؤ اور پھر اس کو جلد از جلد فارغ کرو ۔۔"

" چاہو تو منہ مانگی قیمت عطا کر دینا جو یہ فرمائش کرے آخر کرے" ۔

" آخر کو ہمارے اکلوتے چشم و چراغ کی منظوری نظر ہے "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حماد صاحب نے اب دماغ سے کام لینے کا فیصلہ کیا تھا کیونکہ ارمغان کی تیور بہت خطرناک تھے ۔۔

بس بابا میں اب ایک لفظ اور نہیں سنوں گا میرے نزدیک نکاح کوئی بچوں کا کھیل نہیں ہے جو جب چاہا "کر لیا اورجب جی بھر گیا ختم کر دیا ۔۔

میری ایک بیوی ہے فجر ارمغان اور ہمیشہ وہ ہی رہے " "گی ۔۔۔

غزل کی آنکھوں سے اشک رواں تھے اس کو باپ اور بیٹے کی تکرار میں بہت کچھ غلط ہوتا نظر آ رہا تھا شوہر کے غصے سے بھی واقف تھی اور بیٹے کی اصول پسند فطرت سے بھی۔ اس وقت صرف اس کو اپنی ساس سے ڈھارس ملی ہوئی تھی کہیں نہ کہیں معاملہ بگڑنے کی صورت میں اماں جان ھی حماد کو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سنبھال سکتی تھیں کسی بھی بڑے فیصلے سے نمٹنے کیلئے۔

"سوچ لو کیا تمہارا یہ آخری فیصلہ ہے؟"

ھماد چہرے پہ خاص چمک لیے بہت تیکھے لہجے میں بولے تھے ۔۔

"جی بالکل یہ میرا آخری فیصلہ ہےاور پھر میں بھی آپ کا بیٹا ہوں اپنی زبان سے نہیں پھرتا "۔۔۔

وہ واپس کمرےکی طرف بڑھنے لگا ۔۔

"ایک منٹ "۔۔۔۔!

حماد کی چنگھاڑتی آواز حویلی کے در و دیوار کو ہلا گئ تھی۔ ۔

"ایک فیصلہ تم نے کیا ہے "۔۔

"اب ذرا میرا بھی فیصلہ سنتے جاو"

ارمغان کے قدم ساقط ہوئے تھے وہ مڑے بغیر وہیں تھم

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چکا تھا جبکہ فجر کی ہتھیلیوں میں پسینہ پھوٹ پڑا تھا وہ جانتی تھی کہ حماد ذات پات کا کس قدر حساب کتاب رکھتے ہے ۔۔

اکسرسوچا کرتی تھی کہ ہوسکتا ہے کہ جو وہ سوچ رہی ہوں وہ صرف ایک سراب ہوں ۔۔۔

حقیقت اس سے یکسر مختلف ہو۔ ۔۔

ٹھیک ہے یا تو تم اس کو تین لفظ کہہ کر ابھی کے " ابھی فارغ کرو گے اور اسی وقت اس کو ہویلی سے باہر نکال دو گے اور اگر تم ایسا نہیں کرتے ہو تو دوسری صورت میں میں اپنی بیوی اور تمہاری ماں کو تین "لفظ کہہ کر کھڑے کھڑے آزاد کرنے کا حق رکھتا ہوں ۔۔۔

وہاں موجود تمام نفوسوں کے سر پہ گویا حماد نے برف کا بھاری تودا توڑا تھا سب اپنی اپنی جگہ جم کے رہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گئے تھے ---

□□□

وہ دس منٹ سے باہر گاڑی میں کوفت کا شکار ہارن پر ہارن دے رہا تھا مگر شفا کی تیاری مکمل ہونے کا نام ہی نہ لے رہی تھی۔۔

یار کیا ہے جلدی آؤ مجھے کیا اپنا ملازم سمجھ لیاہے" " ؟۔۔

مجھے اور بھی کام ہیں بہت سےمیں یہاں تمہاری " ڈرائیوری کرنے پر معمور نہیں ہوں "۔۔

وہ شفا کے نمبر پر فون کرکے شدید اکتائے ہوئے لہجے میں بولا تھا ۔۔

"بس آرہی ہو ۔۔"

وہ بالوں کو بلیو ڈرائر کرکے دوپٹہ بیڈ سے اٹھا کر ایک شانے پہ ڈالتی کمرے سے باہر نکلتے ہوئے بولی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جبکہ حمزہ جھنجلا کےکال ڈسکنیکٹ کرچکا تھا ۔۔

وہ داخلی دروازہ بند کرکے پر گیرج کی طرف آ رہی تھی جب لمحے بھر کے لیے حمزہ کی نظر ساکت سی رہ گئی تھی۔۔

اسٹائلش ہیئر کٹ فیروزی کرتی کے ساتھ کیپری اور نیٹ کا دوپٹہ ایک شاہ نےپہ لاپرواہی سے ڈالے وہ گاڑی کی طرف آ رہی تھی ۔۔

حمزہ کی نظروں نے بھرپور جائزہ لیا تھا اس کا مگر پھر کچھ سوچ کر وہ لب بھینچ گیا تھا چہرے پہ تناو پھیلا تھا ۔۔

!!!نو ویز ۔۔

"اس طرح تو بالکل بھی نہیں ---"

شفا گاڑی کا دروازہ کھول کر ہمزہ کے ساتھ والی سیٹ پر برجمان ہوچکی تھی وہ اپنی ہی دھن میں تھے حمزہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے چہرے کے برہم تاثرات کو محسوس ھی نہ کرسکی
--

سوری لیٹ ہو گیا شاور لینے کے بعدبلیو ڈرائیر وغیرہ "
"نے تھوڑا ٹائم لے لیا --

وہ اپنی ہانکنےمیں مصروف تھی--

تمہارے پاس شال نہیں ہے؟؟؟ --

وہ انگیشن میں چابی گھما کے گاڑی اسٹارٹ کرتے ہوئے
قدرے تھیکے لہجہ میں دریافت کر رہا تھا ---

شال کے ذریعے ہی دوپٹہ ہے نا اور آج کل ویسے بھی "
نیٹ کے دوپٹے بہت ان ہیں "۔

وہ ایک ادا سے اپنے تمام بالوں کو دائیں شانے پہ ڈال
کے بولی --

تمہارے پاس شال نہیں تھی گھر میں کیا ؟"۔"

ہمزاد کی تیز آواز گاڑی میں گو نجی تھی--

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شال تو تھی مگر آپ کے گھر میں نہیں میرے میکے "
میں تھی"۔۔

اب اگر وہ منگواتی تو پھر آپ ہی نے شور کرنا تھا دیر "
ہو گئی دیر ہو گئی کا" ۔۔۔

وہ بڑے مزے سے بولی ۔۔

ٹھیک ہے دیر تو اب واقعی ہوگئی ہے"۔"

وہ معنی خیز لہجے میں بولتا ڈیش بورڈ کھول کہ اس
میں سے ڈائری اور پین اس کی طرف بڑھا کر بولا ۔۔

یہ ۔۔۔؟؟؟؟

اس میں لکھوں کیا میں۔؟؟

نہ سمجھیں سے پوچھا گیا ۔۔

میرا اور اپنا نام لکھو بہت سارے دلوں کے بیچ میں"۔۔"

اس کے بے تکے سے سوال پہ وہ ٹیچر سا گیا تھا ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہیں ہائے اللہ سچی یعنی آپ کو مجھ سے محبت ہو "
"گئی ہے نا ۔

۔

وہ اپنے دونوں ہاتھ ایک دوسرے سے جوڑ کر تھوڑی کے نیچے ٹکاکر چہرے پر بڑے پیارے اور شرارتی تاثرات لئے کہہ رہی تھی۔۔۔

تم جیسا اینٹک پیس ایک واحد ہی اس دنیا میں بنا "
کر اتارا گیا ہے جو میری ہی قسمت میں آ کے میری جھولی میں ہی گرنا تھا "۔۔۔

وہ اشتعال آمیز لہجے میں بولا۔۔۔

اس میں لکھو اپنا تمام ضروری سامان" ۔۔۔ "
اییییں۔ ۔۔۔؟؟

شفا نے منہ کھول کر حکم جاری کرتے حمزہ کو دیکھا ۔۔

لگتا ہے دماغ کا اسکریو ڈھیلا ہو کر کہیں گر گیا ہے"۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بر بڑائی تھی اور پھر لہجے کو سنجیدہ کرنے کی حتہ امکان کوشش کرتے ہوئے بولی۔۔۔

" کیا آپ میری مدد کریں گے شاپنگ میں تاکہ میں "تھک نا جاوں اسی لئے پیپر پہ لکھ وارہے ہیں نہ؟ ؟؟

وہ آنکھوں میں اشتیاق لیے سامنے والی گاڑی کو ہارن دیتے حمزہ کو دیکھتے ہوئے ایسے پوچھ رہی تھی جیسے ان دونوں کے مابین بہت اچھے تعلقات ہوں

□□□

۔۔۔

" نہیں تمہیں گھر پر پھینک کر خود اپنی مدد کروں گا تاکہ جلد از جلد اس خوامخواہ کے دلدّر سے میری جان چھوٹ سکے"۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں تو شاپنگ پہ جا رہی ہوں نہ آپکےپھر مجھے "

" کیوں گھر پہ ڈوک کر رہے ہیں

شفاء کو حمزہ کی دماغی حالت پر شک سا گزرا ... ...

"ساتھ جا رہی تھی جارہی ہو نہیں .."

مجھے پہلے وجہ بتائیں نہیں تو میں دھرنا دینے بیٹھ " جاؤں گی گاڑی میں اور زور سے سب کو بتاؤں گی کہ میرا شوہر ظالم ہے"....

وہ سیٹ پر ہی آلتی پالتی مار کے منہ پھلا کے بیٹھ کر بولی ...

شٹ اپ جسٹ کیپ یورماوتھ شٹ" ..."

شفا کی اوٹ پٹانگ گفتگو سن سن کے اس کا صبر اب جواب دے گیا تھا ...

مگرشفا تھی کہ اپنی بے سروپا باتوں سے باز ہی نہیں آرہی تھی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس میں لکھوجو جو تمہیں چاہیے"--"

میں تمہارے اس دعوت نظارہ پیش کرتے ہو لیہ کے " ساتھ کہیں نہیں لے کر جارہا ہوں!! تم لائق ہی نہیں ہوں میرے ساتھ کہیں جانے کے ۔گھر میں بیٹھو وہیں تم ٹھیک ہو "--

وہ گھر کے راستے پر گاڑی ٹرن کر کے بولا تھا ۔شفاء اس کے چنگھاڑنے پر خاموشی ہوگئی تھی --

مجھے کچھ نہیں چاہیے آپ کا بہت بہت شکریہ برائے " مہربانی مجھے میرے گھر چھوڑ دیجیے "---

وہ بہت مشکل سے اپنے لہجے کو بھرانے سے روک سکی تھی کچھ دیر پہلےکی شوخی ہوا ہو چکی تھی۔

تمہارا گھر اب وہی ہے جہاں میں تمہیں میں بیاہ کر " "لایا ہوں۔ اس لیے اس گھر کو اب اپنا مانو تو بہتر ہے --

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"گھر کو تو اپنا مان چکی ہوں۔۔"

آپ کو بھی اپنا ماننے کی نادانستہ غلطی کر چکی " ہوں ۔۔"

وہ بغیر ہچکچائے اظہار کر بیٹھی تھی ۔۔

(کچھ رشتوں کی ڈور مظبوط کرنے کیلئے ہمیں پہل کرنی پڑتی ہے۔ ورنہ خاموشی کبھی کبھار آپکے حصے میں خسارا بھی لکھ دیتی ہے)۔ ۔

جتنا کہا ہے اتنا کرو"۔۔۔"

اس میں لکھدو سب ضروری اشیاء"۔

واہ کیا حاکمانہ انداز ہےمجھ پہ نہ ہی یہ اپنا روب " جھاڑیں تو بہتر ہے" ۔۔

وہ خفگی سے کہتی باہر ڈورتے بھاگتے مناظر دیکھتی رخ موڑ گئی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم بہت زیادہ خودسر ہوچکی ہو تمہارا یہ طنطنہ "
"میرے لئے خاک برابر ہے۔ ۔۔

کہتے کےساتھ ہی شفا کو خشمگین گھوری سے نوازا گیا ۔۔

شفا نے خاموشی سے پیپر اور پین تھام لیا اور دس منٹ میں تمام لسٹ بناکر حمزہ کی طرف بڑھا دی تھی ۔۔۔

پیپر حمزہ کی طرف بڑھاتے وقت نہ چاہتے ہوئے بھی اس کا چہرہ سرخ ہوا تھا جبکہ نظریں حمزہ کی طرف دیکھنے سے گریزاں تھیں ۔۔

حمزہ نے گھر کے آگے گاڑی روک کر شفا کے بڑھے ہوئے ہاتھ سے پیپر تھاما تھا۔ ایک نظر شفا کے سرخ پڑھے چہرے کو بھنویں اچکا کر دیکھا پھر دوسری نظر اس پرچے پر ڈالی ۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شفاکی تھمائی گئی لسٹ پر نظر پڑتے ہی وہ خود کانوں کی لوہ تک سرخ پڑ چکا تھا ۔۔

اترو گھر آ چکا ہے یا پھر کوئی شاہی سواری منگوائو "اندر تک چھوڑنے کیلئے۔"

وہ اپنی خفت مٹانے کو جھٹ سخت لیجے میں بولا "پتہ ہے مجھے اندھی نہیں ہوں میں"

وہ دھڑ سے گاڑی دروازہ کھولتے ہوئے غر آئی تھی۔

اس میں سے ایک ایک چیز مجھے چاہیے اور بالکل " لکھی ہوئی ریکائرمنٹ کے مطابق "۔۔۔

وہ اترتے ہوئے اس کو تیکھے چتون سے گھورتے ہوئے بولی تھی ۔۔۔

حمزہ بغیر کچھ بولے اس کے اترتے ہی گاڑی اڑا لے گیا تھا ۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میری زندگی میں بھی ویسے ہی بہتری ہورہی ہے۔ "
جیسی واٹس اپ کے نئے ورجن میں ہوتی ہے"۔۔۔

وہ اس کی گاڑی کو دھول اڑاتا نظروں سے اوجھل ہوتے دیکھ کر پھیکی سی ہنسی ہنس دی تھی سارے کئے کرائے پر پانی جو پھرگیا تھا ۔ ۔۔

□□□

شفاء جلدی جلدی کچن کے کام نمٹا رہی تھی وہ سب بھکھیڑے حمزہ کے آنے سے پہلے پہلے سمیٹنے کی کوششوں میں تھی ۔

آج اس نے تمام تر دیسی کھانے بنائے تھے کیونکہ ہمزہ کو چائنیز وغیرہ زیادہ پسند نہیں تھا ۔۔

وہ بریانی دم پر لگا کے جلدی سے اپنے بیڈ روم میں آکر اب اپنے لیے رات کے پہننے کے لئے وارڈروب میں سر دیئےکوئی اچھا سا ڈریس تلاش کر رہی تھی ۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر کچھ بھی اس کو سمجھ نہیں آ رہا تھا ہمزہ نے اس رات اس کے کپڑے بیگ میں خود اپنے ہاتھوں سے بھرے تھے۔ جس کی وجہ سے اب وہ پریشان سی کبھی ایک ڈریس کو نکال کر دیکھتی تو کبھی دوسرے کو مگر کوئی بھی اس کی منظورنظر نہیں ٹھہرپا رہا تھا ۔۔

نہیں یہ تو ایک دم ہی نہیں "۔۔۔"

کئی دفعہ پہن چکی ہوں یہ تو" ۔۔"

بالوں کو جوڑے کی شکل میں قید کرتی وہ الماری میں لٹکے کپڑوں کو دیکھ کر بڑبڑائی ۔۔

یہ سب ڈریسز تو پرانے ہیں۔ حمزہ نے مجھے کئی " دفعہ پہنے ہوئے دیکھا ہوگا ۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ابھی سوچ ہی رہی تھی جب اس کی نظر الماری کے سب سے نچلے خانے میں پڑی تھی جہاں پہ ایک ڈیزائنر شاپنگ بیگ رکھا ہوا تھا ۔وہ چونکی ۔

" ارے یہ تو وہی شاپنگ بیگ ہےجو نکاح والے روز جب حورم بھابھی مجھے تیار کرنے آئی تھیں!! تب یہ پریسنٹ وہ مجھے دیکر گئیں تھیں" ...

--

وہ یکدم خوش ہو گئی تھی اور جھک کر جلدی سے وہ شاپنگ بیگ اٹھا کے بیڈ پہ رکھ کر خود بھی بیٹھ چکی تھی --

شاپنگ بیگ کے اندر ایک انتہائی دیدہ زیب دھانی پیپلم شرٹ اور بوٹ کٹ ٹراوزر کے ساتھ بیبی بنک کرینکل جارجٹ کا دوپٹہ تھا --

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شفا کا چہرہ خوشی سے دمک اٹھا تھا ۔۔

ایک چھوٹے سے ڈبے میں اس شاپنگ بیگ کے اندر ہہ جیولری بھی تھی ۔جو بالکل ڈریس کی میچنگ سے میچ کرکے لی گئی تھی ۔۔

شفا کو حورم کی پسند نے بہت اٹیکٹ کیا تھا۔ وہ خود بھی زیادہ چمکیلے بھڑکیلے کپڑے پہننے پسند نہیں کرتی تھی۔ اس کو خود بھی سادگی پسند تھی ۔۔

حورم کا گفٹ کردہ ڈریس اس کی پسند پہ پورا اترا تھا ۔۔

یکایک اس کے ذہن میں ایک آئیڈیا گردش کر ا تھا اور وہ جھٹ سے اپنے موبائیل میں فیڈ حورم کا نمبر ڈائل کرنے لگی ۔۔

السلام علیکم بھابھی کیسی ہیں آپ "۔۔۔"

چند ایک بیلز کے بعد حورم نےکال پک کی تھی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وعلیکم السلام میں ٹھیک اللہ کا کرم تم بتاو کیسی "
ہو ۔"

حورم کی آواز میں حیرت تھی ۔وہ شفا کا اس کو کال کرنا ایکسپیکٹ نہیں کر رہی تھی ۔

بھابی میں ٹھیک ہوں بس مجھے پیا منانے کا ڈھنگ "
نہیں ۔۔"

شفاء بیچارگی سے اپنی انگشت شہادت تھوڑی پہ رکھتے ہوئے معصومانہ لہجے میں بولی ۔۔

"او یعنی پیاسے الفت سی ہو چکی ہے ؟؟؟"

حورم ہستے ہوئے اسی کے انداز میں قہقہہ لگا کر کہنے لگی ۔۔

جی بھابھی مجھے الفت تو کیا محبت وحبت سب "
ہوگئی ہے مگر دوسری طرف میرے ڈھول ماہیا کو پتا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں کون کون سی نفرتیں ہیں جن کا بخار اترنے کے
"بجائے 104 درجہ حرارت سے تجاوز کرچکا ہے ۔

وہ منہ بسور کر خفگی سے بولی تھی ۔۔

سہی یعنی کہ برف میں آگ لگانے کی کوشش کرنی "
"ہے ۔۔

گلیشیر کو پگھلانا ناممکن ضرور ہے مگر سورج اپنی "
"شعاعوں سے یہ کام منٹوں میں کرسکتا ہے ۔۔۔

وہ بہت گہری بات اس کو سمجھانے کی کوشش کر
رہی تھی ۔۔

"جی ٹھیک ہےبھابھی ۔"

وہ اتنا ہی بولی تھی جبکہ دوسری طرف حورم اس بات
کا اندازہ نہیں لگا سکی تھی کہ وہ کتنا سمجھی ہے
اس کی بات میں پوشیدہ معنوں کو ۔۔؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے بھابھی وہ میں نے آپ کو ایک اور وجہ سے بھی " کال کی تھی "۔۔

وہ یاد آنے پر اپنا سر پیٹ کر بولی تھی ۔۔

فرمائیے مابدولت ہم تن گوش ہے"۔۔۔"

ہورم نےشاہانہ انداز میں جواب دیا۔۔

وہ آپ کو سب سے پہلے آپ کے دیئے گئے گفٹ کے " لئے شکریہ کرنا تھا ،وہ آج کے دن میرے بہت کام آنے "والا ہے ۔۔

شکریہ کی ضرورت نہیں ہے ۔بس تم اور حمزہ ایک " دوسرے کے ساتھ خوش رہو۔ ہمارے لیے یہی بہت ہے "۔۔

ہورم نے سچے دل سے کہا ۔۔

اچھا دوسری بات تو سن لیں ۔۔"۔۔شفاء جلدی سے " بولی مبادا کہیں حورم کال ھی کٹ نا کردے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی جی سنائے میں سن رہی ہوں "---"

وہ آپ لوگوں کا ڈنر آج رات ہمارے ساتھ ہےکیوں کہ آج" "حمزہ کی برتھ ڈے ہے ۔

-

یار بلاوجہ کیوں ہمیں انوائٹ کر کے کباب میں ہڈی بنا " "رہی ہوں --

ہورم اس کو چھیڑتے ہوئے بولی تھی شریر لہجے میں ۔

"بھابھی کباب بنتا تو ہڈی نکلنے کے چانسز ہوتے ناں --"

شفا کھلا کر ہنستے ہوئے گویا ہوئی تھی --

بس آپ یہ سب کچھ چھوڑیں اور رات میں آدم بھائی " "کے ساتھ آنے کی تیاری کریں --

اچھا بابا ٹھیک ہے شام میں ملتے ہیں"---"

ہورم اللہ حافظ کہہ کر اب فون رکھنے والی تھی جب شفا جلدی سے بولی--

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ارے ارے ایک منٹ بھابی آپ آدم بھائی سے پوچھ کر مجھے جلدی سے بتا دیں کہ اور کونسا ہمزہ کا ایسا دوست ہے جو ان کے دل کے بہت قریب رہا ہو تاکہ میں ان کو بھی انوائٹ کرکے آج کے دن حمزہ کو مکمل سرپرائز کرسکوں ۔۔"

" چلو ٹھیک ہے بچہ پھر میں تمھیں تھوڑی دیر میں فون کرکے بتاتی ہوں ۔۔"

حورم سوچتے ہوئے بولی تھی ۔۔۔

"جی بھابھی ٹیک یورٹائم اللہ حافظ"۔۔

شفا نے اپنی بات مکمل ہونے کے بعد جلدی سے خدا حافظ کہہ کر فون بند کردیا تھا۔ اس کے پور پور میں سرشاری سی تھی ۔۔۔

حورم ،شفا کے اس معصومانہ انداز پہ مسکرا دی تھی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"خوش رہو ہمیشہ ۔۔ "

□□□

اٹھ جائیے میڈم "۔۔۔"

وہ کوئی تیسری دفعہ گدھے گھوڑے بیچ کر سوتی ہوئی سوہا کو اٹھانے آیا تھا ۔صبح کی گیارہ بج چکے تھےمگر سوہا محترمہ تو لگ رہا تھا جیسے مردوں سے شرط لگا بیٹھی ہوں ۔۔

مصطفی جوگنگ کرکے ناشتہ بھی کر چکا تھا۔ لینڈ سلائیڈنگ ہونے کی وجہ سے راستے بند تھے جس کی وجہ سے وہ ٹریننگ کے لیے بھی نہیں جا پا رہا تھا ۔۔

"کیا ہے سونے بھی دیں نہ ان مجھے۔ ساری رات آپ نے سونے نہیں دیا اور اب بھی مجھے تنگ کر رہے ہیں ۔۔"

وہ خمار آلود لہجے میں مصطفی کے کرتے کی فولڈ کی ہوئی آستین جوکہ پوری طرح فولڈ سے آزاد ہوکر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوہاکے چھوٹے سے ہاتھوں سے جھول رہی تھی ۔۔

وہ اس آستین کو اپنی آنکھوں پر گراتے ہوئے بولی ۔۔

وہ جو کھڑکی پہ پڑی چک اوپر چڑھا رہا تھا تاکہ باہر سے روشنی چھن کر بیڈ روم میں آسکے یکدم سوہا کی کہی بات پہ سٹپٹا کر پلٹا تھا ۔۔

میں نے تمہیں کب جگایا رات کو؟؟؟

"سوچ سمجھ کر بولا کرو کیا کہہ رہی ہو ۔۔ "

مصطفی کاغصہ عود کر آیا تھا سوہا کے اول فول بکنے کی وجہ سے ۔۔

وہ بھی مصطفی کی آواز میں موجود کرختگی محسوس کرکے جلدی سے اٹھ بیٹھی تھی ۔۔

" میرا مطلب وہ نہیں تھا جو آپ سمجھے"

بلکہ ایسا کیا کریں روزانہ سو کر اٹھنے کے بعد واشروم" میں رکھے ہارپک سے اپنا دماغ واش کر لیا کریں تاکہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ زرا اجلا اجلا سوچ اور سمجھ سکے ۔۔

وہ بغیر دل میں شرمندگی کو جگہ دیے دلیری سے بولی تھی

مشورہ اچھا ہے مگر پہلے تم عمل کرو اس کے بعد " مجھے تجویز کرنا کیونکہ مجھ سے زیادہ تمہیں اس "مشورے پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے ۔۔

وہ بڑی مشکل سے اپنی مسکراہٹ ضبط کرکے بولا تھا ۔۔

اور ویسے پوری رات تو تم پھناکر سوئی ہو بے چین تو " میں رہا ہوں جو کہ ساری رات ایک سنگل صوفے پہ گزاری ہے" ۔

موسکو خونخوار نظروں سے گھورتے ہوئے اپنی سگریٹ سلگا کر بولا ۔۔

دیکھئے مسٹر کھڑوس پائلٹ آپ مجھے اپنی ان بڑی "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بڑی گول گول آنکھوں سے براہ کرم ٹکٹکی باندھ کے
" گھورا نہ کریں

وہ سکی نظروں کی تاب نہ لاتے ہوئے کھسیا کر بولی
تھی ۔

" میری آنکھیں ہے میں چاہے جو بھی دیکھو اور ویسے
بھی کیا تمہیں گھورنےپہ مجھ پر فائن لگے گا۔ یا پھر
دفع 420 کے تحت مجھے سزا دی جائے گی ؟؟؟

وہ چڑھ کر بولا تھا۔

" جی نہیں چارج تو نہیں لگے گا ہاں مگر سچ تو یہ ہے
کہ آپ میری خوبصورتی سے جیلس فیل کرتے ہیں
۔تبھی تو ہر وقت مجھے نظر لگانے کے چکروں میں لگے
رہتے ہیں ---"

وہ خوامخاہ مغرور ہوئی ۔

' میں تم سے ایسے ہی کسی جواب کی امید کر رہا تھا
---"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ایک گہرا سانس بھر کے بولا ۔۔

مگر خیر مصطفی بھائی ایک بات ہے "۔۔۔۔۔"

وہ بھائی پہ زور دے کر بولتی بیٹھتے اٹھتے ہوئے پیر میں مصطفی کی سلیپرز اڑتے ہوئے بولی تھی ۔۔

مصطفیٰ نے اسکو خشمگیں نظروں سے گھورا تھا ۔۔

کہو "۔۔"

لٹھ مارے لہجے میں کہا گیا جبکہ نظر اب نیوز چینل پہ تھیں۔ ۔

!!!اگر آپ کو میری کوئی حرکت بری لگے تو ۔ ۔۔۔۔

وہ لمحے بھر کو رکی تھی اور چہرے پر شدید معصومیت لیے اس کو ٹکر ٹکر دیکھ رہی تھی ۔۔

تو ؟؟؟؟؟

وہ بھنو کو اچکا کر بولا ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو پھر یہ کہ مجھے ضرور بتائیے گا تاکہ میں دوبارہ "
وہی کارنامہ کرتے ہوئے زیادہ خود کو مطمئن محسوس
"کر سکوں ----

وہ کہتے کہ ساتھ ہی چھپا ک سے وہ شروع میں
جاگزیں تھی بغیر مصطفی کی طرف دیکھے ---

بیوقوف لڑکی "---"

!!!مگر صرف اور صرف میری ---

وہ بڑبڑایا تھا آنکھوں میں بہت خوبصورت سی
مسکراہٹ رقصاں تھی --

بہت جلد تمہارے تمام ہوائی فائر کا جواب میں "
"کلاشنکوف سے دوں گا --

□□□□□

عمر اس جگہ کو ٹریس کرتا لائبہ تک پہنچ چکا تھا ---
عمر اکیلا نہیں تھا اس کے ساتھ پوری ایس پی سمیت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی ٹیم موجود تھی ۔۔

عمر اور پولیس کی آمد کو محسوس کرتے ہی وہاں واحد ایک شخص جو کہ لائبہ کا مجرم تھا ۔ گپت راستے سے فرار ہو گیا تھا ۔۔

چوکیدار کو پولیس نے گرفتار کر لیا تھا ۔۔

جب کہ عمر پز مردہ سہ ایس پی کے اشارہ کرنے پہ چوکیدار کے بتائے گئے۔ واحد کمرے کی کنڈی کھولنے کو بڑھا تھا جہاں پہ لائبہ قید تھی ۔۔

ایس پی خاموشی سے اپنی ٹیم کو اشارہ کرتا باہر نکل چکا تھا اس چھوٹے سے مکان میں سے ۔۔

عمر نے ایک بھی لمحہ ضائع کیے بغیر دروازے کی کنڈی کو توڑنے کے انداز میں کھولا تھا ۔۔

سامنے کا منظر ایسا تھا جسے دیکھنے کے بعد وہ اپنی نظریں جھکا کر اٹھانا سکا تھا ۔۔۔

غصے سے اس کا خون کھول اٹھا تھا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آنکھیں بالکل سرخ ہو رہی تھیں جبکہ دماغ کی شریانیں غصے کی وجہ سے پھٹنے کو تھی ۔۔

وہ بھاگنے کے انداز میں لائبہ کے پاس زمین پہ دوزانو بیٹھا تھا ۔۔

اٹھو لائبہ آنکھیں کھولو۔۔۔

میں آ گیا ہوں۔۔

تمہیں کچھ نہیں ہو گا ۔۔

میں وعدہ کرتا ہوں تو میں کچھ نہیں ہونے دوں گا ۔۔

وہ ہوش و خرد سے بیگانہ لائبہ کی ابتر حالت دیکھ کر اندر سے بری طرح کھول اٹھا تھا۔ اس کا بس نہیں چل رہا تھا لائبہ کی یہ حالت کرنے والے درندے کو وہ چاند سے مار دے ۔۔

جگہ جگہ سے پھٹے کپڑے ۔۔

لائبہ کی ابتر حالات اس کے ساتھ تو کوئی زیادتی کا چیخ چیخ کر بتا دے رہی تھی ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمر نے دور رکھا لا ئبہ کا دوپٹہ اٹھا کر اس پہ پھیلایا تھا اور فون کرکے ایس پی کو وہاں سے جانے کا کہا ۔۔
وہ بہت کچھ سوچ رہا تھا اس نے باقی کے قدم بہت سوچ سمجھ کر اٹھانے تھے ۔۔۔
□□□□

وقت تیزی سے گزر رہا تھا آئمہ سے رحمان کی شادی کو چھ سال کا عرصہ گزر چکا تھا.
رحمان کا رویہ آئمہ کے ساتھ روزے اول جیسا ہی تھا ائمہ کے پاس جانا تو دور کی بات وہ اس پہ ایک نظر. غلط تک ڈالنا گوارا نہیں کرتا تھا۔

اس عرصے میں ایک تبدیلی سمیرا کی صورت میں رونما ہوئی تھی گھر میں ۔

سمیرا کو رحمان نے ایک شادی میں پسند کیا تھا جس کے بعد اس نے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے سمیرا اور اس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے گھر والوں کو اندھیرے میں رکھ کر اس سے شادی کی تھی۔

رحمان نے سمیرا کے گھر والوں کو اس بات کا علم نہ ہونے دیا تھا کہ وہ پہلے سے ایک بیوی رکھتا ہے ۔۔

یہ۔سمیرا کے اوپر شادی کے کچھ ہی دن بعد آشکار ہو گیا تھا شروع شروع میں تو رحمان نے ائمہ کو ایک ملازمہ کی حیثیت سے متعارف کروایا تھا ۔۔۔۔

مگر یہ راز ایسا تھا جو زیادہ عرصہ چھپ نہ سکا اور جس روز سمیرا کو ائمہ کی اصل حیثیت کا اندازہ ہوا تھا اس دن سے وہ اپنے آپ کو آئمہ کا مجرم تصور کرنے لگی تھی ۔۔

رحمان نے گھر میں اپنا روب و دبدبا اس طرح بٹھایا ہوا تھا کہ ائمہ تو ائمہ سمیرا بھی خاموش رہتی تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سمیرا شروع سے ہی ایک ڈرپوک اور دبوسی لڑکی تھی ۔۔

بس آئمہ اور سمیرا میں اتنا فرق تھا کہ ائمہ کو بدلے لینے کے لیے بہایا گیا تھا جبکہ سمیرا رحمٰن کی من چاہی بیوی تھی ۔۔

اس لئے اس کا ہر طرح سے رحمان خیال رکھتا مگر سمیرا کے دل میں موجود پھانس سی چھپ گئی تھی رحمان کے جھوٹ کو لے کر۔۔۔

وہ پھانس کسی طور بھی پرسکون نہیں ہونے دیتی تھی ۔۔

آپ بھی مجھے معاف کردیں میں غاضب ہو۔ مجھے "" "علم نہیں تھا کہ رحمان کی ایک بیوی پہلےبھی ہے ۔۔۔

میری تو غزل آپی تک کو علم نہ تھا کہ رحمان کون ہے" اور کس کا بھائی ہے جس دوران میری شادی ہوئی اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دوران غزل آپی حماد بھائی کے ساتھ ملک سے باہر گئی ہوئی تھی اور پھر رحمان نے بمشکل پندرہ دن کا وقت دیا تھا بابا کی خرابی طبیعت کی وجہ سے۔۔۔""

بابا نے بھی جلد از جلد میرے فرض سے سبکدوش " ہونا مناسب سمجھا تھا اور میری شادی کے چھ دن بعد بابانے بھی اس دنیا سے رخصت لےلی تھی۔۔"

وہ ایک دن روتے ہوئے آئمہ سے بولی تھی ۔۔

نہیں تم خطاکار نہیں ہو۔ تم خود کو کیوں قصوروار " گردانتی ہو ۔"

میری قسمت میں جو لکھا تھا وہی مجھے ملا ہے"۔۔۔"

سمیرا میں دیکھ رہی ہو تم خوش نہیں ہو مت میرے " لئے سوچ کر خود کو ہلکان مت کرو تمہارا اللہ کے کرم سے ایک بیٹا ہے اور اب پھر دوبارہ تم امید سے ہو خوش رہا کرو بہت زیادہ ۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دونوں رات کے وقت کھانے سے فارغ ہو کر بچوں کے ساتھ گارڈن میں چہل قدمی کر رہی تھیں۔ جب سمیرا نے بھرائے اور نادم لہجے میں کہا تھا ...

سمیر ہ، عمر سے زیادہ حمزہ کا خیال رکھا کرتی تھی۔ اس وقت بھی وہ خود میں گم حمزہ کے سامنے آ کر بیٹھ گئی تھی اور اس کے ستے ہوئے چہرے کو دیکھ کے بولی ..

حمزہ آپکو پتہ ہے میں نے آپ کے لئے صرف اور صرف " آپ کے لیے پٹاخے اور پھلجڑیاں منگوائی ہیں کل آپ برابر والے بچے کو دیکھ رہے تھے نہ پٹاخے پھاڑتے ہوئے۔ دیکھو میں نے آج آپ کے لئے کتنی سارے منگوائی ہیں .."

وہ حمزہ کے سامنے پٹاخے اور پھلجڑیاں رکھتے ہوئے بولی تھی ..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!تھینک یو چھوٹی ماما ...

حمزہ یکدم خوشی سے کھل اٹھا تھا سمیرا اسی طرح اس کی ہر ایک چھوٹی سے بڑی خواہش کا خیال رکھا کرتی تھی ..

حمزہ کا رویہ سمیرا سے خاصا بہتر تھا کیونکہ ہر دفعہ جب رحمان اسکی ماں پہ ہاتھ چھوڑتا اس وقت سمیرا ہی عائمہ کی ڈھال بن کر کھڑی ہو جایا کرتی تھی۔ کئی دفعہ تو سمیرا نے آئمہ کو رحمان کے عتاب کا نشانہ بنتا دیکھ گڑگڑا گڑگڑا کر رحمان کے آگے ہاتھ تک جوڑ ڈالے تھے ..

حمزہ کے دل میں سمیرا کے لیے نرم گوشہ پیدا ہو چکا تھا ۔وہ سمیرا کو اتنی ہی محبت کرتا جتنی اپنی سگی ماں سے ۔جبکہ رحمان صاحب حمزہ سے شدید محبت کرتے عمر کے مقابلے میں اپنے بچوں سے زیادہ اس پہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جان نچھاور کیا کرتے کیونکہ وہ ان کے بھائی کی آخری نشانی تھا ۔۔

بس آئمہ سے رحمان کو اپنے بھائی کی موت کی خامخوا کی خار ہو چکی تھی ۔اس نے شادی کے بعد سے عائمہ کو اس کے ہر حق سے محروم رکھا تھا وہ سہاگن ہونے کے باوجود بھی ایک بیوہ سی زندگی بسر کر رہی تھی ۔۔

آپی آونا تم بھی "۔۔۔ثمیرا نے دور سے ائمہ کو آواز لگائی ۔

سمیرا پلیز مجھے نہیں آتے یہ پٹاخے اور پھلجڑیاں وغیرہ جلانا ۔۔"

سمیرا نے اس کو ٹالنا چاہا تھا ۔۔۔

ایویں نہیں اچھا پٹاخے نہیں آتے تو پھلجڑی ہی "" جلالیں عمر خوش ہوجائے گا "۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ائمہ کی گود میں بیٹھے عمر کو دیکھ کر بولی تھی

--

پلیز بڑی مما پھلجڑی جلآئیے نہ" --"

عمر نے بھی ضد کی۔۔

وہ اپنی تمام تر خواہشات آئمہ سے ہی پوری کرواتا تھا وہ کھانے سے لے کر اپنا ہر ایک کام ایمہ سے کروانا پسند کرتا ۔عمر کی اتنی محبت اور لگاؤ دیکھ کر اپنی ماں سے حمزہ عمر سے اکھڑنے لگا تھا۔ یہ سوچے بغیر کہ اس کا خود کا بھی سمیرا کے معاملے میں عمر سے مختلف حالات تھا ۔۔

پورے لان میں بچوں کی کلکاریاں اور سمیرا اور عائمہ کی ہنسی گونج رہی تھی لیکن اچانک رحمان نے آکر ان سب کی خوشی کو خاک میں ملا دیا۔ وہ کافی دیر سے آئمہ کے خوش چہرے کو کھڑکی سے دیکھ رہا تھا اپنے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کمرے کی اور اب اس کا صبر جواب دے گیا تھا وہ دندناتا ہوا باہر لان میں نکل آیا تھا ۔۔

وہ سیدھا آئمہ کے سر پر جا کھڑا ہوا تھا ۔۔

"بہت شوق ہے نا تمہیں پھلجڑی جلانے کا ؟"

" بالکل ویسے ہی جیسے میرے بھائی کو جلا جلا کر قبر میں پہنچا دیا تم نے ۔۔"

حمزہ اور سمیرا کافی دور مگن تھے ر ہمان کی لان مو آمدسے یکسر بے خبر پٹاخے پاڑھنے میں مصروف ۔عمر گھانس پہ بیٹھا تارے گن رہا تھا ۔۔۔

" میں نے آپ کے بھائی کے ساتھ کچھ غلط نہیں کیا تھا"۔

آئمہ کے منہ سے بے ساختہ پھسلا تھا ۔

"مجھ سے زبان چلائے گی ؟'

رحمان نے پیچ و تاب کھا کر آئمہ کے صرف ایک چھوٹے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے ادا کیے گئےجملے کو انا کا مسئلہ بنا کر شدید غصے میں آکر ائمہ کے ہاتھ سے جلتی ہوئی پھلجڑی چھینی تھی اور پھر وہی پھلجڑی لے کر اس کی گردن پر لگا دی ۔۔

حمزہ اور سمیرا کی چیخیں فضا میں بلند ہوئی تھی ائمہ کو تکلیف سے بلبلاتا دیکھ کر۔ ائمہ بری طرح گھاس پہ لوٹ پوٹ ہو رہی تھی تکلیف اس کی برداشت سے باہر ہو چلیتھی ۔گردن بہت بری طرح سے جل گئ تھی ۔۔

وقت کا کام تھا گزرنا وہ سرکتا گیا۔ رحمان صاحب پہلے سے کافی بہتر ہو چکے تھے اور کئی دفعہ آئمہ سے اپنے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش بھی کی تھی ۔وجہ صرف اتنی تھی کہ ان کے ہاتھ جلال کی وہ ڈائری لگی تھی ۔جو مرنے سے کچھ عرصے پہلے وہ لکھا کرتا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمام تر سچ رحمان کے سامنے کھل کر آشکار ہوچکا تھا

۔

اس کے بعد وہ نادم سے رہا کرتےتھے مگر اتنی ہمت نہ تھی کہ آئمہ سے اپنے کیے کی معافی طلب کرپاتے۔ بس ہمزہ سے ان کی محبت بہت جنونی تھی وہ حمزہ سے ٹوٹ کے پیار کرتے ۔یہی وجہ تھی کہ وہ سب بچوں میں صرف اور صرف حمزہ کو اہمیت دیتے۔ مگر اس دن حمزہ کے چیخ چلانے سے وہ بھی آپے سے باہر ہو پیٹھے تھے اور بہت کچھ ایسا کہے گئےجس نے معاملات کو مزید الجھا کے رکھ دیا تھا ۔مگر خدا اس بات کا گواہ تھا کہ وہ حمزہ سے ناراض ہو کر ایک رات بھی چین سکون کی نہ کاٹ سکے تھے

□□□

وہ لوگ سب کے سب فام ہاؤس جانے کی تیاری کر رہے تھے جب شہر سے فون آنے پر غزل کی خوشی کا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹھکانا ہی نہ رہا تھا۔ وہ اپنی بہن کے ہاں بچے کی ولادت کا سن کر پھولے نہیں سما رہی تھی۔

" عائشہ میں بہت خوش ہوں آج تمہیں پتا ہے ثمیرہ کے گھر بیٹا پیدا ہوا ہے"۔

وہ خوشی سے چور لہجے میں چہکتے ہوئے سب کو بتا رہی تھی ۔۔

عائشہ سمیت گھر کے سب افراد نے اس کو تہہ دل سے مبارکباد دی تھی ۔۔

اماں سچ آنی کے ہاں بیبی آیا ہے ؟

ارمغان نے بھی پراشتیاک لہجے میں پوچھا ۔

" ہاں ہاں بالکل سچ ارے بھئی جلدی کرو اب کیا شام کو چلو گے "؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" اگر شام میں جانا ہے تو پھر کیا فائدہ فارم ہاوس جانے کا "؟

"یہیں کھیل کود کے پکنک منالو بچوں ۔۔"

حماد جلدی جلدی کا شور مچاتے ہوئے سیڑھیاں اترنے کے ساتھ اپنی گھڑی بھی پہنتے ہوئے بولے ۔۔

" حماد آپکو پتہ ہے میں اور آپ خالو خالو کے رتبے پر فائز ہوگئے ہیں۔ ابھی پندرہ منٹ پہلے۔"

" مبارک ہو بھئی یہ تو بڑی خوشی کی بات ہے نیک بخت ۔۔"

حماد نے غزل کے خوشی سے چہکتے ہوئے چہرے کو پیار سے دیکھ کر مبارکباد سے نوازا تھا ۔۔

"چلیے نہ بڑے بابا "۔

عنایہ نے حماد کی بھاگ کےانگلی پکڑ کر بولا تھا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے بیٹا اب ہم کہاں جا سکتے ہیں۔ ہمیں تو اب آپ " کی بڑی اماں کے بھانجے کو دیکھنے ہسپتال جانا ہوگا ۔نہیں تو آپکی بڑی امی کے ہاتھوں میری شامت پکی ہے" ۔۔

حماد پرشوخ لہجے میں غزل کی طرف دیکھتے ہوئے چھیڑنے لگا ۔۔

چلیں کوئی بات نہیں بھائی پھر چلے جائیں گے ہم۔ " سب" ۔۔۔

داود نے جلدی سے کہا تھا کیونکہ غزل کی بہن کی پہلی خوشی تھی اور ان سب کا شہر پہنچنا ضروری تھا مبارکباد دے نے کے لئے ۔۔۔

ارے نہیں نہیں مجھے تو جانا ہے پکنک پہ" ۔۔" عنا یہ روتے ہوئے بولی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہی ہماری گڑیا کو رو لاؤ نہیں بلکہ مانی کو بھی " ساتھ لے جاؤ تم لوگ اپنے۔ کل پھر فارم ہاؤس سے واپسی حویلی آنے کے بجائے پہلے شہر ہو لینا۔ اس طرح سمیرا کے بچے کو بھی دیکھ لو گے اور بچوں کی بھی خوشی پوری ہوجائے گی"۔۔

غزل نے تجویز پیش کی تھی کھلے دل سے ۔۔

" ہاں یہ ٹھیک ہے تم سب نکل جاو"

حماد نے عنایہ کو پیا کرتے ہوئے کہا ۔

□□□□

اماں جان اٹھیےنہ" ۔۔"

کیا ہو گیا آپ کو؟؟

غزل نے چکرا کر گر تی ساس کو روتے ہوئے بڑی مشکل سے تھاما تھا۔ وہ خود اس وقت بہت بڑے طوفان کی زد میں تھی۔ حماد کی کہی بات نے اس کو اندر تک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دکھی کردیا تھا۔ یہ صلہ دیا تھا حماد نے اس کو عمر بھر کی رفاقت کا۔ وہی یکایک خود کو بہت کمزور تصور کرنے لگی تھی ۔وہ اندر سے بری طرح سے توڑ پھوڑ کا شکار ہو چکی تھی۔

حماد ایسا ہرگز نہ تھا مگر پیارے بھائی کے ہنستے بستے گھرانے کی اچانک اور ناگہانی موت نے اس کو اندر سے بہت توڑ پھوڑ کر رکھ دیا تھا۔ وہ اپنے خول میں بند ہو کر رہ گیا تھا ۔ وقت کے ساتھ ساتھ اس کے مزاج میں مزید سختی در آئی تھی ۔۔

۔۔

دادو کیا ہوا پلیز اٹھیں! ! آنکھیں کھولیں "۔۔۔"

ارمغان نے بڑھ کر دادی کو تھاما تھا اور ان کو اٹھا کر باہر کی طرف بھاگتے ہوئے چیخنے کے انداز میں کہہ رہا تھا ۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فجرخاموش تھی اس کا دل چاہ رہا تھا کہ وہ بہت زور زور سے دادی کے پاس جاکر رویے۔ مگر وہ فی الحال ایسا کچھ بھی کرنے سے نا چاہتے ہوئے بھی گریزاں تھی ۔۔

حماد اور باقی سب فجر سمیت دادی کو ہسپتال لے کر بھاگے تھے ۔دادی کو ہارٹ اٹیک ہوا تھا دوسرا ۔۔

پہلا ہاٹ اٹیک دادی کو اس وقت ہوا تھا جب انہوں نے جوان جہان بیٹا اور بہو کے جنازے دیکھے تھے ۔۔۔

دادی کی حالت خطرے سے باہر نہ تھی حماد صاحب کا تمام تر طنطنہ ہوا او چکا تھا ۔وہ ہاتھ ملتے اسپتال کے کوریڈور میں ادھر سے ادھر اسطرابی کیفیت میں چکر کاٹ رہے تھے ۔۔۔

آپ سب کو پیشن اندر بلا رہی ہیں برائے مہربانی ان " کو کسی بھی قسم کا تک نہ پہنچے یاکوئی بھی ایسی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بات کرنے سے گریز کیجئے گا جس سے ان کی جان کو خطرہ ہو ۔"

نرس نے دادی کا پیغام آ کر دیا ۔۔

جی جی بہتر ارمغان کہتا ہوا فجر کا ہاتھ تھام کے " جبکہ ماں کو بازو کے حلقے میں لیے اندر کی طرف بڑھ چکا تھا ۔ہماد صاحب خاموشی سے ان تینوں کو I.c.u کے اندر جاتا دیکھ کر خود بھی پزمردہ قدموں سے چلتے ہوئے اندر کی طرف بڑھ چکے تھے ۔۔

پروقار سی دادی فجر کو یک دم بہت زیادہ بوڑھی لگی تھیں۔

فجر میکانکی انداز میں اٹھی تھی اور کمرے کا دروازہ کھول کر کوریڈور سے گزرتی ہوئی چھت پہ جانے والی سیڑھیوں کی طرف بڑھ رہی تھی ۔۔

عجب سی مقناطیسیت تھی فضا میں اس وقت ۔۔جو پورے کوریڈور کو اپنی لپیٹ میں لیے ہوئے تھی ۔۔۔

جیسے جیسے وہ قدم بڑھاتی ویسے ویسے تیز ہوا کے جھونکے کوریڈور میں سرایت کرنے لگے تھے ۔۔۔۔

کوریڈور سے آتی تیز ہوا کے جھونکوں کو محسوس کرکے ہمادصحاب جو کہ کوریڈور سے ملحق اپنے اسٹڈی روم میں تھے ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اکثر رات کو نیند نہ آنے کی وجہ سے اسٹڈی روم میں آکر بیٹھ جایا کرتے اور داؤد کی پسندیدہ کتابوں میں سے ایک کتاب نکال کر کئی دفعہ پڑھی ہوئی کتاب کو بھی بڑی دلجمعی سے دوبارہ پڑھناشروع کردیتا کرتے تھے ۔۔

وہ کوریڈور سے آتی تیز موتیے کی خوشبو اوراعصاب کو جھنجوڑتی ہوئی ہوا کو محسوس کرکے اپنی اسٹڈی سے باہر نکل کے کوریڈور میں آئے تھے۔۔

اس خیال کے تحت شاید کسی ملازم سے غلطی ہوئ ہو اور کھڑکی کھلی چھوڑ دی ہو اس نے بے خیالی میں

فجر۔۔۔۔؟؟؟؟

اس وقت۔۔۔۔؟؟؟

ہمادصحاب نے نہ سمجھی سے کوریڈور عبور کرتی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فجر کو دیکھا تھا اور پھر ایک نظر کوریڈور میں لگی دیوار گیر گھڑی پہ ڈالی تھی۔۔۔۔

ٹن۔ ۔۔ٹن۔ ۔۔۔۔!!!

جوٹھیک دو بجنے کا پتہ دیتی اپنا مخصوص گھنٹہ بجا رہی تھی ۔۔۔

وہ کچھ پریشان سے ہو کر اس کے پیچھے چل دیے تھے ۔۔

یہ سوچ کر کہ کہیں کسی چیز کی ضرورت تو نہیں۔۔۔

کیونکہ فجرکو حویلی آئے آج چوتھا دن تھا۔ وہ کہاں اس وسیع وعریض حویلی کی بھول بھلیوں سے واقفیت رکھتی تھی ۔۔۔۔؟؟

حماد صاحب جیسے ہی کوریڈور کے آخری حصے پہ پہنچے تھے ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سامنے کا منظر دیکھ کر وہ اپنی جگہ جم سے گئے تھے ---!!!

□□□

آنگوٹھےکو دوسرے ہاتھ میں سختی سے بھینچ کہ بولا تھا۔ کیونکہ کافی گہرا کٹ لگا تھا۔۔

کیا ہوا وہ جو بڑے مزے سے شیلف پہ چڑھی بیٹھی بے فکری سے پیر ہلا رہی تھی ۔یک لخت اس کو تکلیف میں دیکھ کر شیلف سے کو دی۔۔

کچھ نہیں معمولی سا کٹ لگا ہے۔۔

وہ لب بھینچ کے بولا ۔

یہ معمولی سا کاٹ ہے؟؟

اس کو آپ معمولی سا کہتے ہیں ؟؟؟

خون ٹپ ٹپ فرش پہ گر رہا تھا۔ وہ پریشانی سے پر لہجے میں گویا ہوئی ۔بے حواسی اس کے چہرے پہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رقم تھی ۔مصطفی اس کے ہاتھوں کی واضح لرزش کو محسوس کر سکتا تھا ۔انکھوں میں خوف وحراس کی تحریریں بہت واضح تھیں۔

یہ۔۔۔ یہ ۔۔۔؟؟؟

وہ کبھی اس کے ہاتھ کو دیکھتی تو کبھی سفید ماربل کے فرش پہ بہتے لہو کو ۔۔

!مگر یہ کیا ۔۔؟؟

چند ہی لمحوں میں وہ خود ہوش و خرد سے بیگانہ ہوئی اس کی بانہوں میں جھول گئی تھی ۔

!!!او مائی گڈنیس۔۔۔

مجھے مرہم لگانے چلی تھیں محترمہ اور خود ذرا سی چوٹ سے نکلتا لہو برداشت نہ کرسکی اور خود دماغ کے سیل کو معائوف کر کے ہوش و خرد سے بیگانہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوبیٹھی --

!!!سرپھری لڑکی ---

وہ اس کو کچن سے اپنے بازوں میں بھرکر لاؤنج میں رکھے دبیزصوفے پہ لٹاتے ہوئے بڑبڑایا جبکہ گھنی سیاہ تراشی ہوئی مونچھوں تلے لب بہت دلکشی سے مسکرائے تھے---

بہت بچپنا ہے تم میں"--"

نہ جانے کب بڑھی ہوگی ؟؟؟

!!!مصطفی کہاں دل لگا بیٹھا ہےتو توبہ۔ ------

بہت پاپڑ بیلنے ہوں گے اس لڑکی کو بڑا کرنے اور عقل !!دلانے کے لئے ----

مسکراہٹ ہنوز برقرار تھی وہ کھسیا کہ سر پہ ہاتھ پھیر کے رہ گیا ---

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوہا کے صبیح چہرے کو اپنی نظروں کے حصار میں رکھے ہوئے وہ بے خود سہ اسی کو سوچے چلا گیا ۔۔۔

اب وہ ٹھنڈے پانی کے چھینٹے اس کے گلنار چہرے پہ چھڑکتا اس کو ہوش کی دنیا میں لانے کی تگ و دو کر رہا تھا ۔۔۔

!!!!مم۔ ۔مصطفٰی۔۔۔۔۔

وہ ہلکی ہلکی سی ہوش میں آ تےہوئے ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں اسی کو پکار رہی تھی۔

چہرے پہ ابھی بھی مصطفی کی ذات کو لے کر فکر اور پریشانی کا عنصر موجود تھا جب کہ گھنیری شہد رنگ پلکیں اب ہلکی ہلکی لرزش کے ساتھ وا ہورہی تھیں۔ ۔۔۔

کتنا خوبصورت منظر تھا مصطفی کیلئے کہ کوئی اس کے لیے اس قدر فکر مند تھا ۔۔۔۔!!

اس کی تکلیف سوہا کی برداشت سے باہر ہوئی اور وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خود ہوش و خرد سے بیگانہ ہو بیٹھی تھی۔۔

اک انوکھا سہ بہت خوبصورت احساس مصطفی کو اندر تک راحت پخش گیاتھا۔

!شکر اللہ کا کہ تمہیں ہوش تو آیا ۔۔۔

وہ اس کےشفاف بے داغ چہرے پہ پانی کا چھڑکاؤ کرتے ہوئے گہری سانس بھر کے بولا۔ چہرے پہ یکایک اطمینان کے سائے پھیلے تھے ۔۔۔

اتنا نازک دل ہے تمہاراکہ ذرا سہ خون تک برداشت نہیں کرسکتی ہو ؟؟؟

!!!! ویسے تو بڑی آفت کی پرکالا بنی گھومتی ہو ۔

وہ اس کے سر کو اپنے ایک ہاتھ سے تھوڑا اونچا اٹھا کے پانی کا گلاس اس کے احمریں لبوں سے لگاتا گھمبیر اور بھاری لہجے میں گویا تھا ۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!آ۔۔آپ۔۔۔۔

آپ ٹھیک تو ہے نا ؟؟؟

آپ کی چوٹ کیسی ہے ؟؟

اب تو خون نہیں نکل رہا نا؟ ؟؟

کئی سوالات کی بوچھاڑ ایک ہی ساتھ کی گئ ۔

وہ حواس باختہ سی لیٹے سے اٹھ بیٹھی تھی اور سسکتے ہوئےاس کے سینے سے جا لگی تھی ۔۔۔۔

!!ریلیکس سو ہا میں ٹھیک ہوں۔۔۔

وہ نا چاہتے ہوئے بھی کچھ جھجکتے ہوئے اس کی پشت کو سہلاکر دلاسہ دینے لگا۔ ۔۔

اس کے پر حدت لمس کو محسوس کرکے وہ یکدم جھینپ کہ اس سے فاصلے پہ ہوئی تھی ۔۔۔

خفت و حیاءسے اس کا چہرہ سرخ ہوا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مصطفی بہت اچھی طرح سے سمجھ رہا تھا اس کے گریز کو...

وہ نازک کمسن چھوٹی سی لڑکی کہاں اس جیسے کسرتی ڈیل ڈول کے مالک لحیم شحیم مرد کی آنچ دیتی قربت کوجھیل سکتی تھی...!!!

وہ تو مصطفی کے آگے ایک بہت ہی نازک سی کانچ کی گڑیا کی مانند تھی جو زرہ برابر بھی بے احتیاطی سے چھونے سے ٹوٹ جاتی ...!

وہ بیان کرنے سے قاصر تھا کہ وہ اس کیلئے کیا ہے۔ ۔ جو لفظوں میں بیاں ہونا ناممکن تھا ۔

"میں اب بالکل ٹھیک ہوں مگر تمہارا دل تو بالکل چڑیا جیسا ہے ..."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کے سر پہ ہلکی سی چپت لگاتا ماحول کو ہلکا پھلکا کرنے کی غرض سے اپنی عادت کے برخلاف اس کو چھیڑنے اور تنگ کرنے لگا ...

کافی حد تک وہ سوہا کی خفت مٹانے میں کامیاب ہوچکا تھا۔ ..

وہ اب انتہائی فکر مندی سے اس کے مضبوط و بھاری ہاتھ کو ٹٹولتے ہوئے زخم کی نوعیت کو کسے ماہر ڈاکٹر کی طرح جانچ رہی تھی ....

اگر آپ ٹھیک ہیں تو لائیں میرے سامنے اپنی ہتھیلی پھیلائیں!!! ...

معصومیت سے پر انداز میں خواہش ظاہر کی گئی تھی ۔مصطفی نے اس کے چہرے کو اپنی آنکھوں کے حصار میں لیا تھا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نشیلی کانچ جیسی آنکھیں جن پہ شہد رنگ گھنیری پلکوں کی جھالر ،سفید میدے کی مانند چہرے پہ گھلتی ہوئی لہو رنگ سرخی ،گلابی پنکھڑی جیسے خمدار لب اور اس پہ تضاد ہونٹ کے نیچے ننہ مگر گہرا تل، ستواں چھوٹی سی سرخ ناک جو رونے کی وجہ سے مزید سرخ ہو چکی تھی ۔ دلکش تراشہ نازک و حسین سراپہ!! تمام تر حشر سامانیوں سے لبریزتھا ----!!!

!!اور وہ خبر ---

کافی دیر تک جب مصطفی نے اس کی بات پہ کوئی ردعمل نہ دیا تو خود سوہا نے انتہائی پریشانی اور فکرمندی سے اس کے مضبوط بھاری ہاتھ کو ٹٹول کر چوٹ کا مائنہ کرنے لگی ----

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی ہر ہر انداز سے فکرمندی عیاں تھی ۔۔آنکھوں کے ڈورے سرخی لیے ہوئے تھے۔ جو اس بات کا غماز تھے کہ وہ ابھی بھی خود پہ بہت مشکل سے ضبط کے بندھ باندہ رھی ہے ورنہ اشکوں کو روکنا اس کے بس کی بات نہ رہی تھی ---

جبکہ مصطفی بے خود اور بے بس سہ ہو کے اس کو تکے جارہا تھا ۔کتنی پریشان تھی وہ اس کے لیے کس قدر معصومیت اور فکر مندی تھی اس وقت اس کے چہرے پہ۔ ---

!!!ایں----

میں آپ سے بات کر رہی ہوں اور آپ ہیں کہ مجھے سن نہیں رہے۔ وہ اب خائف سی ہو کہ اس کو ڈبٹتے ہوئے بولی تھی بڑی بوڑھیوں کی طرح۔

چند ہی لمحوں میں وہ اس کا کرتا (جووہ خود زیب تن کی ہوئی تھی)دانتوں سے پھاڑ کہ دامن والے حصے سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک لمبی سی چندھی پھاڑ کر الگ کر چکی تھی ---
اور اب بڑے اطمینان سے وہی چندھی سے بنائی گئی پٹی کو اس کی ہتھیلی پہ لپیٹ کہ انگلی پہ باندھ چکی تھی ---
مصطفی حیرت اور بے یقینی سے اس کو تک رہا تھا ----

میں نے یہ تو سنا تھا کہ ہیروئن نے اپنا دوپٹہ پھاڑ کے ہیرو کے زخم کی مرمت کی مگر یہ پہلی دفعہ دیکھ رہا ہو کے اپنا دامن وہ بھی ہیروں سے ادھار لیے گئے کرتے کا !!کتنے آرام سے شہید کر کے ہیرو کے ہی ہاتھ پہ ہی لپیٹ دیا ----

وہ خود کو ہیرو اور اس کو ہیروئن کی تشبیہہ دیتے ہوئے ہلکے پھلکے انداز میں قہقہہ لگاتے ہوئے ہنسنے لگا ..وہ بہت کم ہنستا تھا مگر سوہا نے شاید اس کو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہنسنا سکا دیا تھا ۔وہ لمحے بھر کو آ سکے ہنسی مذاق کرتے انداز کو دیکھتی رہی کتنا ڈیشنگ لگ رہا تھا وہ اس نئے لب و لہجے میں۔ ورنہ ہمیشہ چہرے پر کرختگی اور سختی ہی پائی جاتی تھی ----

پلیز آپ اس وقت مذاق تو مت کریں میری وجہ سے آپ کا خوامخواہ میں ہاتھ زخمی ہو گیا۔ ۔

وہ خائف ہوکر گھبرائے ہوئے لہجے میں پشیمانی سے بولی ---

مصطفی کا دل چاہا تھا کہ اس کو زور سے خود میں بھینچ لے اور کبھی بھی اپنے حساب سے نکلنے نہ دے ---

!!ہاہ .....مگر ..... فی الحال ناممکن ---

ٹھنڈی آہ بھر کر رہ گیا اور بےبس سا ہو کر اٹھ کھڑا ہوا ۔۔

ارے مصطفی بھائی کہاں جا رہی ہیں ؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دوستانہ لہجے میں اس کے جذبات سے بے خبر فکرمند لہجے میں پوچھ رہی تھی ۔

ناجانے کب اس "بھائی "کے دم چھلنے سے میری جان چھوٹے گی۔ ؟؟؟

دھیمے سےبڑبڑاھٹ ہوئ ،مسکراتے لب کلس کے سکڑے تھے۔

بھنویں اک دفعہ پھر تن گئیں تھیں ۔کچھ دیر پہلے والا خوشگوار موڈ دوبارہ کہیں دور جا سویا تھا ۔۔۔

تو واپس وہیں مصطفی بن چکا تھا ۔۔۔۔

!!وہ واپس سخت گیر اور حاکم مزاج بن بیٹھا تھا ۔ ۔۔۔

کہیں نہیں تمہیں بھوک لگی ہے نہ۔ ؟؟

میں ناشتہ لے کر آتا ہوں بنا کر تمہارے لِئے۔ ۔

وہ بغیر اس سے نظریں ملائے بھاری لہجے میں کہتا کچن کی طرف بڑھنے لگا ۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں آپ رہنے دیں میں بنا لیتی ہوں اور اب تو ویسے بھی دوپہر کا وقت ہو رہا ہے میں کھانا ہی بنا لوں گی دوپہر کے لیے ۔۔

وہ لاپروائی سے کہتی یہ بھول چکی تھی کہ مصطفی کے سامنے اس نے یہی ظاہر کیا ہے کہ وہ کچن کا کوئی کام نہیں جانتی ۔۔۔۔

مطلب ؟؟؟

وہ چونک کر پلٹا تھا تیوریاں چڑھآئے وہ اس سے استفسار کر رہا تھا۔ لہجے میں حیرت کے ساتھ ساتھ تیکھا پن بھی تھا۔ ۔

!!!اوپسسسسسس۔ ۔۔۔

!!!مارے گئے ۔۔۔

وہ یکدم گڑبڑائی تھی چہرہ لٹھے کی مانند سفید پڑا تھا۔۔ جب کہ زبان دانتوں تلے د ب چکی تھی ۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!دھت تیری کی۔۔۔

سوہا تو اپنے ہی کھودے گئے کھڈے میں خود گرنے "
"کی تدابیر کر ڈالی ہے۔۔۔۔

وہ بری طرح سٹپٹائی تھی۔ ۔

جب اوکھلی میں سر دے ہی دیا ہے تو اب پھر چوٹ
!سے کیسا ڈر ؟؟

مصطفی کی خشمگیں آواز سوہا کو لرزا گئی تھی ۔۔۔

□□□

□□□

تم اندر چلو بیوقوفوں والی حرکت مت کرو ۔۔۔

نہیں عمر پلیز آپ مجھے کسی یتیم خانے چھوڑ آئیں۔

۔۔۔

میں گھر میں داخل ہونے کی خود میں سکت پیدا نہیں
کر پا رہی ۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پاگلوں والی باتیں مت کرو قدم بڑھاؤ اندر چلو۔۔۔

وہ ہلکے ہلکے بول رہا تھا کہ کہیں کوئی اس وقت بہار نہ آجائے بیدار ہوکے۔

لائبہ کی اجڑی بکھری حالت اس کے ساتھ ہوئی زیادتی کا چیخ چیخ کر پتہ دے رہی تھی۔

وہ دونوں اس وقت گھر کے اندر کھلنے والے داخلی دروازے پر کھڑے تھے۔۔

رات کے دو بجے کا وقت تھا۔۔

وہ جان کر اس کو لے کر دیر سے گھر پہنچا تھا تاکہ گھر کے سبھی افراد اپنے اپنے کمروں میں جاچکے ہوں جب تک وہ دونوں گھر پہنچیں اور اب تو خیر سے خاصی دیر بھی ہو گئی تھی گھر کے سبھی افراد 12بجے تک سو جایا کرتے تھے اور جونہی بھی سو تھا وہ بھی اپنے کمرے میں بند ہو چکا ہوتا ۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئمہ کے کئی دفعہ آئے فون پر وہ کہہ چکا تھا کہ لائبہ کی دوست نے کھانے پر روک لیا تھا اور بارش ہونے کی وجہ سے آنے نہ دیا ...

جیسے ہی موسم کچھ صاف ہوا وہ دونوں فوری گھر کے لئے نکلے ہیں ..

وہ نہیں جانتا تھا کہ آئمہ مطمئن ہوئی یا نہیں مگر اس نے اپنی بات کہہ کے جھٹ فون بند کر دیا تھا اور دوسرے لمحے ہی گھر کے ایک وفادار ملازم کو فون کرکے کہہ دیا تھا کہ ساڑھے گیارہ یا پھر پونے بارہ کے قریب وہ جاکر رحمان صاحب کے بیڈروم میں کہہ دے کہ عمر صاحب لائبہ بی بی کو چھوڑ گئے ہیں اور وہ اپنے بیڈ روم میں آرام کر رہی ہیں اور لائبہ بی بی نے آپ سب سے صبح ملنے کا کہا ہےوہ بہت تھک چکیں ہیں اور سونا چاہتی ہیں۔ . ...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور اگر میرے کے بارے میں کوئی پوچھے تو کہہ دینا کہ وہ واپس کہیں کام سے چلے گئے ہیں ----

عمر نے لائبہ کو بچانے کے لیے تمام تر تدبیریں کر ڈالی تھی ---

ملازم سے بھی اس نے اسطرح بات کی تھی کہ وہ بھی کسی قسم کے شک و شبہہ میں پڑھے بغیر اس کا کام کرنے کی ہامی بھر گیا تھا ---

عمر نے اس سے اسطرح بات کی تھی کہ جیسے وہ لائبہ کو ابھی ابھی گھر چھوڑ کے گیا ہو اور خود واپس چلا گیا تھا کسی بہت ضروری کام سے۔ ۔

وہ گھر میں سب کو سوتا دیکھ کر کسی کو بھی جگانے کے بجائے اسکو فون کرکے بتاکر واپس جاچکا تھا۔ ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمر آپ میری بات سمجھئیےپلیز" ۔۔"

یہ وہ سچ ہے جو میں دونوں ممانیوں کی جہاندیدہ نظروں سے زیادہ دیر تک نہیں چھپا سکتی "۔۔

وہ بے بسی سے بولی جبکہ آنکھیں مسلسل گریہ وزاری پہ تلی ہوئی تھی ۔۔۔

کچھ بھی نہیں ہوگا میں ہوں نہ تمہارے ساتھ"۔۔۔"

میں تمہیں ہر قیمت پہ کسی رکھوالے کی طرح ہر " مشکل سے بچا لوں گا" ۔۔

"

ایک دفعہ دیر کر چکا ہوں مگر اب اپنی جان پہ کھیل " جاؤں گا مگر کبھی تم تک پہنچنے میں دیری نہیں کروں گا ۔۔۔۔"

یہ میرا تم سے وعدہ ہے "۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے خود اعتمادی سے کہتا ۔اس کو اپنی وفاؤں کا یقین دلارہا تھا۔ یکدم لائبہ اس کو اپنی عمر سے کئی زیادہ بڑی لگی تھی ۔کتنی کم سن تھی وہ کل تک۔ ۔۔۔۔۔!!

اور آج وقت نے اس کو یکایک ہی کتنا بڑھا کر چھوڑا تھا ۔۔"۔۔۔

" مجھ پہ بھروسہ کرو میں تمہارے مجرم کو تمہارے سامنے لاؤں گا۔ پھر تم جو سزا چاہو اس کو خود دینا کوئی تمہیں نہیں روکے گا "۔۔۔

وہ گھمبیر لہجے میں کہہ رہا تھا جبکہ اس شخص کو سوچتے ہو اس کی آنکھوں میں خون اتر آیا تھا جس کو اس نے دیکھا تک نہیں تھا ۔۔۔

لائبہ نے سسکتے ہوئے اس عظیم شخص کو دیکھا تو جو اتنا سب ہو جانے کے باوجود بھی اس کے ساتھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کسی مضبوط اونچی بڑی چٹان کی طرح اس کا ساتھ رہا تھا ۔۔۔

مجھ پہ بھروسہ کرتی ہو نہ؟؟؟

وہ اس کو شانوں سے تھام کر اس کے سامنے اپنی چوڑی ہتھیلی پھیلا کہ بولا تھا۔

آنکھیں منتظر تھیں۔ ۔۔۔۔وہ خود پر اس کا اعتماد چاہ رہا تھا۔ ۔۔۔

ا

لائبہ نے اپنا لرزتا کانپتا ہاتھ اس کے ہاتھ میں تھمایا

۔۔۔۔۔۔

چلو اندر اور بے فکر رہومیں تمہیں تمہارے کمرے تک بحفاظت پہنچاؤں گا۔ ۔۔!!!

کسی کی نظر تک تمہاری پرچھائی تک کو دیکھنا تو " دور کی بات چھو تک نہیں سکے گی ۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سرگوشی میں کہتا گھر کا دروازہ کھول کر احتیاط سے لاؤنج عبور کرتا اوپر پہلی منزل پہ اسکو اسکے کمرے تک پہنچا چکا تھا .....

وہ اس کے کمرے میں پہنچ کہ اچھی طرح اسکو پرسکون رہنے کی ہدایت کرکے پلٹا ہی تھا کہ۔ ۔

یہ سب کیا ھو رہا ہے ؟؟؟

کیا کر رہے ہو تم دونوں رات کے اس پہر تنہائی میں؟؟؟

صاحبزادہ تم کیوں لائبہ کے کمرے سے نکل رہے ہو اس وقت ؟؟؟؟؟

رحمان صاحب کی زناٹے دار آواز پورے گھر کے در و دیوار کو ہلا کے رکھ دی تھی ---

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ دیر پہلے کوریڈور سے گزرتی فجر اب نہ جانے کہاں غائب ہو چکی تھی ؟؟؟

جبکہ اس کا سرخ دوپٹہ فرش پر پڑا تھا ۔۔

حماد صاحب ابھی حیرت کی زد میں تھے جب ان کی نظر دوپٹے سے تھوڑے فاصلے پہ فجر کی ٹوٹی لال ،سفید اور ہری چوڑیوں پہ پڑی تھی ۔۔

وہ ساکت و صامت سے رہ گئے تھے ۔۔

!!فجر۔۔۔۔

بیٹا کہاں ہو تم ؟؟؟؟

وہ اب باقاعدہ اس کو آواز یں دے رہے تھے۔۔

پریشانی ان کے لہجے سے عیاں تھی ۔۔

پورا وجود پسینے میں بری طرح نہا چکا تھا ۔۔۔

ابھی تو وہ ان کی آنکھوں کے سامنے سے گزری تھی

پھر اچانک سے وہ کہاں غائب ہو سکتی ہے ؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا ہوا سب خیریت تو ہے ؟؟؟

غزل بوکھلا کے اپنے کمرے سے بھاگتی ہوئی حماد تک پہنچی تھی انکی فجر کو دیتی آوازیں سن کے۔ ۔۔

جبکہ حماد صاحب اب چوڑیاں اور دوپٹہ پہ ایک ووران نظر ڈالتے آگے بڑھ کے چھت پہ جاتی سیڑھیوں کی طرف بڑھ چکے تھے اور مسلسل متلاشی نظروں سے ادھر ادھر دیکھتے فجر کو آواز دے رہے تھے ۔۔۔

نہیں کچھ نہیں تم ابھی اسی وقت مان کے کمرے میں جاؤ اور دیکھو فجر ٹھیک ہے نہ۔۔۔؛؛

وہ بد ہواسی کے عالم میں چہرے پہ ہاتھ پھیر کر بولے تھے ۔۔

لہجہ ہر حد درجہ وحشت زدہ تھا ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا آپ روم میں چلیں میں جاتی ہوں دیکھتی ہوں!!.....

وہ زبردستی ان کا بازو پکڑ کر بولی تھی ---

!ایک منٹ میرے ساتھ چلو کوریڈور کی طرف -----

وہ غزل کو اپنے ساتھ کھینچتے ہوئے تیز قدم بڑھاتے کوریڈور میں واپس پہنچے تھے----

یہ دیکھو یہ کیا ہے ؟؟؟؟

کیا کیا ہے ؟؟؟

کیا دیکھوں؟ ؟

!!یہاں تو کچھ بھی نہیں ہے ----

غزل کو صحیح معنوں میں حماد صاحب کو دیکھ کر تشویش نے آن گھیرا تھا۔ کچھ تو ایسا تھا جو وہ اس وقت عیاں نہیں کر پا رہے تھے۔ --

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابھی تو یہیں تھا سب۔ ----!

کیا سب کیا کہہ ر ہیں آپ کھل کر کہیں ..

غزل نے چاروں طرف نظر دوڑائی مگر کہیں بھی کچھ ایسا نہ تھا جس کی وجہ سے حماد صاحب اس وقت اس قدر سراسیمہ نظر آ رہے تھے ...

نہیں تم جاؤ ..

کچھ نہیں بس ویسے ہی اور مان کے روم میں فجر کو دیکھو....

وہ ٹھیک تو ہے ؟؟؟

لہجے میں پریشانی رقم تھی..

فکرمندی تھی فجر کو لے کہ جبکہ غزل جلدی سے اپنے مزاجی خدا کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے بیٹے کی کمرے کا طرف رخ کر گئی تھی ...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی آنٹی سب خیریت ہے ؟!؟

وہ شدید نیند میں جھومتی سوتے سے اٹھ کر آئی تھی۔۔

ایک سے دو دفعہ ناککرنے کے بعد فجر نے دروازہ کھولا تھا۔۔۔

نہیں سب خیریت ہے وہ بس یہ پوچھنا تھا کہ تمہارے پاس سب کچھ ہے کسی کی چیز کی ضرورت تو نہیں ہے ۔۔۔۔؟؟

غزل گڑبڑاکر بولی تھی ۔کچھ بن بھی تو نہیں پڑ رہا تھا۔ کیا مقصد بیان کرتی وہ اس وقت آپ نے آنے کا ۔۔؟؟

نہیں اماں جان میرے پاس سب کچھ ہے۔۔

!!اگر آپ کو کوئی کام تھا تو کہیں پلیز۔ ۔

وہ اباسی لیتے ہوئے نیند بھگانے کی کوشش کرتے ہوئے کہہ رہی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں بیٹا بس تم سو جاؤ اور معذرت تمہیں پریشان کیا ۔۔

کوئی بات نہیں۔۔

وہ مسکرا کر بولی تھی ۔

اچھا چلو بیٹا اب تم بھی جاؤ آرام کرو شب بخیر۔۔۔

کیا ہوا فجر ٹھیک ہے ؟؟

فجر ٹھیک ٹھاک ہے ۔۔۔

اپنے کمرے میں ہے اور سو رہی ہے ۔۔۔

اب آپ بھی چلئے نہیں تو جاگتے رہنے سے صبح آپ کی طبیعت خراب ہو جائے گی۔۔۔۔

وہ اپنے کمرے میں ہے ۔۔۔

تو پھر وہ سب کیا تھا ۔۔؟؟؟؟

ٹوٹی چوڑیاں۔۔

!!!لال دوپٹہ ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مائوف ہوتے دماغ کے ساتھ اپنے کمرے کی طرف بڑھتے ہوئے سوچ رہے تھے ۔۔
قدموں میں لڑکھڑاہٹ تھی ۔۔۔

□□

وہ جلدی جلدی کچن میں کھڑی حمزہ کے اٹھنے سے پہلے تمام کام نمٹاکے اس کے لئے ناشتہ بنا رہی تھی۔۔۔
تاکہ خود بھی اس کے ساتھ بیٹھ کر ناشتہ کر سکے ۔
دس بج چکےتھے مگر حمزہ ابھی تک اٹھا نہیں تھا ورنہ عموماً وہ 9 بجے تک اپنے بیڈ روم سے باہر آ جایا کرتا تھا ۔
جبکہ شفا صبح فجر کے وقت صحیح اٹھ کر جلدی جلدی سب کام نمٹانے لگتی تھی۔۔
وہ ناشتہ ٹیبل پہ لگا کہ کچن ٹاول سے اپنے دونوں ہاتھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خشک کرتی حمزہ کو جگانے بیڈروم کی طرف بڑھنے لگی تھی ۔۔

مگر حمزہ کو لاونج میں کیا آتا دیکھا کہ وہ خوشی سے کھل اٹھی تھی ۔۔۔

حمزہ نک سک سے تیار آفس جانے کے لئے بالکل ریڈی تھا۔۔

ارے آپ اٹھ گئے۔۔۔

میں تو آپ کو ہی اٹھانے آ رہی تھی۔۔

ناشتہ بالکل تیار ہے۔

وہ حمزہ کے اکھڑے اکھڑے چہرے اور تاثرات کو جانچے بغیر بول رہی تھی ۔۔۔

آئندہ تمہیں آج کے بعد یہ زحمت نہیں کرنی پڑے گی ۔۔

میں تمہیں ط۔!!!۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہتے کہتے نہ جانے کیوں رک سا گیا تھا ۔۔

بے رخی سے کہتا شفا کو اپنے سامنے سے ہٹا کے دھکا دینے والے انداز میں صوفہ پہ گرا تا آگے بڑھ گیا تھا ۔۔۔

کیا ہوا مجھ حمزہ کیوں خائف ہیں؟ ؟؟

مجھ سے کوئی غلطی ہو گئی ہےکیا؟ ؟؟

وہ حواس باختہ سی اس کے پیچھے بھاگی تھی ۔۔۔۔

□□□

□□□□□

تو تم اس طرح باز نہیں آؤں گی ؟؟؟؟

وہ لہجے میں حد درجہ رکھائ سموکے بولا تھا ۔۔۔

آنکھیں شدید اشتعال سے سرخ ہو رہی تھی ۔۔۔

"چین سے تو میں بھی آپ کو جینے نہیں دوں گی ۔۔۔"

جب تک میں آپ کے ساتھ ادھر ہو رات کو دن اور دن " کو رات نہ بنا دیا تو میرا نام میں خود ہی بد ل دونگی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"------

نہ آپ کو انگلی انگلیوں پہ نچایا تو میرا نام بھی سوہا "

"رحمان نہیں --------

وہ اس کو بے خیالی میں دیکھتے ہوئے دل ہی دل میں سوچتی زیرلب مسکرائی تھی ------

مصطفی نے اس کو خاموش اور خود کو خوامخواہ تکتا دیکھ اور وہ بھی مسکراتے ہوئے------

مصطفی کے تو گویا تن بدن میں آگ لگ گئی تھی ---

اونگی نیچے بھی آؤ نگی -------پہلے بتائیں اب تو مجھ سے شادی کر نے کا ارادہ کینسل ہے نا ؟؟؟

وہ اس کے خود کو کھینچنے کے لئے بڑھائے ہوئے ہاتھ پر تالی مار کہ---- ایک آنکھ کو میچ کت شرارت سے بولی

اور پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو جوڑ کر کراس کی شکل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں کرتی۔ ------ بستی سی کی نمائش کی گئی تھی---

!!!کینسل۔ --------

یہ تو تمہاری بھول ہے ----اب تو اور پختہ ہوگیا ہی میرا ارادہ کیونکہ صرف میں ہی سدھار سکتا ہوں تم "جیسی پھاپھا کٹنی کو ..

او ویری سیڈ -------بھول ہے آپ کی سوہا کو سدھا رنا مشکل ہی نہیں بلکہ ----------

میرے لئے چٹکیوں کاکام ہے ---میں اگر چاہو تو تمہیں ابھی اسی وقت لمحوں میں زیر کرسکتاہوں

--------"اسکی بات وہ بیچ میں سے اچک کر بولا تھا ---

..اور کہتے کہ ساتھ ہی چھپاک سے اس کی کہی بات پہ ہیں اس خود کو پڑی سوہا اور اپنے درمیان کا ہاتھ بھر کا فاصلہ مٹا گیا ۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوہانے گڑبڑا کہ جلدی سے ہاتھ میں موجود اپنا دوسرا ہتھیار مصطفی سے فائٹ کے لئے بچایا گیا آخری ہتھیار بھی اب اپنے بچاؤ کے لئے استعمال کیا تھا ۔۔

وہ اپنے اور مصطفی کے درمیانی فاصلے میں بڑی تیزی سے کشن کو حائل کر گئی تھی ۔۔

مصطفی نے اس کے بے ضرر سے ہتھیار کو چھین کر ہوا میں اچھال دیا ۔۔آنکھوں میں کسی بھی قسم کی نرمی کا عنصر مفقود تھا ۔۔

اس کی اوٹ پٹانگ حرکتوں نے اس کا دماغ بھنوٹ کر چھوڑا تھا۔

ہاتھ بڑھا کر اس نے سوہا کو ایک ہی جست میں نیچے اتارا تھا صوفہ سے ۔۔۔۔

اور پھر اسی سنگل صوفے پہ ایک ہاتھ سے دھکا دے کر دوبارہ اس کو اسی گرا کہ وہ خود سوہا پہ جھکا تھا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس طرح کہ صوفے کے دونوں کونوں پر ہاتھ رکھ کر وہ سوہا کے فرار کی تمام راہیں بند کر گیا تھا ۔۔

" یہ صرف تم ہو جس کی میں یہ سب بدتمیزیاں خندہ پیشانی سے برداشت کر رہا ہوں ۔۔۔اگر کوئی اور ہوتا تو اب تک اس کا دماغ میں کب کاٹھکا نے بھی لگا چکا ہوتا ۔۔۔مجھے مت مجبور کرو کہ میں تم سے عاجز ہو کہ تم پر سختی کرو اور ایک بات اور اپنے اس پھپوند لگے دماغ میں بٹھا لو کہ شادی تو تمہاری مجھ سے ہی ہوگی ۔۔۔اس لئے بہتر ہے جلد از جلد اپنے دماغ کو میک اپ کرو میں کراچی پہنچتے ہی جواب ہاں میں لینے آوں گا ۔۔۔ابھی سے خود کو اس بات پر امادہ کرلو اور آئندہ کبھی مجھ سے جھوٹ مت بولنا۔ ۔۔۔۔۔۔ مجھے جھوٹ سے سخت نفرت ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

--

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں چور کومعاف کر سکتا ہوں مگر جھوٹے کو نہیں "
"-------

وہ پھٹی پھٹی آنکھوں اور تھمی ہوئی دل کی دھڑکن کے ساتھ خود پہ جھکے مصطفی کی گرم گرم پر حدت سانسوں کو محسوس کر سکتی تھی ۔۔

مگر نظریں اٹھا کر اس وقت موجود مصطفی کے چہرے کے قہر برساتے تاثرات کو دیکھنے کی خود میں سکت نہیں رکھتی تھی ۔۔۔۔

جبکہ مصطفی اپنی بات کہہ کر اس کے چہرے کو فوکس کیے اب اس کے تاثرات جانچنے کی کوشش کر رہا تھا کہ آیا کس قدر اس کےسخت لہجے اور باتوں کا اس پر کالا کے اوپر اثر ہوا ہے ۔۔۔۔

اٹھو اب یہ میرے سامنے فضول قسم کی ڈرنے ڈرانے " کی ایکٹنگ بند کرو اور جا کہ کھانا بنائو ۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں تو یہ تو تمہیں پتہ چل ہی گیا ہوگا کہ میں پیار کی زبان بولنا بھی جانتا ہوں اور دوسری کئی زبانیں بھی مجھے بیک وقت بولی آتی ہیں ۔۔۔"

وہ کہ کہہ کر پیچھے ہٹ چکا تھا ۔۔۔۔ سوہا کا دلکش چہرہ اس کو اپنے حصار میں قید کرنے کو تھا ۔۔۔۔

□□□□□

لائبہ کو کچھ ہوش نہ تھا کہ۔۔۔۔ کیا ہوا ؟؟کیسے ہوا ۔۔؟؟

وہ شدید اذیت کا شکار تھی۔

ہوش تو اس کو جب آیا تھا جب وہ لائبہ عمر بنا دی گئی تھی ۔۔۔۔

یہ کیسی شادی تھی؟؟

جس میں کوئی براتی تک نہیں تھا اور نہ ہی کوئی سجاوٹ۔۔۔۔

نہ ہی سجی سنوری دلہن ۔۔۔

ہاتھوں و پیروں کو پیا کے نام کی سرخ حنا تک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہ لگی تھی۔۔۔

کسی سکھی شادی کی گیت نہ گائے تھے ۔۔۔

کسی نے دلہن کو ابٹن نہ لگایا تھا۔ ۔۔۔

وہ ایسی لڑکی تھی جو بھلے چاند رات پہ صبح کے چھ بھی بج جائیں وہ ہاتھ پہ مہندی لگوا کر ہی گھر واپس آتی تھی۔۔۔۔۔

مہندی سے اس کو جنون کی حد تک عشق تھا ۔۔۔

اکثر جب ماں اس کو ہر وقت مہندی لگا تا دیکھتی تو دو ٹوک دیا کرتی تھی ۔۔

ماں کے کہنے پر وہ جھنجھلا کے کہا کرتی تھی مہندی اور میرے بیچ میں آپ نہ آئیں ۔۔۔مہندی کی خوشبو مجھے اپنی طرف کھینچتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کے ہاتھوں پہ کم و بیش ہی ایسا ہوا کرتا تھا کہ مہندی نہ لگی ہو ۔۔ورنہ ہر وقت اس کے ہاتھوں پہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہندی اپنے رنگ کی خوبصورتی اور ہاتھوں کی دودھیا رنگت کی وجہ سے خوب جچا کرتی .....

ایک لڑکی اپنی شادی کے حوالے سے کیا کچھ خواب نہیں دیکھتی.....

کیا کیا نہیں سوچتی ؟؟؟

وہ بھی توایک نازک سی لڑکی تھی ...

کیا اس نے کوئی خواب نہیں سجائے تھے ؟؟

!!!اپنی زندگی کے اس اہم ترین دن کے لئے .....

کیسے ایک ہوس پرست و جسم کے بھوکے شخص نے اس کی آنکھوں سے سب خواب ننوچ ڈالے تھے ....

مگر وہ اب صبر شکر کرنا سیکھ گئی تھی،.....

وقت میں اس کو محض ایک ہی دن میں بہت کچھ سیکھا دیا تھا ...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سمیرا نے اس کو سہارا دے کر اٹھایا تھا عمر کے بیڈروم میں لے جانے کے لئے۔۔۔

رحمان صاحب کے اشارے پہ جو اس کے ماں باپ کو نا جانے کیا کہہ کر اس نکاح کے بارے میں پتا کر مطمئن کر رہے تھے۔۔۔

لائبہ کو بس اتنا پتہ تھا کہ اس کے ماموں نے اس کے اور عمر کے کردار پر کوئی بھی حرف نہیں آنے دیا تھا ۔۔

نہ جانے کیا کیا بہانے گھڑے تھے ؟؟؟؟

!!کیا کیا دلیلیں پیش کی تھی ۔۔۔۔۔

معلوم نہیں مجبور تاً کن کن جھوٹ کا سہارا لیا تھا ؟؟؟۔۔۔۔

جب جا کے اس کی ماں باپ کچھ مطمئن ہوئے تھے

۔۔۔۔۔

جائو بیٹا نئی زندگی کی شروعات خوشیوں سے کرنا ۔۔۔

جو ہو گیا اس کو ایک برا خواب سمجھ کر بھول جاؤ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خوش رہو آباد رہو ---

میری نیک تمنائیں تمہارے ساتھ ہیں ---

ائمہ نے اس کے سر پر شفقت بھرا ہاتھ پھیر کہ دعائیں دی تھی --

لائبہ نے بغیر کوئی تاثر دئے خاموشی سے اٹھ کر سمیرا کے ساتھ ساتھ قدم بڑھانا شروع کر دئیے --

اس وقت صبح کے آٹھ بجنے کو تھے----

کیا کوئی دلہن اس وقت بھی رخصت ہوئی ہے کبھی ؟؟؟

اس نے تو اپنی زندگی میں کبھی بھی کسی لڑکی کو اتنی صبح پیادیس سدھارتے نہیں دیکھا تھا ---

لائبہ کے دماغ میں کئی زہریلی سوچیں مستقل ڈیرہ جمائے ہوئے تھے --وہ گم سم سی بس عمر کے کمرے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کی طرف بڑھ رہی تھی ----

□□□□

وہ ایک بھائی تھا محبت کرنے والا بھائی جو اپنی بہنوں پر جان نچھاور کرتا تھا۔۔

اس نے کبھی بھی نہیں سوچا تھا کہ زندگی ایسا رخ بھی اختیار کر سکتی تھی ۔۔

جب اسکو اپنی دونوں بہنوں کی شراکت کے بغیر ہی نئی زندگی کا آغاز کرنا پڑگیا تھا ۔۔۔

سوہا کے لیے وہ پریشان تھا کیونکہ وہ مری میں پھنسی ہوئی تھی لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے مگر شفا کو ناچاہتے ہوئے بھی نکاح کے وقت نہ لا سکا تھا۔۔۔

جانتا تھا کہ اس وقت رحمان صاحب کا غصہ سوا نیزے پہ ہے۔۔۔ اگر ایسے میں حمزہ کوئی بھی سخت بات

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہہ جاتا تو معاملات مزید خراب ہونے کے درپے ہو جاتے۔۔۔

اور پھر جو صورتحال تھی اُس وقت ۔۔۔۔

اس کو یہی مناسب لگا کہ جلدازجلد نکاح طے پا جائے تاکہ وہ لائبہ کو ایک مضبوط سہارا دے سکے ۔۔

مزید اس سے اب صبر نہ ہوا تھااور وہ اس کو لینے کے لئے آن پہنچا تھا ۔۔۔عمر کا نا جانے کیوں اچانک شفا کو لے کر دل بہت شدید پریشان ہوا تھا ۔۔۔

وہ مزید اب اس کو دیکھے بغیر سکون سے رہ نہیں سکتا تھا ۔۔۔اس کی گاڑی نکال کر دن کے بارہ بجے کے قریب شفا سے ملنے اور اس کو لینے کے لئے آن پہنچا تھا ۔۔۔

حمزہ کے تلخ اور رکھائی آمیز رویے کی اس کو رتی برابر بھی پرواہ نہ تھی ۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ صرف اپنی معصوم بہن کا خیال کر کے آیا تھا مگر جیسے ہی وہ کار پورچ میں گاڑی پارک کرکے اترا تھا۔۔۔۔ سامنے شفا کا بکھرا وجود دیکھ کر وہ ٹھٹک گیا تھا دل میں اچانک درد کی شدید لہر سی اٹھی تھی ۔۔

۔وہ دوڑتا ہوا شفاء تک پہنچا تھا جو کسی زندہ لاش کی طرح ناک کی سیدھ میں بس قدم بڑھائے جا رہی تھی ۔۔۔۔

اس کو اپنے اردگرد کا کچھ ہوش نہ تھا ۔۔۔وہ اس وقت اتنی ذہنی انتشار کا شکار تھی کہ عمر کی موجودگی تک کو فراموش کر بیٹھی تھی ۔۔۔رو رو کر آنکھوں سے اب اشک بھی بہنے سے انکاری تھے ۔۔اجڑا وجود، دوپٹہ لاپروائی سے ایک کندھے پہ جھول رہا تھا تو آدھا زمین کو چوم رہا تھا ،بکھرے بال ملگجے کپڑے ، زرد چہرہ اور ویران پتھرائی آنکھیں !!! ۔۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چیخ چیخ کر کسی انہونی کا پتہ دے رہی تھی ---

شفا کیا ہوا ہے؟؟؟؟

کچھ تو بولو؟؟؟؟

بچہ مجھ سے بات کرو کیا ہوا ہے ؟؟؟؟؟

وہ عمر کو اپنے سامنے دیکھ رہی تھی مگر ایسے جیسے پہچان نے کی کوشش کر رہی ہو-----

عمر کو بہت اچھی طرح اندازہ ہورلہا تھا اس وقت اس کی ذہنی ابترہوئی حالت کا ---

وہ چند لمحوں تک اپنے لئے اس کی آنکھوں میں پہچان تلاش کرتا رہا پھر یک لخت اس نے اس کو بازو سے پکڑ کر جھنجوڑ کر رکھ دیا تھا------

شفا نے اس کے اس طرح سے جھنجوڑنے پر ہوش کی دنیا میں واپس قدم دھرے تھے اور اپنے پیارے بھائی کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھ کر اس سے مزید ضبط نہ کیا گیا اور وہ اس کے سینے سے لگی زاروقطار سسکنے لگی ۔۔

میرا بچہ مجھے بتا کیا ہواہے؟ ؟؟

تو کیوں اس طرح رو رہی ہے؟؟؟؟

!!!تیرے بھائی کا دل بیٹھ رہا ہے۔۔۔۔۔

عمر بہت مشکل سے اپنے لہجے کو مضبوط کرکے بولا تھا ۔۔

شفا کی آنکھوں سے جھانکتی ہوئی ویرانیاں عمر کو اندر سے کمزور کر رہی تھیں۔۔

ایک بھائی تھا نا آخر۔ ۔۔۔بہن کا دکھ درد برداشت نہیں !کر پا رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

وہ شفا کو سینے سے لگائے اس کے سر پر شفقت بھرا ہاتھ پھیرتے ہوئے پوچھ رہا تھا۔۔۔ دل کے اندر حمزہ کی وجہ سے کئ و ہم و وسوسے پیدا ہو رہے تھے ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حمزہ سےوہ ہر قسم کی امید کرسکتا تھا ....

بھائی بابا کا کیا میں نے بھگت لیا ہے .....

بابا کو بتا دو کہ جو ظلم انہوں نے ایک عورت زات پہ ماضی میں ڈھائےتھے ..ان تمام مظالم کا خمیازہ اور مداوا میں کر آئی ہوں .....!!!

بھائی میرے شوہر کا میرے باپ سے انتقام آج پورا ہو گیا ہے .....!!!

وہ عمر کا چہرہ اپنی ہتھیلیوں کےپیالےمیں لےکر ہزیانی انداز میں بول رہی تھی ....

کیا کہہ رہی ہوں شفا ؟؟؟؟؟

مجھے ٹھیک سے بتاؤ رونا بند کروپہلے ....

حمزہ کہاں ہو؟ ؟؟؟ .....

حمزہ کیا ہوا ہے باہر آؤ ؟؟؟.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اب پریشانی سے حمزہ کو پکار رہا تھا معاملے کی سنگینی کا کچھ کچھ وہ اندازہ لگا چکا تھا ---

اس کو اپنے تمام وہم اور وسوسے حقیقت کا روپ اختیار کرتے ہوئے محسوس ہو رہے تھے ----

اوہو تو سالے صاحب آئے ہیں ----

ذہےنصیب آج تو ہمارے اس غریب خانے کو بڑے بڑے لوگوں نے اپنی آمد کا شرف بخشا ہے.....

کہو سالے صاحب کیسے آنا ہوا ؟؟؟؟

حمزہ ہاتھ میں چائے کا مگ تھامے مغرورانہ چال چلتا ہوا لان میں کھڑے ان دونوں بھائی بہن تک آیا تھا ----

شفا نے نہ جانے کس خیال کے تحت اس سنگ دل کے چہرے پہ ایک نظر ڈالی تھی ۔

نہ جانے کیوں شفا کو اس ستمگر کی آنکھیں سرخ اور گوشے نم سے لگے تھے ---

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جیسے وہ بھی چین سے نہ ہو ....سکون اس کے دل کو بھی میسر نہ آ پا رہا ہو .....!!!!

کچھ عشق تھا کچھ مجبوری تھی۔

. سو میں نے جیون وار دیا

میں کیسا زندہ آدمی تھا۔

اک شخص نے مجھ کو مار دیا ۔

شفاء ایک خاموش نظر ڈالنے کے بعد اپنا رخ پھیر گئی تھی ...اور چہرے پہ شدید رکھائی لیے گویا حمزہ کی ذات کیلئے شدید نفرت کا اظہار کر گئی تھی۔ ..

بھائی یہ شخص کیا بتائے گا اس جیسے اندر سے کھوکھلے مرد کسی کو حقیقت بتانے کے قابل ہی نہیں ہوتے...

میں بتاتی ہوں آپ کو ...

اور پھر شفاء نے بغیر اشک بہائے اپنے لہجے کو سخت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور مضبوط بنا کہ عمر کو سب کچھ کہہ سنایا تھا ۔۔۔۔
عمر جیسے جیسے شفاء کی آپ بیتی سنتا جا رہا تھا
ویسے ویسے وہ اپنے آپ پہ سے آپا کھوتا چلا جا رہا تھا
۔۔۔۔
اپنی معصوم بہن کے دکھوں پہ اس کی آنکھوں میں
خون اتر آیا تھا۔۔۔
اس کے دماغ کی رگیں تن سی گئی تھی جبکہ آنکھوں
کے ڈورے شدید سرخ ہو چلے تھے ۔۔۔
تو۔۔ ۔۔۔
تو کیا میری بہن کو طلاق بھیجے گا میں خود تجھ
جیسے کم ظرف مرد سے اپنی بہن کو آزادی بلواؤ گا
بہت جلد تجھے خلع کے کاغزات مل جائے گے ۔
۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمر کسی بپھرے ہوئے شیر کی طرح حمزہ پہ چھپٹا تھا ---

زبان سے بات کرو----

ہاتھ اور پیرکی زبان مجھے بھی استعمال کرنا بہت اچھی طرح آتی ہے ----

تم ابھی میرے گھر میں صحیح سلامت کھڑے ہو یہ میری مہربانی ہے تم پہ ..ورنہ جو میری ماں کے ساتھ تمہارے اس 'اعلی ظرف' باپ نے کیا .....اس کے بعد تو تم اور تمہاری بہن سمیت ذلت کے ہار پہنانے چاہیے ----وہ طنزیہ لہجے میں اعلی ظرف بولا تھا ---

اورعمرکے ہاتھوں میں سے اپنا کالر چھڑواتے ہوئے اشتہار آمیز لہجے میں چنگھاڑا ..آنکھوں میں شدید برہمی تھی ----

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہارا انتقام میرے باپ سے ہے مگر تم اپنے بدلے کی آگ میں ایک معصوم لڑکی کی زندگی تباہ وبرباد کرنے کے درپے ہوگئے ....

اس کا مطلب تم خود بھی بہت کم ظرف کے مالک ثابت ہوئے ہوں میری نظروں میں ....

اور حقیقت میں تمہیں بتاو ایک۔ ،...

تم آج ایک دوسری آئمہ کو وجود میں لے آئے ہو ....

ا

س کا مطلب یہ ہے کہ اب نسل در نسل یہی تماشہ چلتا رہے گا ۔ ...؟؟؟؟

عمر کی آنکھیں کسی بھی قسم کے تاثرات سے عاری تھی لہجہ ایسا تھا جیسے پتھر ....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس کرو اور اپنا راستہ ناپو بہت سن لی میں نے تمہاری بکواس ۔۔۔۔چلو اپنی بہن کو لے کر دفع ہو جاؤ میرے گھر سے ۔ ۔۔۔

حمزہ غصے میں اپنا آپا کھو بیٹھا اور انتہائی بد لحاظی سے گویا ہوا ۔۔۔

نہیں بھائی میں نہیں جاؤں گی اب دوبارہ کبھی بھی اپنےباپ کی دہلیز پہ ۔۔۔۔مجھے یہ گوارا نہیں کہ میرے ماں باپ کا سر اور نظریں میری وجہ سے جھکیں میں ہرگز بھی واپس ادھر نہیں جاؤں گی ۔۔۔۔۔

شفا بہت دیر سے خود کو سنبھالے ہوئے تھے مگر اب اپنا ضبط کھو بیٹھی تھی اور زاروقطار سسکتے ہوئے عمر کو دیکھ کہ گردن ہلا ہلا کر نفی میں منع کر رہی تھی ۔۔۔

خاموش ہو جاؤ شفاء ۔۔۔۔ابھی تمہیں اتنی بڑی نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوں یوں کہ اپنے فیصلے خود کر سکو ۔۔۔چلو میرے ساتھ ۔۔

ابھی تمہارا بھائی زندہ ہے۔ ۔۔۔جب تک میں ہو تم پہ کوئی بری نظر ڈالنا تو دور کی بات بال بھی بیکا نہیں کرسکتا ۔۔۔ ۔

میری بہن مجھ پہ بوجھ نہیں ہے مسٹر حمزہ جلال

۔۔۔۔۔

بہت جلد تمہیں کورٹ کی طرف سے خلع کا نوٹس مل جائے گا ۔۔۔

وہ حمزہ پہ ایک سخت نظر ڈالتا شفا کی کلائی کو اپنے ہاتھ کی گرفت میں لیتا گاڑی کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔

پیچھے وہ رہ گیا تھا تہی دامن خالی ہاتھ ۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سہی سے دیکھو یہی ایڈریس دیا تھا تمہیں ارمغان نے یا پھر کہیں تم غلط پتے پر آ گئے ہو ؟؟؟

غزل نے پریشانی سے ارد گرد کا جائزہ لیتے ہوئے ڈرائیور کو کہا ....

ملکانی جی یہی پتہ دیا تھا مجھے صاحب نے میں بالکل صحیح پتے پر آپ لوگوں کو لے کر آیا ہوں ...

ڈرائیور کے لہجے میں بے چارگی تھی ....

بہو مجھے لگ رہا ہے جیسے ارمغان نے جلدی جلدی میں ڈرائیور کو غلط پتہ لکھوا دیا ہے ..

وہ سامنے موجود اجاڑ اور ویران پڑے بند گھر کو دیکھ کر بولی تھیں چہرے پر پریشانی ہویدا تھی .....

بی بی جی اور ملکانی جی آپ دونوں اطمینان سےبیٹھیں میں ذرا آس پاس کے گھروں میں سے کسی سے معلومات حاصل کر کے آتا ہوں .....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ہاتھ میں ارمغان کا دیا پرچہ لے کر اترا تھا جس میں فجر کے والد صاحب کے گھر کا ایڈریس رقم تھا ۔۔۔

ڈرائیور ویران گھر کے برابر والے گھر میں سے نکلتے ایک مزدور کو روک کر پوچھنے لگا تھا پتہ دکھا کر جب غزل نے ہلکا سا شیشہ کھولا تھا تاکہ ڈرائیور اور ان بزرگوں کی ہونے والی گفتگو سے اندازہ لگا سکے صحیح پتہ کا کیونکہ اس کو لگ رہا تھا جیسے ڈرائیور ارمغان سے صحیح طریقے سے گھرکا ایڈریس سمجھ نہیں پایا ہے

--

سر جی ایڈریس تو یہی ہے مگر یہ گھر تو پچھلے 37 سال سے بند پڑا ہے ۔۔۔۔اس گھر میں پچھلے کئی سال سے کوئی آکر بس نہیں سکا ۔۔۔۔

تمہارے کہنے کا مطلب ہے کہ یہ گھر آسیب زدہ ہے ؟؟

ڈرائیور نے خامخوا تجسس میں آ کر استفسار کیا ۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی ہاں اس گھر میں جس چیز کا بسیرا ہے وہ یہاں کسی کو بھی ٹکنے نہیں دیتی ---

حیرت کی بات یہ ہے کہ گزرے کئی سالوں سے یہاں کوئی بھٹکا تک نہ اور آج آپ لوگ اچانک ہاتھ میں اسی گھر کا پتہ لیے چلے آئے ہیں ---

بزرگ شدید حیرت میں تھے ----

شکریہ آپ کا بہت بہت ..

وہ ان سے مصافحہ کرکے واپس گاڑی میں بیٹھا تھا ---

ملکہ انی جی لگتا ہے ارمغان صاحب نے جلدی جلدی میں ہمیں غلط ایڈریس دے دیا ہے----

آپ ایسا کریں کہ صاحب کو فون کرکے صحیح ایڈریس معلوم کرلیں تاکہ میں آپ لوگوں کو وہاں پہنچا سکوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈرائیور نے ایک نظر حیران پریشان اس آسیب زدہ گنجان ویران گھر پہ ڈالی تھی ۔۔

اس کا دل چاہا کہ وہ ابھی اور اسی وقت اس گھر کے سامنے سے اپنی گاڑی کو ہٹا کر کہیں اور لے جائے

۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے میں فون کرتی ہوں تم یہ بتاؤ تم نے فجر کے والد صاحب کا نام تو بتایا تھانہ ؟؟؟

غزل کے بجائے اب اماں جان نے نے استفسار کیا تھا چہرے پر گہری سوچ۔ کی لکیر یں ابھری تھی ۔۔

غزل نے چونک کر اپنی ساس کے چہرے کے تاثرات کو جانچنے کی کوشش کی تھی مگر وہ کسی بھی قسم کا اندازہ نہ لگا سکی ۔ ۔۔

رہنے دو بہو مت کرو ارمغان کو فون ڈرائیور ہوں میں کام کروں گا ڑی گھرپہ واپس لیلو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اماں جان کو ایسا لگا جیسے ان کے دل پہ کسی نے اپنا بھاری وجود رکھ دیا ہو ---

وہ بڑی مشکل سے سانس لیتے ہوئے بولی تھی ---

چلو ڈرائیور گاڑی واپس لے لو مجھے اماں جان کی طبیعت ٹھیک نہیں لگ رہی ۔ --

گھر جاکے ارمغان سے کہہ کر فون پہ ہیں دعوت دیدینگے ولیمہ کی۔ --

رہ گئے شگن کے تحائف تو وہ کل ولیمے کی تقریب کے بعد ہی فجر کے گھر والوں کو دے دیں گے --

غزل ساس کی بگڑتی ہوئی حالت کو دیکھتے ہوئے ڈرائیور کو جلدازجلد واپس جانے کا حکم صادر کیا تھا --

جبکہ اماں جان جب تک اس گھر کو دیکھتی رہی جب تک وہ پھر آنکھوں سے اوجھل نہ ہو گیا ---

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بہت بری طرح سے تھک چکی تھی پچھلے کئی گھنٹوں میں وہ سالوں کی مسافت طے کرکے آئی تھی۔۔

نہ ہی وہ کوئی روایتی دلہن تھی جو دولہا کا انتظار کرتی اور نہ ہی یہ شادی کوئی بہت امنگوں سے سرانجام پائی تھی ۔۔

" میں جانتی ہوں عمر تم نے مجھ پر بہت بڑا احسان کیا ہے ۔۔تمہارا دل بہت بڑا ہے جو ایک ایسی لڑکی کو اپنے نکاح میں لیا جو اپنی عزت لٹا چکی ہو ۔۔۔"۔

" تمہیں پورا حق ہے اپنی زندگی خوشیوں بھری بسر کرنے کا ۔۔۔۔۔"

" میں کبھی تمہیں خود سے زبردستی باندھ کر نہیں رکھوں گی ۔۔۔۔۔۔"

" دوسری شادی کا تمہارا حق بنتا ہے ۔بس عمر میری

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زندگی کا بس اب ایک واحد مقصد رہ گیا ہے وہ ہے اپنی سانسوں کو گن نا ....."

" عمر میری تم سے ایک اور آخری خواہش ہوگی کہ زندگی میں کبھی بھی تم مجھ سے اپنا نام مت چھین نا ...."

وہ سوچتے سوچتے نہ جانے کب نیند کی وادی میں اتری تھی۔ اس کو خود کو بھی خبر نہ ہوئی تھی آنکھ تو اس کی جب کھلی جب عمر کے دہکتے لمس کو اپنی سردپیشانی پہ محسوس کیا۔ وہ سہم کر اٹھ بیٹھی تھی۔ آنکھوں میں وحشت اتر آئی تھی چہرہ لٹھے کی مانند سفید پڑھا تھا ...

کچھ ہی لمحوں میں شدید خوفزدہ ہو چکی تھی .. خوف و ہراس اس کی آنکھوں میں ان ہلکو لے رہا تھا .. عمر کو خود سے قریب دیکھ کہ خوف سے بری طرح

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کانپ رہی تھی ۔پورے وجود میں جھرجھری سی دوڑ گئی تھی ---

لائبہ کا پورا سراپا اس وقت پسینے سے شرابور ہو گیا تھا ---لرزاہٹ تاری تھی --

آ۔ ---آپ -----؟؟؟؟

وہ بہت مشکل سے ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں کہہ سکی تھی ---

"ریلیکس کیا ہو گیا -----؟"

"میں ہوں تمہارا شوہر ....."

عمر گھمبیر لہجے میں کہتا اس کے چہرے پہ آیا پسینہ اپنے ہاتھ کی پشت سے جذب کرنے لگا ----

"مم۔ ---مجھے ہاتھ مت لگانا-----"

وہ عمر کا لمس اپنے رخسار پہ محسوس کرکہ کرنٹ کھا کر دورہ ڈی سی ---

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمر کو اس پل اس کی آنکھوں میں اپنے لیے شناسائی کی کوئی رمق نہیں نظر آرہی تھی ----

اس کی آنکھوں میں خوف تھا ..وحشت تھی--- بے اعتمادی تھی ---

وہ اپنے محسن سے بھی ڈر رہی ---عمر کو شدید افسوس ہو رہا تھا لائبہ کی ذہنی حالت پہ۔ ---

" میں سمجھتا ہوں تمہاری کیفیات کو بہت بہتر ۔بلکہ یہ کہنا غلط نہیں ہو گا کس صرف میں ہی ہوں تمہیں ۔ ----- "

وہ نرمی سے اس کا مرمریں گداز ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیکر اس کو پرسکون کرنے کی کوشش کر رہا تھا ---

"جانتی ہوں۔ -----"

لائبہ نے اس دفعہ اپنا ہاتھ عمر کے ہاتھ میں سے کھینچنے کی کوشش نہ کی تھی مگر پھر بھی عمر اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے ہاتھ کی لرزش اور برف کی مانند یخ بستہ ہوئے ہاتھ سے بخوبی اندازہ لگا سکتا تھا اسکی کیفیت کا۔

.....مگر اس دفعہ لائبہ کے انداز میں پہلے جیسی اجنبیت نہ تھی .....

" خود ک اذیت مت دو میں چاہ کر بھی تمہارے ساتھ زبردستی نہیں کر سکتا ....."

وہ اب بیڈ سے اٹھ کر فاصلے پہ رکھے صوفے پر جا بیٹھا تھا لائبہ کی وحشت زدہ آنکھیں اور خوف سے تھرتھر کانپتا وجود اس بات کی گواہی تھا کہ وہ عمر سے بھی خوفزدہ ہے---

وہ اس پر بھی اعتبار نہیں کر پا رہی ہے ----

عمر نے تعصب سےاسکو دیکھا ..

" یہ وہ لڑکی تو نہ تھی جس کو وہ جانتا تھا ۔اس کی لائبہ تو بہت شوخ و چنچل زندگی سے خوشیاں کشید

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے والی لاؤبالی سی لڑکی تھی۔ یہ لڑکی تو کوئی دوسری ہی تھی ۔۔"

لائبہ اسکے فاصلہ قائم کرنے سےکچھ دیر بعد جیسے پر سکون ہوئی تھی اور اب شرمندہ سی کھڑی بیدردی سے اپنے لب کچل رہی تھی۔۔

!!س ۔۔۔۔۔سوری۔۔۔۔۔

وہ آنکھوں میں نمی لیے پشیمان لہجے میں بہت دھیمے سے بولی تھی ۔

لائبہ اس لمحے عمر سے نظریں ملانے سے قاصر تھی وہ اپنے ہاتھ کی لکیروں میں نہ جانے کیا تلاش کرنے کی کوشش کر رہی تھی ۔۔

بول کے لب آزاد ہیں تیرے۔

بول زباں اب تک تیری ہے

تیرا ستواں جسم ہے تیرا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بول کے جاں اب تک تیری ہے
دیکھ کے آہن گر کی دکاں میں ۔
تند ہے شعل ،سرخ ہے آہن
کھلنے لگے قفلوں کے دہانے ۔
پھیلا ہر اک زنجیر کا دامن
بول یہ تھوڑا وقت بہت ہے
جسم و زباں کی موت سے پہلے
بول کے سچ زندہ ہے اب تک
بول جو کچھ کہنا ہے کہہ لے ۔۔

عمر کو نہ جانے کیوں اس افسردہ سی لڑکی کو دیکھ کہ برسوں پہلے سنے یہ دل کو چھو لینے والے اشعار ذہن میں آئے تھے۔ جو کبھی اس نے کالج کے زمانے میں سنی تھی۔ وہ کوئی خاص شاعری سے لگاؤ نہیں لگتا تھا ۔بس نہ جانے کیا تھا۔ جب پہلی دفعہ ایف ایم پہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خلیل اللہ فاروقی کی ساحرانہ آواز میں یہ خوبصورت اشعار سنے تو وہ ان میں جکڑ سا گیا ۔۔وقت وقت کی بات ہے ۔۔واقعی کچھ چیزیں وقت کے ساتھ ہی آپ کو بہتر سمجھ میں آتی ہے ۔۔

" تم پریشان مت ہو میرا مقصد تمہیں ہراساں کرنے کا ہرگز بھی نہیں تھا ۔۔۔۔۔"

" میں تمہارے اعصاب کو پرسکون کرنے کی غرض سے تمہارا سر دبانے کے لئے بیڈ پہ تمہارے نزدیک بیٹھا تھا ۔۔۔۔۔"

وہ جان کر صفائی پیش کرنے لگا تھا ۔۔لائبہ کو نئے سرے سے خود سے بے تکلف کرنا چاہ رہا تھا۔۔

وہ جانتا تھا کہ لائبہ اس کے چھونے سے لمس کی حدت کو محسوس کرکہ خوفزدہ ہوئی تھی۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے اعصاب شدید تناؤ کا شکار تھے۔

وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ وہ لائبہ کے دل اور دماغ کی آمادگی کے بغیر اپنا حق کبھی وصول کرے گا

وہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا لائبہ کے قریب آیا تھا اور اس کو دونوں شانوں سے تھام کر بیڈ پہ بٹھاگیا ۔۔

لائبہ سن سی رہ گئی اس کو خود سے اتنا قریب دیکھ کے ۔۔۔۔۔



کیا میں خوش ہوں ؟؟؟

آج حمزہ شفا کے جانے کے بعد اپنی گاڑی کی چابی اور موبائل اٹھا کر گھر سے نکل آیا تھا۔۔۔۔ پچھلے ایک سے ڈیڑھ گھنٹے سے وہ خوامخواہ میں ریش ڈرائیو کرتا سڑکیں ناپ رہا تھا ۔

ایک گھنٹے میں وہ کئی دفعہ ایک ہی سڑک کی خاک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چھان چکا تھا نیز 12 کے قریب سگریٹیں بھی پھونک ڈالی تھیں ۔مگر دل تھا کہ کسی طور بھی سکون نہیں لینے دے رہا تھا .....

آج میں جیت گیا ہوں مگر پھر بھی میری یہ خوشی اس قدر کھوکھلی کیوں ہے ..؟؟

کیوں میرا دل اندر سے بجھا بجھا سا ہے ؟؟؟؟

آج تو مجھے بہت خوش ہونا چاہیے میری زندگی کا اولین مقصد پورا ہونے کو ہے ...

تو پھر یہ بے سکونی کیوں .....؟؟؟

آخر میں خود کو کیوں کر مطمئن نہیں کر پا رہا ؟؟؟؟؟.....

میرا دل اس بات پہ دہائیاں دے رہا ہے کہ میں نے شفا کے ساتھ زیادتی کردی ہے .....؟؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں--- ؟؟؟

آخر کیوں ----؟؟؟؟

تم بن جیا جائے کیسے

کیسے جیا جائے تم بن

صدیوں سے لمبی ہیں راتیں

صدیوں سے لمبے ہوئے دن

آ جاؤ لوٹ کر تم

یہ دل کہ رہا ہے

پھر شام تنہائی جاگی

پھر یاد تم آ رہے ہو

پھر جان نکلنے لگی ہے

پھر مجھ کو تڑپا رہے ہو

کیا کیا نہ سوچا تھا میں نے

کیا کیا نہ سپنے سجائے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا کیا نہ چاہا تھا دل نے

کیا کیا نہ ارماں جگائے

اس دل سےطوفاں گزرتے ہیں

تم بن نہ جیتے ہیں نہ مرتے ہیں

آ جاؤ لوٹ کر تم

یہ دل کہ رہا ہے

تم بن جیا جائے کیسے

کیسے جیا جائے تم بن ۔

وہ ڈرائیو کرتے ہوئے مسلسل ریپلے کرکے بسی یہی سنے چلا جا رہا تھا ۔۔

شاعر کے بول اس کو اپنی ذات کی عکاسی کرتے ہوئے محسوس ہو رہے تھے ۔۔

ہا.....تم بن کیا میں جی سکوں گا ....؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا واقعی حمزہ جلال ۔۔۔ شفاء حمزہ جلال کے بغیر سانس لے سکے گا ۔۔؟؟؟

وہ یک لخت چونکا تھا ۔۔

آج شفا کے نام کے ساتھ اپنا نام جوڑا تھا انجانے میں ہی سہی مگر کہیں نہ کہیں دل نے شفاء کے لیے دہائی دی تھی ۔۔۔

وہ اس کے دل و دماغ سمیت اس کے حواسو ں پہ بھی تاری ہو گئی تھی ۔۔

انسان کی قدر اس کے کھو دینے کے بعد ہی آتی ہے شفا سے اس کو دور ہوئے محض کچھ گھنٹے ہی گزرے تھے ۔۔۔مگر حمزہ کو لگ رہا تھا جیسے وقت چیونٹی کی سی رفتار سے سرک رہا تھا۔ ۔

۔۔۔۔

شفا کے وجود کی دلفریب خوشبو اس کو اپنے وجود

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے اٹھتی محسوس ہورہی تھی۔ ۔۔جو اسکو کسی طور سکون نہیں لینے دے رہی تھی ۔۔۔۔۔



عمر اسکو اپنے بازو کے حلقے میں لیے گھر کے اندر داخل ہوا تھا ۔۔

بڑھی امی۔۔

چھوٹی امی۔۔۔۔

باہر آییں آپ لوگ زرا اوردیکھیں میری بہن پہ کیا گزری ہے۔

دوپہر کا وقت تھا سب لوگ اپنے اپنے رومز میں تھے۔۔۔

عمر کے اس طرح شور مچانے پر سب لوگ حواس باختہ سے باہر آئے تھے اپنے اپنے کمروں میں سے ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لائبہ بھی سہم کر شور شرابہ سن کہ اوپر عمر کے کمرے سے نیچے اتر آئی تھی ۔۔۔

کیا ہوا ہے؟ ؟؟



اور شفاء کیوں اسطرح اجڑی حالت میں آئ ہے۔ ۔۔؟؟؟

سمیرا نے دہل کر پوچھا بیٹی کے بغیر کہہ بھی وہ پہچان گئ تھی کہ وہ کافی وقت سے روتی رہی ہے۔ ۔۔۔

!!یہ اب دوبارہ حمزہ کے ساتھ نہیں جائے گی۔۔۔۔

"جاو لائبہ شفاء کو لیکر جائو اسکے کمرے میں۔ ۔۔"

تمہارا بیڈ روم اور تمہارا کمرہ تھا اب یہ میرا بھی اتنا ہی ہے برابر کی شریک ہوں میں اس کمرے کی اور میں کون !!
ابھی بتاتی ہوں آخری دفعہ بول رہی ہو تم اٹھو گے یا میں لیٹ جاؤ ----؟؟
ہاں تو لیٹ جاؤ میں نے تو نہیں روکا اتنا بڑا بیڈ ہے جہاں دل چاہے لیٹو اس میں اتنا واویلا مچانے کی کیا تک ہے---؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں پھوپھو کے پاس جا کر انکے بیڈروم میں پھوپھو اور پھوپھا کے درمیان لیٹ کر سونے جا رہی ہوں ۔۔

وہ آپنا غرارہ سنبھالتی ہوئی دروازہ کھولنے کو بڑی بھاگ جانے کے لئے ۔

کیا۔۔۔؟؟؟؟

تمھارا دماغ ٹھیک ہے ۔۔۔؟؟

ایسے تو ہم آپ کو قطعی بیڈروم میں جانے نہیں دیں " گے پہلے ہماری جیب گرم کریں اس کے بعد آپ کو ہماری پیاری سی بھابی بیگم کے دیدار کا شرف حاصل ہوسکے گا ۔۔۔"

کیوں فجر ٹھیک کہا نہ ۔۔؟؟

شفا نے آنکھ دبا کے فجر سے تائید چاہی لبوں پہ شوخ و شنگ مسکراہٹ تیر رہی تھی دونوں کے۔ ۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!ایک دم درست فرمایا

" ہم دونوں عمر بھائی تھانے دار نیاں ہیں اس وقت آپ کے بیڈ روم کے باہر دلہن کی حفاظت کرنے کے لئے مامور ....."

شفا اور فجر عمر کے بیڈروم کے دروازہ کے باہراسکا راستہ روکے کھڑی تھیں۔

" ارے بھئی میرے بچے کو تنگ مت کرو اور اس کو جانے دو تھک گیا ہے وہ بہت بچارا اسٹیج پر بیٹھنا کوئی معمولی بات ہے چلو نکلو تم نگوڑیوں یہاں سے....."

" یہ چیز میری اچھی بڑی امی" ۔۔

عمر چوڑا ہوا ہمدردی پاکہ۔ ....

جبکہ ائمہ نے شفا اور فجر دونوں کی بڑی فراخدلی سے ڈانٹ لگائی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایسے کیسے یہی تو وقت ہے اس کنجوس سے رقم "
"نکلوانے کا ....

ہاں تو اور نہیں تو کیا یہی تو وقت ہے اس سے اپنی "
تمام باتیں منوانے کا"...

"خالا جانی آپ بھی۔ .."

عمر نے معصوم سی شکل بناکہ کہا۔ ..

ہاں تو میں تو تھالی بینگن ہوں "...."

غزل تفریوں میں اپنے نام کی ایک تھی..

دلہا جی ذرا ایک بات طے ہو جائے آج کہ آپ ہمیشہ
ہماری بات مانیں گے دلہن کی بعد میں سنیں گے کہو
منظور ہےیق نہیں؟ ؟؟

غزل نے بھی مزید لقمہ دیا ہنستے ہوئے جبکہ سمیرا نے
دونوں لڑکیوں کے گرد شانوں پہ ہاتھ رکھ کے سائیڈ لی
انکی ...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرا بچہ تو بالکل تنہا ہے میں ہوں تیرے ساتھ ساری " رات بھی اگر یہاں گزارنی پڑی تو گزادونگی۔ ---"

ائمہ نے کچھ اس ادا سے لاڈ کا مزاہرہ کیا کہ وہاں موجود سبھی افراد ھنس دئئے جبکہ عمر کھسینا بلا بنا دروازہ نوچنے نہی بلکہ توڑنے کو تھا۔ ۔

میں کیا کروں میں تو خود مضلوم ہوں تمہاری " بھابھی صاحبہ نے اسٹیج پر بیٹھتے ہی میری جیب خالی کر ڈالی تھی والٹ ہتھیا کہ اور کہا تھا کہ خبردار جو میری نکمی نندوں کو ایک دھیلا بھی دیا ہو تو" ۔

حیرت انگیز طور پر اس وقت ارمغان اور حمزہ غائب تھے ورنہ وہ دونوں تو اس کے بچاؤ کے لیے ضرور حاضر ہوتے ۔۔

دیکھیں عمر بھائی ہمیں اس سے سروکار نہیں ہے کہ " بھابھی ہماری میسنی نکلی ہے" ---

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمیں تو بس اپنے نیک سے مطلب ہے اگر بھابھی کا دیدار کرنا ہے تو جلدی سے نیگ نکالیں اور ہمیں چلتا کریں ورنہ ہم یہاں دھرنا دے دیں گے ایک نہ دو دن بلکہ پورے ہفتے کا اب فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے ۔۔"

شفانے کہتے ہوئے فجر کو دیکھا جیسے کہہ رہی ہو بیٹا عمراندر تو جائو ابھی امتحان اور بھی ہیں۔

" اچھا یہ لو میرا وولٹ اور اب میرا پیچھا چھوڑو میری بہنوں وہاں اندر میری دلہن میری منتظر ہے میں مزید انتظار کی کوفت میں دبلا ہونے نہیں دے سکتااسکو۔"

عمر نے دونوں کو والٹ تھما کہ باقی سب کے ساتھ چلتا کیا اور خود جلدی سے اندر کمرے میں گھس گیا



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انتحا ہوگئی انتظار کی آئی نہ ایک جھلک میرے یار "
"کی.....

عمر نے گانے کولنگڑا لولا کرڈالا اور جلدی سے گاتا ہوا کمرے کا دروازہ اچھی طرح سے لاک کر کے مکمل اطمینان کر لینے کے بعد وہ بیڈ کی طرف آیا جہاں لائبہ مکمل گھونگھٹ کئے ایسے بیٹھی تھی جیسے چہرہ نہ دیکھ لینے کا عہد کر رکھا ہو۔ پورا سراپا دوپٹے میں چھپا ہوا تھا سر سے پیر تک !!

چند لمحوں کیلئے تو عمر کو لگا جیسے وہ کوئی انیس سو نا معلوم کی دلہن ہو اور وہ ففٹیس کے زمانے کا دولہا ...

آج نہ چھوڑوں گا تجھے دن دنادن" .."

عمر فل چھچور پن پہ آمادہ دھپ سے بیڈ پہ کودنے کے انداز میں گرکہ کونہی نیم دراز ہوا ...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پیڈ پر بیٹھا ہوا جود عمر کی بے ہودہ گوئی اور چھچھورپن کی کنگناہٹیں سن کر شاید حیرت و بے یقینی کی۔ آخری حودود کو چھوتا بے ہوش ہونے کے قریب تھا ۔

دیتی انویٹیشن یہ تیری جوانی"

دل کرے کروں تجھ سے چھیڑخانی

"مانتا نہیں ہے یہ دل بڑا اناڑی ---

عمر نان سٹاپ ایسے گانا شروع ہوا جیسے دنیا کا سب سے مشہور سنگر ہو۔

یار کچھ تو کہو دیکھو آج میں کتنے منفرد انداز میں " تم سے سے مخاطب ہوں "--

ذرا پردہ اٹھا دوں "

زرا مکھڑا دکھادو

میں تیرا گھر والا ہوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوئی اور نہیں

"ارے میں تجھ پہ مرنے والا ہوں ۔

آج نہ جانے اس کو یہ سارے گانے کہاں سے دماغ سے ہوتے ہوئے زبان پہ آ رہے تھے اور وہ بڑے مزے کے موڈ میں گنگنائے چلا جا رہا تھا اور پھر تھوڑا سا جھک کہ عمر نے لائبہ کے گھونگھٹ میں سے ہاتھ ٹٹولنا چاہا مگر لائبہ اسکے گھونگھٹ الٹنے کیلئے ہاتھوں کو بڑھتا دیکھ مزید اپنا عروسی دوپٹہ پیروں کے نیچے دبا گئی ۔۔۔

آج عمر اپنی عادت کے برخلاف جان کے اس طرح تفریح کے موڈ میں کمرے میں آیا تھا وہ نہیں چاہتا تھا کہ اب دوبارہ سے کوئی بھی چپکلش یا پھر لائبہ کے دل میں کوئی برائی پیدا ہو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اب اس کو ایک نئی اور مکمل زندگی دینے کا خواہا تھا جس میں تلخ یادیں اور تکلیف دا باتیں استک چاہ کر بھی بھٹک نہ سکے ۔

اس لئے وہ آج کی رات کو ایک مکمل اور بہترین یاد بنا کے نئی شروعات کرنے کا متمنی تھا ۔۔۔

ارے بس بھی کرو اتنا شرمانہ "۔"

تمہارا شوہر ہوں کیا خیال ہے اب دیدار ہوجائے ؟؟

وہ کہتے ہوئے گھونگھٹ کے اندر موجود ہنستی یا پھر کا نپتے وجود کا مکھڑا دیکھنے کی غرض گھونگھٹ الٹنے کو تھا ۔

چھچورا پیا "

چھچورا پیا

تو ہے بڑا کوئی

" چھچورا پیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارمغان نے ہاتھ ہلا ہلا کے گانا شروع کیا بلکہ یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ ناکے ڈانس کرنا شروع کیا تھا ۔۔

کھودا پہاڑ نکلا چوہا گھونگھٹ کے اندر سے بجائے لائبہ کے برآمد ہونے کہ ارمغان نے یکدم اپنا دیدار کا شرف بخشا تھا۔

عمر اچھل کے بیڈ سے نیچے گرا وہ دم بخود ہی تو رہ گیا تھا بھلا دلہن کے بجائے یہ دلہن نما مرد کہاں سےنمودار ہوگیا تھا اس کی سیج سجانے کو ۔۔

عمر جیسے کچھ بولنے کی حالت میں ہی نہ تھا اس کی تو سدھ بدھ ہی کھو چکی تھی وہ خاموش ہیران پریشان سرمغان کو دیکھتا صورت حال کو سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا ۔

"ایسے نہ مجھے تم دیکھو سینے سے لگا لونگا ۔۔۔ "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابے تجھے سینے سے لگانے سے پہلےبہتر ہےکہ میں "
اس گاؤتکیے کوگلےسے نہ لگا لو "..

آورتوکیا کر رہا ہے یہاں پہ ؟؟؟
عمر اپنی شرمندگی چھپاتا جھینپ مٹانے کی کوشش کرتے ہوئے خشمگیں نظروں سے ارمغان کوگھورتے ہوئے پوچھنے لگا ..

""" دل کے ارماں آنسوؤں میں بہہ گئے .."""
ارمغان نے مزید اس کو چھڑانے کے لیے ہانک لگائی ..

میں نے ماری اینٹریاں
تو دل میں بجی گھنٹیاں
رے ٹن ٹن ٹن ٹن ...

حمزہ بیڈ کے نیچے سے برآمد ہوا بالکل عمر کے انداز میں گاتا ہوا وہ عمرکے سینے سے جا لگا ..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور اب حمزہ اور مان ملکر دونوں کمرے میں بھنگڑا ڈالنے میں مصروف تھے ۔۔

بغیرتوں تم لوگ یہاں کیا کر رہے ہو؟؟

میں نےکیا تھا تم دونوں کی شادیوں کے وقت ایسا گندا مذاق؟؟؟

ابھی عمر کا ایک غم غلط نہیں ہوا تھا جب بیڈ کے نیچے سے حمزہ گاتا ہوا پھڑکتے انداز میں نکلا ۔۔

بغیرتوں تم لوگ یہاں کیا کر رہے ہو؟؟

میں نےکیا تھا تم دونوں کی شادیوں کے وقت ایسا گندا مذاق؟؟؟

جلدی سے میرے کمرے سے تم دونوں نودوگیارہ ہو جاؤ اور بتاؤ میری امانت کہاں ہے؟؟؟

اتنی دیر میں مجھے ہاٹ اٹیک ہو جانا ہے اس منہوس "دلہن کو دیکھ دیکھ کے۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمر نے حمزہ کو کہا ارمغان کو خون آشام نظروں سے گھورتے ہوئے بس نہیں چل رہا تھا کہ دونوں کا سر ہی پھاڑ دے۔ --

آجا پیا تجھے پیار دوں پیاسی بہاہیں تجھ پہ واردوں۔ "--"

حمزہ نے اپنی ہنسی ضبط کرتے ہوئے عمر کے غصے کا جواب کوئی بہت ھی پھڑکتے ہوئے گانے کو گا کہ دیا ----

بھائی تم بھی اس چور پن میں شامل ہوں خدارا تم " لوگ بیوی تک پہنچا دو مجھے میری"---

"ابے او انسان بن پہلے ہم تو اپنے ارمان پورے کرلیں " مان نے کہا آج وہ بالکل بھی عمر کو بخشنے کے موڈ میں نہیں تھا ---

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آرزو پوری کرو اپنی والیوں سے لنگوروں میرے ارمانوں کا کیوں گلا گھوٹنے کوآندھمکے ہو؟؟؟؟

عمراب مزید لڑائی جھگڑے کرنے کے بجائے معاملے کو نرمی سے لے دے کر حل کرنے کی کوشش کرنے لگا ۔

" ہمارے ارمان آنسوؤں میں بہ گ ئے تیری والی جانے کے بعد ہم ادھر ٹرانسفر ہوگئے۔ ..

تو کیسے خوش رہے گا اکیلےچل اب ہم تینوں کبڈی کھیلتے ہیں ...."

مان نے اس کا ہاتھ پکڑ کے دوبارہ سے بھنگڑا ڈالنا شروع کیا ..

" مت سوگ منا میرے بھائی میری بیوی اور اسکی بیوی اور تیری بیوی !!تینو خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہی ہیں ...."

کک۔ ...کیا واقعی؟ ؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمر رونی صورت بنا کر بولا اسکور ہے رہے کہ اپنے ارمانوں کا اس طرح سے ناس ہوجانا غمگین بنا گیا تھا ۔

!! !ہاں جی سچی پاجی

حمزہ اور ماننے ایک ساتھ زور سے کہا ۔۔

💠

یہ لے بھائی اب آپ کی دلہن آپ کے حوالے خوش ہو جائیں۔۔۔۔"

شفا اور فجر لائبہ کو کمرے میں چھوڑ کے یہ جا وہ جا ۔۔

جناب اب کیا میں خود چل کے آؤں؟ ؟؟

وہ شوخ لہجے میں بولی۔۔۔

نہیں تو کیا پوری بارات دوبارہ کمرے میں لے کر آؤ کہو تو؟؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا نہ چلو اب موڈ کرو اپنا سب کی طرف سے میں
"سوری کرتی ہوں۔۔۔

لائبہ نے حناء آلود ہاتھ جوکہ چوڑیوں سے سجے تھے
کانو تک لیجاکہ سوری کری۔۔

چہرے پہ بلا کی معصومیت تھی جبکہ آنکھوں میں
شریر ترین مسکراہٹ ہچکولے لے رہی تھی۔۔

نہیں اسے تو میں نہیں مانوں گا یار شوہر ہوں تمہارا
اور پیا کو منانے کا ہنر بھی سیکھ لیتی اتنی دیر میں ان
"دونوں چڑیلوں سے ۔۔

بیویاں تو نہ جانے کیا کیا پاپڑ بیلتی ہیں اپنے روٹھے پیا
!!کو منانے کے لئے اور ایک تم ہو۔ ۔۔

روٹھے روٹھے لہجے میں کہا گیا ۔۔۔!

عمر پلیز مجھے وہ خاص ٹرکس فلحال ازبر نہیں ہے "
اس لیے مجھے تو معاف ہی رکھیں اور ویسے بھی رات

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہت ہوگئی ہے اور تھکن بھی بہت زیادہ ہو رہی ہے میں

"تو چلی چینج کرکے سونے کے لئے ۔

کک۔ ...کیا کہا پھر سے کہنا ذرا ..؟؟؟

وہ خشمگین لہجے میں کہتا چٹخ اٹھا چہرے کے تیور بگڑے ...

"یہی کے مجھے آپ نیند آرہی ہے...

وہ اباسی لیتی آنکھوں میں نیند کا خمار لیے واقعی نیند میں جھوم رہی تھی ..

آؤ تو پھرمیں تمہیں لوری دے کے سلاتا ہوں بہت اچھی والی..."

وہ کہتا ہوا اس کی طرف بڑھا تھا اور ایک جھٹکے سے اس کو بازو میں بھر کر پھولوں سے سجی سیج تک لے آیا ..

"عع۔ ...عمر پلیز میں تھک گئی ہو ....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!شششش۔ ۔۔

فکر نہیں کرو تمہاری تھکن خود میں سمیٹ

"لونگا۔۔۔۔۔۔

عمر نے اس کے کپکپاتےلبوں پر اپنی انگشت شہادت

رکھ کے گویا چاموش کروایا ۔

کچھ مت بولو بس ان لمحوں کو محسوس کرو بہک نہ

"جائو توکہنا ۔۔۔

سکا ۔

بوجھل لہجے میں کہتا آہستہ سے اپنی انگشت

شہادت سے لائبہ کے سرخ رخصار کو چھوا تھا ۔۔۔۔

میں تم سے آج خدا کو حاضر ناظر جان کر اپنی پاکیزہ

"محبت کا اقرار کرتا ہوں لائبہ۔ ۔۔۔

میں تم سے محبت کرنے لگا ہوں بہت بڑے بڑے دعوے

ہرگز نہیں کروں گا بس یہ جانتا ہوں جب سے میرا اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہارا یہ پاکیزہ رشتہ وجود میں آیا ہے میں اپنے ایمان سے کہتا ہوصرف تمہارا ہوا ہوں تمہی کو سوچا ہے اور تمہی سے دلی وابستگی پیدا ہوئی ہے اور تمہی میرے دل کی ملکہ ہوبس۔ ۔۔"

تم نے میری زندگی میں آکر میری زندگی کو بہت خوبصورت بنا دیا ہے مجھے مکمل کر دیا ہے تمہارے وجود نے لائبہ ۔۔۔"

آنکھوں میں خمار تھا لب و لہجے میں اس کو پالینے کا غرور نشہ بن کر گنگناہ رہا تھاچارسو اپنی موجودگی کا اس احساس دلانے پہ بضد تھا۔

چہرہ خوشی سے کھلا پڑا تھا آنکھوں میں آلوھی سی چمک لیے وہ لائبہ پہ چھکا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرا دل تمہارا طلبگار بن بیٹھا ہے لائبہ کیا آج مجھے اجازت ہے تمہاری روح سمیت تمہارے وجود کو تصخیر کرنے کی؟؟؟

لائبہ اتنے پیارے اقرار محبت پہ دنگ سی رہ گئی تھی تمام تر حقوق کا مالک ہونے کے باوجود وہ آج بھی اس کو اس کی اجازت کے بغیر اپنا جائز حق وصولنے سے گریزاں تھا۔

کتنا پیارا تھا وہ؟؟

کیسی پاکیزہ اور مقدس محبت کی تھی اس نے کہ اسکے جسم کے بجائے روح کو چاہتا تھا۔۔!!

میں بھی آج آپ سے اقرار کرتی ہوں کہ مجھے صرف آپ سے محبت ہے۔۔۔"

میں آپ کی ہو اور ساری زندگی آپ کی محبتوں پر صرف میں ہی قابض رہوں گی"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کھلے دل سے اقرار کر بیٹھی تھی کیونکہ وقت پہ ہی محبت کا جواب پورے خلوص اور اپنائیت سے دے دینے میں عقلمندی اور دلی اطمینان کے ساتھ روح کا سکون بھی وابستہ ہے۔۔

تو پھر اجازت ہے ؟؟؟

وہ اس کی تھوڑی اونچی کرکے مخمور لہجے میں استفسار کر رہا تھا۔۔

لائبہ نے شرماکہ حیاء سے اپنے حنا آلود ہاتھوں سے چہرے کو ڈھانپ لیا ۔

عمر اس کو خود میں سمیٹتا چلا گیا ۔۔

کانچ کی گڑیا کی طرح وہ اس کو نرمی سے صندل کرتا ا سکے پور پور کو اپنی بے لوث محبتوں کی پھوار سے بھیگوتا چلا گیا ۔۔۔



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹا اگر پانچ منٹ اور وہاں رکتے تو شامت پکی تھی عمر ہم دونوں کا بھیڑیا بنا دیتا اور ہماری بیویاں ہماری حالتوں پہ افسوس کرنے کے بجائے زندگی بھر تاک تاک کے ظنزوں کے تیر چلاتی پھرتی ۔۔

"نہیں تیری بھابھی بہت معصوم ہے وہ تو بے چاری۔۔۔

ارے فجر بھابھی یہ دیکھیں مانی بھائی کیا کہہ رہے ہیں آپکےبارے میں ذرا۔۔۔"

حمزہ نے کچن سے چائے کا کپ لئے فجر کو نکلتے دیکھ کے ہانک لگائی۔۔۔

"یقین ہے کچھ بہت ہی اچھا کہہ رہے ہونگے ۔۔

فجر ہمزہ کی شرارت بھانپ کر آنکھوں میں مسکراہٹ لیے مان کو دیکھ کے بولی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں بھابھی مانی کہہ رہا تھا کہ آپ کو کہ.....

حمزہ کی بات لبوں میں ہی رہ گئی جو فجر نے جلدی سے اس کا جملہ اچک لیا۔

میں بہت معصوم اور سادہ ہو کبھی ان کو غلط کہیں نہیں سکتی ہیں نہ ...؟

ہیں آپ کو کیسے پتا ؟؟

حمزہ کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا ...

فجر کے اس قدر درست اندازے پہ ۔

مجھے تو اور بھی بہت کچھ پتہ ہے دیور جی ذرا اپنے بیڈ روم میں تو جائیں شفا کافی دیر سے وومیٹنگ کر رہی ہے ۔

اوئے ہوئے تو کیا جو میں سمجھ رہا ہوں وہی ہے نہ فجر؟؟؟؟

ارمغان نے خوشی کا نعرہ بلند کیا ۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی ہاں بالکل خیر سے آپ ہی کی لائن میں آنے والے ہیں جناب۔۔۔"

فجرکھلکھلا کے ہنستی ہوئی مان کا ہاتھ پکڑ کے لان کی طرف نکل آئی اس کا ارادہ تازہ ہوا لینے کا تھا ۔۔

یار یہ کیا بات ہوئی ہے ایک کپ چائے کا لیے تم مجھے لان میں لے آئی ہوں میں کیا خالی پیلی تمہیں چائے پیتے دیکھوں گا ۔۔؟؟؟

جناب یہ چائے میں نے آپ کے لئے ہی بنائی ہے نہ کہ اپنے لیے ۔۔"

فجر نے تیوری چڑھا کے جواب دیا۔۔

تمہارا بہت شکریہ ۔۔۔"

وہ تاروں بھرے آسمان کو دیکھ رہی تھی اور مان اپنے برابر میں بیٹھے چاند کو۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چائے کے لئے شکریہ کرہے ہیں؟ ؟؟

استفسار ہو ا۔۔

"نہیں کائنات کے لئے ۔۔

بہت خوبصورت تحفہ تم نے مجھے دیا تم نہیں جانتی ہو فجر جب سے کائنات میری زندگی میں آئ میری زندگی مکمل ہوگئی ہے مجھے لگتا ہے ہم اور تم اب کبھی علیحدہ نہیں ہونگے اب۔۔۔"

تاروں بھری رات ٹھنڈی ہوا اعصاب کو پرسکون کر رہی تھی۔

مان کے پیار سے اظہار محبت کرنے پہ فجر مسکرا دی۔۔۔

"مجھے آپ سے کچھ کہنا ہے ۔۔

کہو پوچھ کیوں رہی ہو ؟؟؟

مجھے ہماری آبائی حویلی میں اپنی باقی کی زندگی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بسر کرنا ہے جہاں میرے بھائیوں اور والدین کی خوشبو بستی ہے ۔"

"مگر.....فجر ۔

"پلیز ۔۔!!!مان اس کو میری خواہش سمجھیں ۔۔

دادی جان تائی اور ہم پلیز واپس حویلی میں جاکے رہیں گے کائنات کے ساتھ وہ ادھر ہی پلی پڑھے گی جہاں ہم دونوں کا بچپن گزرا ہے۔۔۔"

"ٹھیک ہے۔۔۔

"جیسی تمہاری خواہش ۔

مگرمان پلیز مجھے آئندہ زندگی میں کوشش کیجئے گا حماد صاحب نا می بھیڑیے کا دیدار کرنا نصیب نہ ہو اور میری بچی پر اس شخص کا کبھی پرچھاواں بھی مت پڑھنے دیجئے گا میں بہت مشکل سے خود کو اس درد ناک کیفیت سے نکالنے کی کوشش کررہی ہوں دوبارہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے اس شخص کو اپنی زندگی میں دخل اندازی کرتے دیکھ میں برداشت نہیں کر سکوں گی کوشش کیجئے گا وہ شخص دوبارہ میری آنکھوں کے سامنے نہ آئے ---"

فجر ان کو ان کے کیے کی سزا قدرت نے دے دی ہے اور آئندہ بھی ملتی رہےگی تم اب بس اپنے اور ہمارے بارے میں سوچو ---"

بس مان میں نے بہت سوچا کہ میں اپنا دل اتنا بڑا کرسکوکہ حماد صاحب کو معاف کرنے کی گنجائش نکل آئے مگر میں خود کو اس معاملے میں بے بس تصور کر رہی ہو ---"

انہوں نے غلط کیا اور غلط کا انجام ہی عبرت پہ ہوتا ہے --"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فجر نے کہتے کے ساتھ ہی مان کے شانے پر اپنا سر ٹکا دیا ۔۔۔"

بس اب پرسکون ہونا چاہتی ہو جیسے ۔۔۔

خدا تیرا شکر ہے جو حماد نامی درندے کو دنیا کے سامنے عبرت کا نشانہ بنا دیا ۔۔۔"

دو موتی فجر کی آنکھوں سے گر کر مان کے شانے میں جذب ہوئے تھے مگر وہ بہت پرسکون تھی ۔۔۔۔

💞💞💞

کوئی آدھے گھنٹے سے وہ واشروم میں واش بیسن میں منہ دیے کھڑی۔۔

بدحال سی الٹیاں کئے جا رہی تھی کافی دیر تک فجر اس کی پشت سہلاتی رہی اور جب کچھ دیر کے لئے اسکی طبیعت سنبھلی الٹی تو وہ اس کو سہارا دے کے بیڈروم میں لے آئی ۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فجر کے جانے کے کچھ ہی دیر بعد ایک دفعہ پھر شفا کا دل متلایا تھا اور وہ دوبارہ واش روم میں بھاگی تھی منہ پہ ہاتھ رکھ کہ ..

حمزہ خوشی سے جھومتا ایک لمحہ بھی ضائع کئے بغیر کمرے میں آیا تھا مگر کمرے میں شفا کو نہ پا کر پریشان سہ ہو اٹھا اور ادھر ادھر نظر دوڑائی تو ڈریسنگ روم کے برابر میں تھوڑے فاصلے پر موجود واش روم کا دروازہ ہلکا سا کھلا ہوا تھا اور نلکے سے پانی بہنے کی آواز آرہی تھی ساتھ ہی شفاکی کے کرنے کی بھی وہ دوڑا دوڈا ادھر ہی چلاآیا...

شفا کی طبیعت مزید خراب ہونے کے ڈر سے وہ کمرے میں ٹھہرا نہیں تھا اسی لیے سیدھا واش روم میں ہی آ گیا تھا ..

کیا ہوا شفا تم ٹھیک تو ہو ....؟؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ واش بیسن کے اوپر جھکی الٹیاں کرتی شفا کی پشت کو پریشانی سے سہلانے لگا ۔

حمزہ کے ہر ہر انداز سے شفاء کو اپنی زات کیلئےفکرمندی ٹپکتی محسوس ہورہی تھی۔ ۔۔

اور پھر کچھ ہی دیر بعد اس کو سہارا دے کے وہ بیڈ تک لاکر بٹھا دینے کے بعد اے سی کا ٹیمپریچر مزید کم کر کے اس کے پاس ہی بیڈ پہ ٹک گیا۔

اب کیسا فیل کر رہی ہو؟ ؟؟

ٹھنڈے ٹھار پانی کا گلاس اس کے سامنے بڑھاتے ہوئے پریشان کن لہجے میں دریافت کیا گیا ۔۔۔

" میں ٹھیک ہوں بس میرے خیال سے کچھ غلط کھا لیا ہے جس کی وجہ سے طبعیت آپسیٹ ہوگئی ہے ۔"

وہ گڑبڑائی تھی مگر پھر خود کو بمشکل سنبھال کے آہستہ آواز میں گویا ہوئی ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اووووو۔ ۔۔آئیییییی ۔۔۔۔سی ۔۔۔"

پگّانا؟؟؟

ایسی ہی بات ہے نہ؟ ؟؟

کوئی اور مسئلہ تو نہیں ہے؟؟؟

اگر کہو تو ابھی ڈاکٹر کے لےچلوں میں تمہیں یا پھر

""کسی لیڈی ڈاکٹر کو گھر پہ بلا لوں ۔۔۔

"کہو تم ۔۔۔۔۔بس حکم کرو ۔۔۔۔

ہمزہ بڑی مشکل سے چہرے پہ مصنوعی سنجیدگی طاری کرکے بولا تھا ساتھ ہی ریسٹ واچ اتار کے سائیڈ ٹیبل پر رکھی اور شیروانی کے بٹن وا کرنے لگا انداز سرسری ہی رکھا تھا ۔۔۔

نن۔ ۔۔۔۔نہیں نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے میں نے "

"کہا نہ کچھ غلط کھا لیا ہے ۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈاکٹر واکٹر کو فون کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور "
لیڈی ڈاکٹر کو تو بالکل بھی نہیں "...

وہ بڑی مشکل سے تھوک نگل کے گویا ہوئی چہرے پہ
ننھے ننھے پسینے کے قطرے پھوٹ پڑے تھے .....
نظریں تھیں کہ حیاءاور جھجک کے مارے حمزہ سے
ٹاکرا کرنے سے انکاری ہوئی ...

شفا آر یو شور نہ....؟؟

تم ٹھیک ہو ؟؟؟؟؟

آنکھوں میں شرارت کے بہت ہی پیارے رنگ لیے وہ
مزید اس کو تنگ کرنے کے لیے گویا ہوا ...

"ہاں... ہاں.... میں ٹھیک ہوں تم بلا وجہ پریشان ہو رہے
ہوں اور مجھے میں کر رہے ہو...."

شفاء بے دردی سے اپنی مخروطی انگلیوں کو مروڑتے
ہوئے اپنے تئیں حمزہ کو مطمئن کرنے کی بھرپور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوشش کررہی تھی اس بات سے بے خبر کہ وہ اس کے چہرے اور باڈی لینگویج کو بہت اچھی طرح پڑھنا جانتا ہے اور پھر یہ اتنی پیاری اور اہم خبر تو وہ باہر سے ہی سن کر آ چکا تھا ۔۔

"ہونھہ۔ ۔۔۔۔"

معنی خیز ہنکارہ بھرا گیا ۔

"چلو پھرٹھیک ہے۔ ۔ ۔۔۔۔"

حمزہ کو جیسے اب شفا پہ تھوڑا ترس آیا اور اپنی حالت پہ بھی وہ اب تک شیروانی ہی پہنا ہوا تھا ۔۔۔

" میں ذرا چینج کرکے آتا ہوں جب تک تم بھی ریلیکس ہو جاؤ ۔۔۔۔"

" میرے خیال سے اب تم بھی کپڑے چینج کرلو پریشان ہو رہی ہوگی ساڑھی کو سنبھالنا افففففف۔ ۔۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پتا نہیں تم لڑکیاں کیسے اتنے ہیوی ڈریسز کو کیر ی کر لیتی ہوں ؟؟؟

وہ اس کو محبت پاش نظروں سے دیکھتا اٹھ کھڑا ہوا ۔۔ شیروانی میں مزید اب اس کا دم گھٹنے کو گھا اسلئے پہلے وہ جلد سے جلد آرامدہ کپڑوں میں آنا چاہ رہا تھا ۔۔۔

جب وہ فریش ہونے کے بعد واش روم سے نکلا تو شفا ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی جیولری اتار رہی تھی ۔ ومنٹنگ کر لینے سے اس کا دل ہلکا پھلکا ہو گیا تھا اب وہ خود کو قدرے بہتر محسوس کر رہی تھی ۔۔۔

بالوں میں سے کیچر نکال کر ڈریسنگ ٹیبل پر رکھ دیا گیا تھا ۔اسٹیپ میں کٹے کھلے ریشمی بال پشت پر بکھرے ہوئے تھے ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سامنے کا منظر دیکھ کے وہ جیسے مبہوت سہ رہ گیا

--

بلڈ ریڈ ساڑھی کا پلو سیفٹی پنز سے آزاد ہونے کے باعث بازو پہ ڈھلکا ہوا تھا ۔۔

وہ مکمل حسن کا شاہکار تھی۔ دیکھنے والے کو لگتا ہے جیسے قدرت نے اس کو بہت ہی فرصت سے بنایا ہوگا

--

بڑی بڑی سیاہ نشیلی آنکھیں جن میں سے کاجل وامٹ کرنے سے آنسو آنے کی وجہ سے آنکھوں کے گرد پھیل کر شفا کے حسن کو دوآتشہ کر گیا تھا ۔۔

حمزہ کا دل چاہا اس کو باہوں میں بھر لے آخر کو آج اتنی بڑی خوشی کا دن تھا اس کے لیے بھی اور شفا کے لیے بھی وہ دونوں مکمل ہونے والے تھے ان کے آنگن

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں بھی ایک ننھہ منا فرشتہ اللہ کے رحم وکرم سے ان کی جھولی میں آنے والا تھا ۔۔۔

باپ بننے کا احساس اتنا خوبصورت تھا اسکے لئے کہ وہ خوشی سے پھولے نہیں سما رہا تھا ۔۔

بہت خوش تھا آج وہ۔ ۔۔۔

شفاء اس کا عشق ،جنوں اور دیوانگی ہی تو بن بن گئی تھی یہ کہنا غلط نہیں تھا وہ حقیقتاً حمزہ کے لئے اس کی زندگی کا مرکز اس کی زیست کا حاصل بن بیٹھی تھی ۔۔

حمزہ کون لگا جیسے اس پل تو لمحات ٹھہر سے گئے تھے۔۔۔

وقت رک سا گیا ۔۔

ہر شے اپنی جگہ ساقط اور صامت ہو کر رہ گئی تھی ۔وہ خوشبو کی طرح اس کے آس پاس مہکتی اس کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شفا یاب کر رہی تھی۔مہکارہی تھی۔ ۔

اپنی زلف کا اسیر کرنے کی ہر ممکن کوشش کرنے کے لئے کمرکس چکی تھی ۔۔

حمزہ نے بھرپور نظروں سے اس کے سراپہ کا جائزہ لیا۔

شفا نے چونک کے اس کو دیکھا اور نظروں سے استفسار کیا کہ ۔۔۔

کیا ؟؟؟

ایسا کیوں دیکھ رہے ہو ؟؟؟

آنکھوں ہی آنکھوں میں مسکرا کے پوچھا گیا ۔۔۔

حمزہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا آنکھوں میں مسکراہٹ لیے بغیر کوئی لبوں سے جواب دیے اس تک پہنچا تھا اور اپنی ہتھیلوں سے اس کے شانوں کو مضبوطی سے تھام کر گویا ہوا ۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانتی ہوں شفا تمہیں جب جب میں دیکھتا ہوں "
تمہارے نقوش میں کھو سہ جاتا ہوں !!تمہارے چہرے
کے تیکھے نقوش اور خاص کر یہ ستواں ناک مجھے
اپنی نظروں کا زاویہ بدلنے ہی نہیں دیتی اور یہ جو دل
"ہے نہ.....

وہ اس کا رخ اپنی طرف پھیر کے اپنے ہاتھ میں اس کا
مرمریں ہاتھ تھام کر اپنے دل کے مقام پر رکھ کے
مزیدگویا ہوا ۔

یہ میرے سینے میں کہلاتا تو میرا ہے مگر بہت ہی "
بغاوت پر آمادہ ہے ظالم!! یہ بڑا ہی بے ایمان ہے تمہیں
"دیکھ کہ ہر دفع چھونے کی خواہش کر بیٹھتا ہے ....
اور دماغ کی تو بات ہی نہ کروں یہ بھٹک جاتا ہے اور "
"کہتا ہے چھو لو نا ....چھو لو نا

"حمزہ مجھے آپ کو کچھ بتانا ہے ..."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کترا رہی تھی ۔۔

جھجک اس کے لہجے سے عیاں تھی لبوں کی لرزش اور وجود کا سرد پڑنا اس کے اندر کی بوکھلاہٹ اور سراسیمگی کا بولتا ثبوت تھا حمزہ کو اس پل شفاء پہ ٹوٹکے کر پیار آیا مگر پھر اس کو تھوڑا اور تنگ کرنے کی غرض سے شریر لہجے میں بولا تھا کہ ۔۔

کہو جان حمزہ ؟؟؟

سن رہا ہوں کچھ کہنا چاہتی ہوں؟؟

مگر ایک منٹ یار یہ تمہارے چہرے پہ اسقدر پسینہ کیوں آ رہا ہے۔؟؟؟

اے سی تو میں نے اٹھارہ ٹیمپریچر پہ ہی چلایا ہوا ہے پھر بھی تم اتنی پسینے میں شرابور کیوں ہو رہی ہو بھلا؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اےسی کے ریموٹ سے چھیڑ چھاڑ کرتا اس کو بغور دیکھنے میں مصروف وہ شرارت پہ آمادہ تھا ۔۔

نن۔ ۔۔۔۔نہیں۔۔۔مم۔ ۔۔ میں تو نہیں۔۔۔۔ بب۔ ۔ بالکل ٹھیک ہو ۔۔۔۔!!

"یہ تو بس ایسے ہی ۔۔۔۔

وہ اٹک اٹک کے کہہ رہی تھی سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کس طرح سے اتنی بڑی خوشخبری حمزہ کے گوش گزار کرے۔ ۔۔

چلو چھوڑو میرے پاس ایک گڈ نیوز ہے تمہارے لیے "۔۔۔"

کیا ۔۔شفا نہ کچھ دیر کیلئے سکون کا سانس لیا اب یہ بات اس نے کل پہ لےجا چھوڑی تھی ۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!میں بابا بننے والا ہوں عنقریب ...

وہ معنی خیزی سے کہتا اس کو کمر سے تھام کر خود سے قریب کر گیا ...

ہیں؟ ؟؟؟؟؟؟؟؟

وہ شدید حیران ہوئی ۔

منہ کھلا کا کھلا رہ گیا آنکھیں جو کچھ دیر پہلے جھکی ہوئی تھیں وہ اب ٹکٹکی باندھے حمزہ کے چہرے پہ نجانے کیا کھوج رہی تھی ..

اوئے تیری آپ کو کیسے پتا ؟؟؟

شفاء کے لبوں سے خوشی میں بے ساختہ پھسلا تھا پھر یکدم اپنی حد درجہ بے ساختگی کا اندازہ ہوا دانتوں تلے لب داب گئی ...

ہاں تو جب تم نہیں بتاؤ گی تو مجھے تو پتا چل ہی "جانا اب کہاں کیسے کب اس سب کو چھوڑ دو ..."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بس یہ یاد رکھو کہ میری بیٹی جب تک تمہارے وجود میں سانس لے رہی ہو اس کا بہت خیال رکھنا میری بیٹی کو ذرا سی بھی تکلیف نہیں آنی چاہیے شفا میں تمہیں بتا رہا ہوں ....."

لہجے کو روب دار بنانے کی بھرپور کوشش کی گئی ...

!!! اچھاااااا

ہونھہ بڑے آئے میری بیٹی کا خیال رکھنا کہنے والے۔ "

"------

میرا بیٹا ہوگا میں اس کا خیال رکھوں گی دیکھ لینا تم بھی ------!!

شفا ہنکارہ بھر کے بولی تھی اور چہرے پہ آئی شریر سی لٹ کو لبوں سے پھونک مارکر سیٹی بجا نے کے انداز میں ایک ادا سے اڑا .....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!! اچھا ایسی بات ہے

"چلو دیکھتے ہیں -----

حمزہ نے کشن اٹھایا اور اب دونوں گتھم گتھا پلو فائٹ میں مصروف تھے---

💞

!!یہ کیا بچوں جیسی حرکت ہے سوہا ..؟

"شادی ہوچکی ہے تمہاری اب تم بڑی ہوجائو -----

وہ برہم ہوا ..

تو بڑوں کے جیسی باتیں آپ کر لیں نہ اگر شرما شرما"

"کے میرا دوپٹہ چبانے سے دل بھر گیا ہو تو ؟؟

سوہانے خونخوار لہجے میں کہتے ہوئے مصطفی کا ہاتھ جھٹکا تھا صحیح معنوں اسنے اپنے تئیں روٹھے صنم کا دماغ درست کرنے کی بھرپور کوشش کی تھی اور غصے میں جلدی سےدروازے کا ہینڈل گھمانے لگی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کمرے سے جانے کی غرض سے اس وقت وہ صرف اور صرف بپھری ہوئی شیرنی بنی ہوئی تھی۔۔

" تم نے پہلے ہی مجھے بہت ستایا ہے سوہا !!بہت زیادہ میرے ضبط کو آزما چکی ہو اب تک۔۔۔"

" بہت بڑے بڑے کئی امتحان لے لئے ہے تم نے میرے صبر کے سمجھیں!! مزید مجھ سے کسی بھی مفاہمت یا نرمی کی امید مت رکھنا ۔۔۔۔"

مصطفی نے بھی اب کی بار حساب برابر کیا ۔آخر کو اتنے دنوں سے ایک کرب میں گرفتار تھا اور سوہا کی باتوں نے کہیں نہ کہیں اس کے دل کو گہری ٹھیس پہنچائی تھی تو وہ کیوں نہ اپنا دل ہلکا کرتا؟؟

دل کا غبار نکلنا بھی بہت ضروری ہوتا ہے کبھی کبھی!!

"ورنہ رشتوں میں ڈراڑ بڑھتی چلی جاتی ہے ۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرا راستہ چھوڑیں!! مجھے ابھی اور اسی وقت "
پھوپھو اور پھوپھا کے بیچ میں جا کے سونا ہے"...
نہیں جھوڑونگا میرے بیڈروم میں آئی تو تم اپنی "
مرضی سے تھیں نگر جاوگی صرف میری مرضی سے۔
"-----
ایسی کی تیسی آپکی مرضی کی یہ مت بھولیں آپ "
"نے مجھے پھلجڑی کا کقب دیا تھا ماضی میں۔ ...
تو تم ایسے نہیں مانوگی؟ ؟؟
آیسے کیسے ویسے مجھے اب کچھ نہیں سن نا بس "
"باہر جانا ہے۔ ....
مصطفی نےبھرپور نظروں سے فل لڑاکہ تیارا بنی اپنی
چھوٹی سی پرکالا کو دیکھا تھا اور بغیر اسکو لمحے بھر
کی بھی مہلت دئیے!!مصطفی نے یکدم سوہا کی کلائی
کو اپنی مٹھی میں قید کیا تھا اور ایک جھٹکے سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکی کلائی مروڑ کہ خود سے بے حد نزدیق کرڈالا ۔سوہا شاید اس حد تک فلحال مصطفی سے ایسے کسی ریکشن کی امید نہ کر رہی تھی اسلئے بغیر سنبھلے لڑکھڑاتی ہوئی مصطفی کے چوڑے سینے سے آلگی ۔۔۔

" ھٹیں میرے راستے سے نہیں تو آپکی ایسی پھینٹی لگوائونگی پھپو سے کہ زندگی بھر آپکو اپنی گولڈن نائٹ کسی ڈراونے خواب کی طرح یاد رہے گی ہمیشہ ہمیشہ کیلئے۔ ۔۔"

" پہلے گولڈن نائٹ سلیبرٹ تو کرلوں اچھی طرح سےپھر میں خود یادگار بنائونگا اوراب مزید مجھے رسوا مت کرو کم از کم میرے گھر والوں کے سامنے ہی میرا بھرم رکھ لو شرافت سے چلو اور بیڈ پہ نہیں سونا تو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہ لیٹو میں کونسامرا جارہا ہوں صوفے پر سو جاؤ بے شکیری بلا سے" ...

نرم مگر دھونس بھرے لہجے میں کہتا وہ سوہا کو بازووں میں بھر کر صوفے تک لے گیا اس طرح وہ اب بس اسکے رحم و کرم پہ ہوکر رہ گئی تھی ..

!!تو ٹھیک ہے...

آپ میرے اک سوال کاجواب دیں زرا؟؟

مجھے آپ اتنا بتائیں کیا کرتی میں آخرکو؟ ؟

ماں باپ کی عزت کو پامال کر دیتی محبت حاصل " کرنے کے لیے...."

اس عمر میں ان کے سروں میں خاک بھر دیتی؟؟"

جبکہ بڑھاپیں میں ماں باپ کو اولاد کے نیک کرم سے ہی پہچانہ جاتا ہے .."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

محبت ہے مجھے آپ سے بے شک ہے آج بھی ہے کل " بھی تھی اور ہمیشہ رہے گی مگرآپ مجھے تو کیا میری "دلی کیفیات کو سمجھے ہی کہاں آج تک؟ ؟؟

میں اپنی محبت کو گالی نہیں بننے دیں دینا چاہتی " تھی معاشرے کی نظر میں!! میری مقدس محبت ہے"---

!!پاکیزہ محبت کرتی ہوں میں آپ سے

ہر ایک کی زبان پر مجھے اپنی اور آپ کی محبت نیلام " "کرنا ہرگز بھی منظور نہیں تھا ..

!!!سمجھے آپ۔ .....

وہ اس کے چوڑے سینے پر مکوں کی برسات کرتے ہوئے بری طرح سے بھپر کے رودی ۔ایک گلیشیئر تھا جو پگھلا !!تھاشاید سوہا کے اندر سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مصطفی اس کو اپنا ضبط کھوتا دیکھ مزید ناراضگی برقرار نہ رکھ سکا ۔خود سے کئے گیا سوہا سے خفا رہنے کا فیصلہ دھرا کا دھرا گیا ۔سوہا کو سسکتا دیکھ وہ بھی پیچین تھا نہیں دیکھ سکتا تھا اسکے آنسووں شاید نہیں یقینن!! ۔۔

وہ اب بھی مسلسل مصطفی کے چوڑے سینے پر مکوں کی برسات کرنے میں مصروف تھی۔۔۔

" آئی نو بہت گھٹن بھر چکی ہےتمہارے اندرگزرے شب و روز کی وجہ سے "۔۔

" رولو آخری دفعہ جتنا رونا چاہتی ہو دل ہلکا کرلو اپنا پوری طرح۔ ۔۔۔۔"

"آج کے بعد تمہارے میرے درمیان کوئی نہیں آئے گا یہ میرا وعدہ ہے۔۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یعنی کہ تمہارے مسٹر پائلٹ کا وعدہ!! تمہاری "
"آنکھوں میں کبھی آنسو نہیں آنے دوں گا ۔۔

وہ سرگوشیانہ انداز میں کہتا ہوا اس کی پشت کو تھپکی دینے لگا ۔جیسے اپنے ساتھ کا مکمل اعتماد اور یقین بخشنا چاہ رہا تھا۔

آپ بہت خراب ہیں میں آپ سے کبھی بات نہیں " کروں گی"۔

نروٹھے پن سے سڑ سڑ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا گیا ۔رونے کی وجہ سے چھوٹی سی ستواں ناک سرخ ہوگئ تھی جو اسکے دلہناپہ کو مزید دوآتشہ کر گئی تھی۔

یار ابھی تو میں بالکل بھی خراب نہیں ہوا ہوں سوچ " رہا ہو ذرا اپنی پرکالہ کو تھوڑا سا خراب ہو کر دکھا ہی "دوں---

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کے کانوں میں موجود نورتن جھمکوں سے چھیڑ چھاڑ کرتا لو دیتے لہجے میں گویا ہوا تھا ۔۔

" کوئی ضرورت نہیں ہے خبردار جو میرے ساتھ کوئی ایسی ویسی حرکت کی ہو تو "۔۔

!!جوڈو کراٹے جانتی ہوں۔ ۔۔۔

"ہونھہ۔ ۔۔۔۔

وہ مصطفی کے ارادے بھانپ کے سٹپٹائی اور پوکھلا کر جو لبوں پہ آیا کہہ گئ کسی کراٹے ماسٹر کی طرح باقائدہ ایکٹ بھی کیا گیا ساتھ ہی۔ جس کو سن اور دیکھ نے کے بعد مصطفی کا جاندار کہکہ پورے کمرے میں گونجھ اٹھا تھا۔ ۔۔۔۔

" میرے ساتھ زیادہ فری ہونے کی بالکل ضرورت نہیں ہے اور اوور اسمارٹ تو بلکل بھی نہیں۔ ۔۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارےارے یہ کیا بات ہوئی میں تو اپنہی دلہن سے " رومانس فرمارہا ہوں !!محترمہ اگر آپکی یاد داشت برقرار ہے تو آپ نے ہی تو مجھے دلہن وہ بھی اپنی اور پھر نئی نویلی کے ساتھ احسن سلوک کے کافی سارے اہم نکات سمجھائے تھے"

سوہا اسکو پٹھری سے اترتا دیکھ اپنی کھساہٹ کوچھپانے کی بھرپور کوشش کرتی تھوڑا پرے کھسکی کیونکہ فرار تو مصطفی کی قید سے ناممکنات میں سے تھی۔ ۔۔

ابھی وہ اپنی سی فاصلے پہ ہونے کی کوشش کر ہی رہی تھی جب مصطفی نے اسکو موقع دیئے بغیر ہاتھ بڑھا کہ اپنے چوڑے سینے پہ ایک جھٹکے لا گرایا۔ ۔

!!قطعی نہیں

"!اب نہیں برداشت کرونگا تمہاری دوری سوہا "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر اب میں نےتمہیں چھوڑا تو تم سے ہاتھ دھو بیٹھوں گا"۔۔

وہ اسکی ہرنی جیسے خوف اور حیاء کے ملے جھلے تاثرات لئے گہری نشیلی آنکھوں میں بغور دیکھتا شریر لہجے میں گویا تھا۔

مم۔ ۔۔مجھے ش۔ ۔شاید پھپو پلارہی ہیں" ۔۔۔"

!شش۔ ۔۔۔

اب اگر تمہیں اپنی بانہوں کے گھیرے میں سے آزاد کیا تو پھر تمہیں اماں اور ابا کے بیڈروم میں سوتا دیکھنے کا ھوسلہ نہیں کرسکتا پیدا خود میں" ۔۔۔۔

خمار آلود مخمور لہجے میں کہتا وہ سوہا پہ کچھ اور بھی جھکا تھا اور اسکےکان کے قریب جاکہ بہت دھیمے سے اس نے سرگوشی میں کہتے ہوئے سوہا کے یخ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بستہ رخسار پہ اپنے دہکتے ہوئےلب رکھ کے محبت کی پہلی مہر صبط کر ڈالی تھی۔

"مم۔ ۔۔مصطفی۔ ۔۔۔مم۔ ۔مجھے جانا ہے"

وہ تھمتی سانسیں اور شور مچاتی دھڑکنوں سے بوکھلا ہی تو گئ تھی ۔کہاں عادت تھی مصطفی کی قرب بھری جسارتوں کی ،وارفتگیوں اور الفتوں کی۔ ۔۔۔

ایسے تو نہیں رہائی ملے گی بھاری جرمانہ لازمی بھر " ناہوگا آج کی رات۔۔"

اور یار آج تو ایسی ویسی حرکت کرنے کا مکمل " سرٹیفیکیٹ بھی لے چکا ہوں ۔۔"

تم تو کیا اب تو کوئی بھی مجھے تم پہ اپنی محبت " کی پھوار برسانے اور اس میں پور پور بھیگا کےسیراب کرنے سے نہی روکسکتا" ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" کوئی ظالم سماج بننا چاہے بھی تو نہیں بن سکتا
! !میں ایسا تم پہ سحر تاری کردوں کا اپنی زات کا

" اور اگر پھر بھی کسی نے ہم دونوں کے درمیان پھاپھا
کٹنی بننے کی کوشش کی تو میں صحیح سے نمٹ
لونگا کافی لڑاکا طیارے میرے پاس موجود ہیں" ---

" اپنے بارے میں کیا خیال ہے آپ کیا کسی کم ہو کسی
لڑاکا طیارے سے بڑے آئے ہونھہ" --

سوہا چڑھ کہ ناک چڑھا کے بولی --

!!او یارا---

" اب تو ناراضگی ختم کرو اور ویسے بھی اب ایسی
ویسی حرکت کرنے کو دل مچل رہا ہے آج تو پھر ہماری
اسپیشل نائٹ ہے"۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ شوخ ہوا تھا مگر سوھا کے تو جیسے اوسان خطا کر گیا کچھ دیر قبل والی بولڈنس یکدم ہوا ہوئی تھی چہرہ حیاء کے خوبصورت رنگوں سے گلنار ہو چلا تھا ۔۔

دل سو کھے پتے کی مانند لرزا تھا۔

پلکوں کی چلمن گری تھی ۔ماتھے پہ سجی نورتن حیدرآبادی بنیاد مصطفی کو اپنی طرف کھینچ رہی تھی اس کا دل چاہا کہ وہ مزید گستاخ ہو جائے سوہا کے سجے سنورے سراپہ سے وہ نگاہ ہٹا نہیں پا رہا تھا یا شاید وہ ایسا چاہتابھی نہیں تھا۔۔۔

کتنی منتیں مانی تھیں اسنےسوہا کے حصول کےلئے ہر رات تہجد میں گڑگڑایا تھا ۔۔

خدا کے آگے سجدوں میں بکھرا تھا۔۔

نماز میں اس کنے رورو کر خدا تعالیٰ سے سوہا کا ساتھ طلب کیا تھا اسکی ہمسفری چاہی تھی ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنے رب سے کبھی روٹھاتھا تو کبھی اسکو گڑگڑاکہ منایا تھا۔

اور آج وہ بہت مسرور تھا بےحدخوش تھا بے شک اللہ رب العزت اپنے بندوں کو خالی ہاتھ نہیں لوٹاتا صرف مانگنے کا طریقہ آنا چاہیے ۔۔

وہ مان گیا تھا کہ واقعی سوہا کاخدا پہ پختہ ایمان اوریقین جیت گیا تھا ۔

اگر خدا نے اسکو کی قسمت میں لکھا تھا تو کوئی چاھ کر بھی اس کو قسمت کی لکیر سےمٹانے کی صلاہیت خود میں نہیں رکھتا تھا ۔۔۔

مصطفی کے حد درجہ محبت سے دیکھنے پر سوہا کے رخصار حیاء کی حدت سےتپ اٹھے ۔

ماضی میں جو بھی ہوا تھا دونوں اپنی اپنی جگہ حق بجانب تھے ۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماحول کی خوبصورتی اور نکاح کے خوبصورت بندھن میں بندھنے کے بعد جیسے دونوں ہی اپنے اندر نامعلوم سی سرشاری پھیلتی محسوس کر رہے تھے ۔خوشی اور طمانیت دونوں کے دلوں میں بکھرکہ گھر کر گئی تھی۔

واقعی محبت کو پالینے کی خوشی اور تمانیت و ہی محسوس کر سکتا ہے جس کی قسمت میں محبت اور اسکا حصول لکھا گیا ہو اور پھر جس نے اپنے خدا کے آگے محبت کی فریاد کی ہو ،نمازوں میں تڑپہ ہو ،گڑگڑایاہو توپھر اس مقام پہ آکہ محبت کا ملنا محبت کی لذّت ہی الگ ہوتی ہے اور اس وقت اللہ کی محبت اس کے بندے کے دل میں بھی قابل دید ہوتی ہے ...

مصطفی اس کے چہروں کو آنکھوں میں بسائے نرم گرم جذبات کی حدت لئے تکے چلا جارہا پھر بہت بے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساختہ اپنا ہاتھ بڑھا کر اس کے چہرے کے اک اک نقوش کو چھو کہ محسوس کررہا تھا۔ جیسے اسکے خوبصورت ساتھ کا بے یقینی سے یقین کرنا چاہ رہا تھا۔

"تم بہت پیاری لگ رہی ہو اور یہ میں نہیں میرا دل کہ رہا ہے ---"

"مم ---میں جاؤں تھک گئی ہو بہت---"

"نیند بھی ڈھیر ساری آ ٓرہی ہے---- "

مزید اس کے سامنے اس کی قربت میں رہنا سوہا کے لیے ناممکن تھا ---

"ہاں تو بس اب ہم دونوں سوئیں گے ہی ملکر ظاہر سی بات ہے ---"

سوہانےمصطفی کے کہنے پر جھٹ پر سکون سی ہوکہ پلکیں اٹھا کراس کو دیکھا مگر پھر زیادہ دیر اس کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آنکھوں میں نہ دیکھ سکی وجہ اسکے لبوں پہ رقصاں شوخ و شریرمسکراہٹ تھی وہ چہرے پہ بہت پیاری اور معنی خیز سی مسکراہٹ لیے اسی کو تک رہا تھا ۔۔

وہ سٹپٹائ اور گڑبڑاکہ دوبارہ نظریں جھکا لیں۔۔۔

" تمہاری یہ اٹھتی گرتی پلکے میرے ہوا سوں کو جھنجوڑ رہی ہیں۔ اس سے پہلے کہ میرا دل پھر سے بے ایمانی پہ اکسائے مجھے اور ایمانداری سے بے ایمانی کا مستحق ہوجاؤں چلو اٹھو شاباش آؤ دو نفل شکرانے کے ادا کرلیں پہلے۔ "۔

وہ مسکرایا اور سو ہا سےفاصلے پر ہو کے محبت بھری نظر ڈال کے وضو بنانے کی غرض سے واشروم کی طرف ہو لیا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" شکر میرے اللہ تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے تو نے مجھ گناہ گار کو اتنے پیارے انداز میں میری محبت سے نوازا ہے۔ "۔

" میں نے شدتِ غم میں تیری رضا کا مزہ ڈھونڈا ہے اب میں تاحیات بڑے مزے میں رہوں گی "..

واقعی میرے رب تجھ سے عشق میں ایک مقام وہ بھی آتا ہے جب دعا تو دور کی بات ہے انسان صرف سوچتا ہے اور تو نواز دیتا ہے بس تیرا بننے کے لیے تیرہ ہونا ضروری ہے ...

وہ سوچتے ہوئے مسکرا دی مصطفی کے وضو کرنے کے بعد خود بھی وضو کر کے شکرانے کے نوافل ادا کرنے جائے نماز پے جا کھڑی ہوئی ....

💞💞💞

ختم شد 🌱

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہوگا اپنی قیمتی رائے

سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے

اللہ آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
SITAMGAR KO HUM AZIZ| By Aymen Nouman(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/
fb.me/CrazyFansOfNovel